مخزن الاکسیر

مصنف

حکیم سید محمد علیم اللہ مرحوم و مغفور مرٹھی

مترجم

شمس الاطبا حکیم محمد حسین بدر شاہی طبیب

ستارہ سماج

ادارہ تحقیقات طبیہ ڈیرہ نواب صاحب

(بہاولپور ڈویژن)

قیمت پانچ روپیہ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

کتاب مستطاب تحفۂ بے نظیر

المسمّٰی بہ

مخزن الاکسیر

من تالیف و ترتیب

فاضل علوم جلی و خفاء راس العلماء والفضلاء

حکیم سید محمد علیم اللہ مرحوم و مغفور میرٹھی

ترجمہ و تحقیق

شمس الاطباء حکیم محمد حسین صاحب بدر ستارۂ سماج طبیب شاہی

دارالاشاعت و تحقیقات طبیہ

ڈیرہ نواب صاحب بہاولپور ڈویژن

افضل رقم

بار اول — ایک ہزار

قیمت — پانچ روپے

۱۹۶۵ء

پریس - عزیز المطابع بہاولپور

کتبہ :- محمد افضل خوشنویس بہاولپور
۱۹۶۵ء

حرفِ تمہید

خداوند بزرگ و برتر و صانع ہر خشک و تر کا بے حد و بے حد شکر ہے۔ کہ آج میں ایسی تالیف پیش کرنے کا فخر حاصل کر رہا ہوں جو آج سے تقریباً ایک سو سال قبل کے جواہرات بے مثل سے لبریز اور نادراتِ طبیہ سے معمور ہے۔ یہ پیش کش موجودہ ضروریاتِ طب اور فنی لٹریچر طب کی کمی کو مدنظر رکھتے ہوئے بصرفِ از کثیر منصۂ مشہود پر لانے کی جرأت کی گئی ہے۔ ابتداً یہ کتاب نہایت ادق فارسی زبان میں تصنیف ہونے کی وجہ سے اہل فن و عوام شائقین کی نظروں سے اوجھل رہی ہے۔ اب میں نے اس کو فارسی زبان سے آسان اُردو میں ترجمہ کر کے طبع کرایا ہے۔

اس سے پہلے میں نے چھ کتابیں مرتب کیں۔ یہ کتاب انہیں سے ساتویں تصنیف ہے۔ مقام شکر ہے۔ کہ میری سابقہ تالیف کو اہل فن اور عوام نے نہایت پسندیدہ نظر سے مطالعہ کے بعد مجھ ناچیز کی ہمت میں بے حد اضافہ فرمایا ہے۔ کتاب ہذا کی تالیف میں اصل مضمون و نسخہ جات کی اصلیت اور اس کو عام فہم بنانے پوری سعی کی گئی ہے۔ اور مشکل مقامات کی تشریح عام فہم عبارت سے کر دی گئی ہے۔ اظہار نسخہ جات میں فراخدلی کو کام میں لایا گیا ہے طباعت و کتابت اور کاغذ کے لحاظ سے بھی یہ تصنیف اپنے وقت کا شاہکار ثابت ہوگی۔ مجھے امید ہے۔ کہ اہل فن و عوام شائقین حضرات پہلے کی طرح میری اس حقیر سی تالیف کو قدر

و منزلت کی نگاہ سے ممتاز فرماتے ہوئے دعائے خیر دیں گے۔
اگر اس تالیف میں کہیں غلطی یا سہو ہو گیا ہو۔ تو اہل فن سے عرض ہے۔ کہ میری اس غلطی یا سہو پر نظر عفو کو مد نظر فرما کر مجھے آگاہ فرمائیں گے۔ تا کہ وہ کمی آئندہ اشاعت میں درست و صحیح کر دی جائے۔

خادم فن
حکیم محمد حسین بدر
۲۵ر اپریل سنہ ۱۹۶۵ء

مختصر حالات مسیح الزماں قبلہ حکیم سیّد محمد علیم اللہ صاحب مرحوم

آپ ۱۸۶۳ء کو قصبہ بہادر گڑھ ضلع میرٹھ یوپی میں پیدا ہوئے۔ آپ سادات بخاری میں سے ہیں۔ آپ کا خاندان طبابت، ان اعلیٰ طبّی خاندانوں میں شمار ہوتا تھا جن کا تمام ہندوستان میں شہرہ تھا۔ آپ کے جد امجد عالی مرتبت قبلہ حکیم سیّد شیر علی صاحب ۱۶۰۰ء میں شہنشاہ اکبر کے معالج خاص تھے۔ اور آپ کا شمار اسوقت کے فاضل اطباء میں ہوتا تھا۔ حکیم علی گیلانی جیسے فاضل طبیب نے اپنی بیاض خاص میں حکیم صاحب کے نسخوں کا حوالہ بھی دیا ہے۔ آپ کا خاندان مدینہ منورہ سے دہلی میں عہد مغلیہ میں ہی آیا تھا۔ اور دربار شاہانہ مغلیہ میں بڑی عزت پائی کچھ عرصہ کے بعد حکومت کی جانب سے حکیم صاحب (شیر علی صاحب) کو موضع پوٹھ عطا فرمایا گیا جو قطعی ہندو آبادی تھی۔ چونکہ آپ طبیب ہونے کے علاوہ ایک بڑے عبادت گزار بزرگ بھی تھے۔ اپنے وہاں کے لوگوں کو اپنے حسن کردار سے مشرف بہ اسلام فرمایا۔ جس کے بعد آپ قصبہ شاہجہانپور ضلع میرٹھ اپنے مریدوں کے اصرار پر رہائش پذیر ہوئے۔ جہاں ابھی تک آپ کے مکانات موجود ہیں۔ کچھ عرصہ کے بعد آپ کے پوتے حکیم سیّد محمد اعظم علی مرحوم کی شادی قصبہ بہادر گڈھ کے ایک معزز خاندان سادات میں ہوئی۔ جس کے بعد آپ کے مریدوں کے تکرار پر آپ کو بہادر گڈھ میں آباد ہونا پڑا۔ جو آپ کی جاگیر

موضع پوٹھ کے قریب ہے۔ بعد میں آپ کے خاندان کے چند زمیندار پیشہ افراد اسی شہر میں آباد ہیں۔

قبلہ حکیم سید محمد علیم اللہ مرحوم کے دو صاحبزادے ہیں۔ آپ اپنے زمانہ کے اعلیٰ طبیب اور ماہر معالج چشم تھے۔ ضلع بلند شہر ضلع میرٹھ۔ ضلع مظفر نگر اور ضلع سہارنپور میں آپ آنکھوں کے معالج کی حیثیت سے نمایاں شہرت کے حامل تھے۔ چند بار آپ کو مہاراجہ بادھوراؤ والئے ریاست گوالیار نے اپنے شاہی خاندان کے لئے مہمان خصوصی کی حیثیت سے مدعو کیا۔ اور گرانقدر عطیات سے نوازا۔ آپ چونکہ شیر کا شکار کھیلنے کے بے حد شوقین تھے۔ اسوجہ سے آپ کی حسب فرمائش ہز ہائینس نے کئی بار آپ کو اپنے ہمراہ شکار کھیلنے کا شرف بخشا اور ایک اعلیٰ قسم کی بندوق بھی عطا کی۔

۱۸۹۸ء تا ۱۹۵۲ء تک مہاراجہ دھولپور نے اپنے معالجہ کے لئے چند بار مدعو فرمایا اور معقول انعامات عطا فرمائے وہاں پر بھی آپ نے ہز ہائینس کے ہمراہ شکار کھیلا۔

آپ اپنے وقت کے مشہور طبیب ہونے کے علاوہ۔ عبادت گذار اور پابند وقت بزرگ بھی تھے۔ آپ نے اپنی طبی پیشہ کو کبھی ذریعہ معاش نہیں بنایا۔ آپ صرف مطب کرتے تھے۔ اور عوام کی خدمت کرتے تھے۔

آپ کے مریدوں کی تعداد ضلع مظفر نگر میں زیادہ تھی۔ اس وجہ سے آپ کو مستقل رہائیں اُن کے مجبور کرنے پر مظفر نگر

کے قریب ایک بڑے موضع میں کرنی پڑی ۱۹۲۸ء میں چونکہ آپ کے بڑے صاحبزادے پروفیسر حکیم سید بشیر احمد صاحب نے طبیہ کالج دہلی سے کامل طب والجراحت کی سند فراغت حاصل کر کے قصبہ میراں پور ضلع مظفر نگر میں مطب شروع کیا۔ اس لئے آپ آخری وقت میں اپنے بڑے بیٹے ہی کے پاس قیام پذیر ہوئے۔ اور مئی ۱۹۳۳ء کو بعمر ۷۸ سال بحالت نماز عصر چند یوم کی معمولی علالت کے بعد وفات پائی۔ آپ فارسی و عربی زبان کے عالم فاضل تھے۔ آپ نے چند کتب بھی فارسی زبان میں اپنے خاندانی و ذاتی طبی مجربات پر تحریر فرمائیں جو آج تک قلمی ہی ہیں۔

تصانیف ا۔ مخزن اکثیر۔

۲۔ بیاض خاص یہ کتاب حکیم صاحب کی تمام عمر کے تجربات کا نچوڑ ہے۔ حکیم صاحب نے بڑی محنت سے عربی فارسی کی سینکڑوں کتابوں سے مدد لے کر بہترین نسخے منتخب کر کے اس کتاب میں درج کیے ہیں۔ اس کتاب کے ہوتے ہوئے میرے خیال میں ایلوپیتھی کی ادویات یا ٹیکوں کی ضرورت محسوس نہیں ہوگی۔

یہ کتاب بھی اردو ترجمہ کی شکل میں ادارہ تحقیقات طبیہ ڈیرہ نواب صاحب کی جانب سے شائع ہو رہی ہے۔

۳۔ رسالہ باہ فاضل حکیم نے اس رسالے میں بھی تمام امراض مخصوصہ مرداں پر خوب روشنی ڈالی ہے۔ یہ کتاب بھی فارسی زبان میں لکھی گئی۔ جس کا اصلی نسخہ قلمی ادارہ تحقیقات کی لائبریری میں محفوظ ہے۔

فہرست امراض

شمس الاطبا حکیم محمد حسین بدر ستارہ سماج طبیب شاہی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

باب اوّل

(سر کے امراض)

برائے دردسر

نسخہ:۔ ایک لیموں لے کر پیشانی پر ملیں۔ تو شدت دردسر کم ہو کر درفع ہو جاتا ہے۔

فوائد:۔ دردسر کے لئے نافع ہے۔

برائے دردسر

نسخہ:۔ پیارونگا (جو ایک مشہور جڑ ہے) گلاب میں پیس کر پیشانی پر لیپ کریں۔

فوائد:۔ دردسر فوراً ساکت ہو۔ دردسر کے لئے مفید ہے

لخلخہ برائے درد صفراوی

نسخہ:۔ افیون۔ زعفران۔ ہر ایک ۳ ½ ماشہ۔ روغن تخم کاہو ۲ ماشہ۔ عرق بید مشک۔ عرق نیلوفر ہر ایک، ایک تولہ ۱۱ ماشہ میں حل کر کے شیشی میں بھر لیں اور ہر وقت سونگھتے رہیں۔

فوائد:۔ صداع احتراقی جس میں بے خوابی بھی ہو مفید ہے

قرص مثلث:۔ نسخہ:۔ لادن۔ افیون۔ مرکی۔ اجوائن خراسانی

پوست لفاح ہر ایک ۷-۱ ۱/۲ ماشہ کافور۔ زعفران ہر ایک ۰-۱ ۱/۲ ماشہ آملہ۔ گل ارمنی۔ انزروت ہر ایک ۷-۱ ۱/۲ ماشہ کوٹ چھان کر شیرہ تخم کاہو اور گلاب ملا کر تکونہ ٹکیاں بنائیں۔ ضرورت کے وقت پانی میں پیس کر لگائیں۔

فوائد:۔ یہ قرص صداع ریحی میں بھی مفید ہے۔

طریقہ استعمال: سر اور پیشانی پر لیپ کریں۔

درد سر بلغمی

نسخہ:۔ اسطوخودوس۔ سونف۔ بیج بادیاں۔ بادرنجبویہ ہر ایک ۷ ماشہ۔ انیسوں۔ رگ گاؤزباں ہر ایک ۳ ۱/۲ ماشہ۔ رات کو مکوہ کے عرق میں بھگو کر صبح کو گلقند عسلی ۲ ۱/۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ چار روز کے بعد اسی نسخہ میں مغز املتاس۔ ترنجبین ہر ایک ۵ تولہ ۳ ماشہ۔ بسفائج فستقی ۷ ماشہ۔ تربد مجوف۔ سونٹھ۔ حب النیل پسی ہوئی ہر ایک ۳ ۱/۲ ماشہ روغن بادام اضافہ کر کے مسہل دیں۔ چوتھے اور پانچویں مسہل میں آخر شب کے وقت ۷ ماشہ ایارج عرق مکو نیم گرم کے ساتھ کھائیں۔ اور صبح مسہل دیں۔

عصابہ

نسخہ حب:۔ سوت کابلی بڑ۔ غاریقون صبر ایلوا بموزن گولیاں بنائیں۔

خوراک:۔ صبح شام ایک یا دو گولی ہمراہ آب۔

فوائد:۔ ٹھنڈ درد سر کو مفید ہے۔

حب افتیمون

نسخہ:۔ افتیمون ۔ بلبلہ سیاہ ۔ غاریقون ۔ مغز بل سفید ہر ایک ۱۶ جو ۔ نمک سیاہ ۔ بسفائج فتقی ۔ خربق سیاہ۔ ہر ایک ۸ جو کوٹ پیس چھان کر روغن بادام میں چرب کرکے پانی میں گولیاں بنائیں ۔ یہ سب ایک خوراک ہیں۔

فوائد:۔ دردسر سوداوی اور ہر قسم کی سوداوی بیماری میں مفید ہے۔

باب دوسرا دماغ کے امراض

برائے صرع (مرگی)

نسخہ:۔ خون کچھوا دریائی جو کے آٹے اور شہد میں ملاکر حب برابر نخود کے بنائیں۔ ایک حب صبح و ایک حب بوقت شام مرگی والے کو کھلائیں۔

فوائد:۔ ازالہ مرگی کے لئے بے حد موثر و عجیب ہے۔

برائے مرگی

نسخہ:۔ متواتر تین روز تک گوشت تین گلہری کا کھلائیں۔

فوائد:۔ دافع مرگی ہے۔

برائے مرگی عجیب النفع

نسخہ:۔ بانات سلطانی۔ خانۂ کرم درخت کیکر ہر دو ادویہ کو عرق انیس قند میں تین روز تک کھرل کریں۔ تاکہ ناسوار تیار ہو جائے۔ ہاون دستہ لوہے کا ہونا چاہیئے۔ متواتر تین روز مریض کو بطور ناسوار کے استعمال کرائیں۔

فوائد:۔ مرگی کو دافع کرنے میں عجائبات سے ہیں۔

حب عنبر مقوی دماغ و اعضائے رئیسہ

نسخہ:۔ پنیر مایہ شتر اعرابی ۱۰½ ماشہ۔ مشک۔ مصطگی لونگ ہر ایک ۲½ ماشہ۔ عنبر اشہب۔ خصیۃ الثعلب۔ خولنجاں ہر ایک ۷ ماشہ کوٹ پیس کر بقدر خندق گولیاں بنائیں۔ اور ہر روز ایک گولی استعمال کریں۔ اور اس کے ہمراہ دودھ تازہ یا پانی تیرہ تیزک یا پانی نخود خام پلائیں۔ ان گولیوں میں سے نیم مثقال (پونے دو ماشہ) استعمال کر سکتے ہیں۔ اور مرطوب مزاج کے لئے اس سے زائد بھی جائز ہے۔

فوائد:۔ مقوی دماغ و اعضائے رئیسہ اور معطر دہن (یعنی) اور نعوظ کے لئے بے مثل ہے۔ چھ ساعت کے بعد نعوظ لاتے۔ اس کا منہ میں رکھنا دائمی نعوظ لاتا ہے۔

خمیرہ برائے ضعف دماغ

نسخہ:۔ خشخاش۔ پستہ۔ مغز بادام۔ مغز کدو۔ مغز خربزہ ہر ایک بوزن مساوی کوٹ پیس کر شیرہ حاصل

کریں۔ اور بقدر ذائقہ شکر ملا کر گھی گاؤ سے بگھار لگا کر نوش کرائیں۔ اگر سبب ضعف خشکی سے ہو۔ تو پستہ مال کنگنی ہموزن لے کر روغن (تیل) نکال لیں اور سر پر مالش کریں۔

برائے مرگی

نسخہ:۔ خون کچھوا دریائی۔ جَو کے آٹا میں ملا کر حب بقدر مرچ سیاہ بنا کر تیار رکھیں۔ اور مصا حب صرع کو صبح ایک گولی و شام کو ایک گولی کھلائیں۔

فوائد:۔ مرگی کے لئے عجیب الفعل ہے۔

علاج مرگی

نسخہ:۔ مستی فیل (ہاتھی) روئی میں تر کر کے ناک دونوں نتھنوں میں۔ تین چار قطرے ٹپکائیں۔ چھینک آکر فوراً کیڑے مصروع کے دماغ سے گر جائیں گے۔

فوائد۔ مرگی کے دفع کرنے میں بے حد مؤثر ہے۔

برائے مرگی

نسخہ:۔ گوبر بچھڑا اگائے جو پیدائش کے بعد پہلے ہی کی ہو۔ وہی گوبر خشک کر کے رکھیں۔ اور اس کے برابر میل کان ہاتھی ملا کر پیسیں اور بوقت دورہ مصاحب صرع کہ بے ہوش ہو۔ اس کے ناک میں پھونکیں۔ چھینکیں آکر کیڑے خارج ہو جائیں گے۔

برائے گرم دماغ:۔ نسخہ:۔ پھٹکری سرخ پسی ہوئی

حقہ کی نڑی سے ناک میں پھونکیں۔
فوائد:۔ دماغ سے کیڑے خارج ہو جائیں گے۔

باب تیسرا

(آنکھوں کے امراض)

سرمہ برائے دافع دھند۔ نزول الما۔ دافع عادت عینک
نسخہ:۔ زنگ لوہا ایک تولہ۔ مارقشیشا ذھبی ۱ تولہ۔
سرمہ ۳ تولہ۔ عرق گلاب۔ نصف پاؤ میں تین روز خوب
کھرل کرکے سرمہ تیار کریں۔
فوائد:۔ امراض چشم کے لئے بے حد مفید ہے۔
فوائد مارقشیشا ذھبی
تدبیر و اصلاح۔ مارقشیشا کو عرق لیموں (نمبو) میں خوب
حل کرکے چھوٹی چھوٹی گولیاں بنا کر ایک مٹی کے برتن میں گل
حکمت کرکے ایک ہفتہ تک آگ میں رکھیں۔ اسی طریق پر
پانچ مرتبہ آگ دیں۔ سرخ رنگ استعمال کے قابل ہو جائے
گا۔ معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ مارقشیشا آخیر دوسرے درجہ میں
گرم و خشک ہے۔ اور درجہ سوم میں ہی خشک ہے۔ اکثر

اعضا کے لئے مضر ہے ۔ اور بوجہ زہری اثرات کے اس
کا کھانا جائز نہیں ۔ اس کا مصلح سرد تر چیزیں روغنیات
و مُربہ جات ہیں ۔ اندازہ خوراک اس کا جو جلا ہُوا ہو ۔
اور دھو کر صاف کیا گیا ہو ۔ صرف بقدر دو جو کے ہے ۔
اس کا سرمہ مُجلا و مقوی بصر ہے ۔ اور اس کا طلاء کرنا
ہمراہ درینج سخت ورموں کو تحلیل کرنا ۔ اور زخموں کو
بھر لاتا ہے ۔ اور ہڑتال کے ہمراہ گوشت زائد کو کاٹتا ہے
اور سرکہ کے ساتھ برص و بہق کو سود مند ہے ۔ جلا ہُوا
اور دھویا ہُوا ۔ نہایت لطیف ہو جاتا ہے ۔ اور حرارت
بھی کم ہو جاتی ہے ۔ استسقا اور بواسیر کو مفید ہے ۔

برائے جالہ و دھند و ناخنہ

نسخہ :۔ چینی سفید و شفاف کو خوب کھرل کر کے سرمہ
حسب ضرورت ملا کر استعمال کریں ۔

فوائد :۔ جالہ و دھند و ناخنہ کے لئے مفید ہے ۔

برائے ناخونہ

نسخہ :۔ بلغمی خوب کھرل کر کے باریک کر لیں ۔ اور
آنکھوں میں ڈالیں ۔

فوائد :۔ دافع گوشت زائد و ناخونہ ہے ۔

برائے موتیابند

نسخہ ۔ ایک عدد سانپ از قسم سیاہ کے منہ میں سنگ
بصری سے ایک سلائی بنا کر رکھدیں ۔ سانپ کے پیٹ میں سے

آلائش دور کر کے اس کو دودھ میں پکائیں۔ کہ دودھ پختہ ہو کر جمانے کے قابل ہو۔ اس کے بعد اس دودھ سے مکھن نکال کر رکھیں۔ پھر اس مکھن کو تھوڑے سے چراغ میں جلا کر سیاہی (مانند کاجل) حاصل کریں۔ پھر وہی سیاہی کاجل مکھن متذکرہ میں ملا کر ہمراہ سلائی سنگ بصری مدبر مذکورہ آنکھوں میں لگائیں

فوائد:۔ موتیا بند کے لئے بے حد مفید ہے۔

برائے سرخی چشم

نسخہ: پھٹکڑی سفید بریان۔ زرد چوب۔ افیون۔ گھیکوار کوکنار (پوست افیون) املی۔ ناسپال (پوست انار) تمام کو کپڑے کی ٹاکی میں باندھ کر پوٹلی بنائیں۔

فوائد:۔ سرخی چشم جو ضربہ کے باعث ہو اس کے لئے مؤثر ہے۔

اسرار مکنونہ

نسخہ، بلی سیاہ کا پتہ۔ خارپشت کی دونوں آنکھیں لے کر جوش دیں۔ اور بطور سرمہ کے اجزا مناسب کے ہمراہ قوت باصرہ کے متعلق استعمال کریں۔

فوائد:۔ رات کے وقت دن کے موافق نظر آئے گا۔

ایضاً من الاسرار

نسخہ:۔ بھیڑیئے کی دونوں آنکھیں بند لے کر اگر بطور کحل استعمال کریں۔ فوائد:۔ اس سے تمام ارواح نظر آئیں گے۔

آشوب چشم

نسخہ:۔ رسوت ایک تولہ۔ افیون ۴ رتی۔ پھٹکڑی ۲ ماشہ۔ لودھ پٹھانی ۲ ماشہ۔ نوشادر ایک ماشہ۔ طوطیا ½ رتی۔ تمام ادویہ کو عرق لیموں یا لعاب کھیکوار یا پانی صاف مقطر میں کھرل کر کے یا عرق برگ انار میں کھرل کر کے لیپ کریں۔

فوائد۔ درد چشم کے لئے بے حد نافع ہے۔

نزول الماء

نسخہ:۔ ریٹھا کا سرمہ بنا کر لگائیں۔

فوائد:۔ آنکھوں سے پانی اترنے کو بے حد مفید ہے۔

برائے درد چشم

نسخہ:۔ پیا رونگا۔ زرد چوب کے ہمراہ پیس کر لیپ کریں۔

فوائد:۔ آنکھوں کے درد کو نافع ہے۔

باب چہارم

(کانوں کے امراض)

برائے درد کان

نسخہ:۔ نکور۔ گل بنفشہ ۶ ماشہ۔ رسوت ہندی ۴ ماشہ

برگ شفتالو ایک تولہ۔ برگ نیب ۶ ماشہ۔ گل بابونہ خشک ۴ ماشہ
تازہ پانی میں جوش دیں۔ اور اس کے بخارات کان میں پہنچائیں
اور تفل (پھوگ) تیل میں ملا کر کان میں نیم گرم ٹپکائیں۔

فوائد:۔ درد کان کے لئے بے حد نافع ہے۔

درد کان

نسخہ:۔ تخم ریحان کو تیل میں جوش دے کر کان میں
ڈالیں۔

فوائد:۔ درد پیپ و خون آنے کو بند کرے۔

درد کان

نسخہ:۔ بورہ ارمنی درد کو دفع کرتا ہے۔ درد کان
کے لئے مفید ہے۔

درد کان

نسخہ:۔ پوست بیخ سوہانجنہ پانی میں پیس کر کان
میں ٹپکائیں۔ اور زخم پر چھڑکیں۔

فوائد:۔ زخم و پیپ و کرم کان کو دفع کرتا ہے۔

درد کان

نسخہ:۔ عرق برگ نیب کان میں قطرہ قطرہ۔
ڈالنا دافع پیپ ہے۔

قطور طنین گوش

نسخہ:۔ پتہ گائے روغن گل کے ساتھ کان میں
قطرہ قطرہ ٹپکائیں۔

فوائد :۔ طنین گوش (کانوں میں سرسراہٹ اور بجنے) کے لئے نافع ہے۔

قطور طنین گوش

نسخہ :۔ سرکہ جوش دے کر اس کا بخار (یعنی بھاپ) لینا نافع۔

فوائد :۔ بہراپن اور کانوں کی سرسراہٹ کو نافع ہے۔

برائے کرم گوش

نسخہ :۔ شفتالو کا پانی کان میں ٹپکائیں۔ ایسے ہی سرکہ ٹپکانا۔

فوائد :۔ کانوں میں سے کیڑے خارج کرنے میں مؤثر ہے

درد گوش جو سردی سے ہو۔

نسخہ :۔ برگ آک تازہ آگ پہ قدرے گرم کر کے اور گھی گائے میں تر کر کے عرق نچوڑ کر قطرہ قطرہ نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

نسخہ :۔ لہسن کو کوٹ کر آک کے پتوں کے درمیان رکھ کر (لپیٹ) کر گرم کر کے بدستور سابق گرم گرم کان میں ٹپکائیں۔ زیادہ قوی ہے۔

فوائد :۔ سردی سے درد گوش اور پیپ کا پڑ جانے کو نافع ہے۔

کری گوش

نسخہ :۔ شیاف کری گوش :۔ جوکھار۔ برگ درخت غار

جند بیدستر۔ ہر ایک ۶ ماشہ۔ رائی۔ انجیر یک تولہ۔ شراب خالص اسقدر کہ دواؤں کے اوپر آجائے۔ تمام دواؤں کو شراب میں جوش دیں۔ کہ منجمد ہوں۔ پھر قتاقے بناکر کانومیں رکھیں۔

فوائد:۔ کری گوش (بہراپن) کے لئے بے حد نافع ہے۔

بہراپن

نسخہ:۔ دونا مروا۔ رائی۔ سداب۔ گودہ تمہ۔ بوزن برابر پتہ گائے میں شیاف تیار کریں۔ روغن بادام کڑوے میں پیس کر کانومیں ٹپکائیں۔

بہراپن

نسخہ:۔ گودہ تمہ۔ افسنتین کا نچوڑ۔ جند بیدستر۔ زراوند گول ہر ایک پونے دو ماشہ۔ جوکھار ½-۱ ماشہ۔ لغظ (قسمے از تیل) ۷ ماشہ۔ فرفیون ۴ رتی (½ ۱ چاول) کوٹ پیس کر شیاف تیار کریں۔ بوقت ضرورت پتہ گاؤ میں پیس کر اور روغن بادام ملاکر کان میں ٹپکائیں۔

فوائد:۔ کری گوش (بہراپن) کے لئے نافع ہے۔

باب پانچواں

(ناک کے امراض)

بحسر الانف (ناک کی خارش)

نسخہ:۔ جر زرد ۲ ماشہ۔ برگ شفتالو سوختہ ۴ ماشہ۔ گیلہ ۴ ماشہ۔ برگ تمباکو ۶ ماشہ باریک شدہ روغن کدو شیریں ۴ ماشہ ملا کر سنگھائیں۔

فوائد:۔ بحر الانف (ناک کی خارش) کے لئے مفید ہے۔ ناک کے کیڑے خارج کرتا ہے۔

ناک کی خارش

نسخہ:۔ خاک برگ تمباکو۔ روغن کدو۔ و روغن کاہو۔ روغن بادام ہر ایک دو ماشہ ملا کر سعوط ناک میں چڑھائیں۔

فوائد:۔ ناک کی خارش کے لئے مفید ہے۔

رعاف (نکسیر)

نسخہ۔ غبار آسیا (چکی کی گرد) دھنیا سبز کے پانی میں پیس کر پیشانی پر طلا کریں۔

فوائد:۔ دافع نکسیر ہے۔

رُعاف (نکسیر)

نسخہ:۔ لید خرناک میں ٹپکائیں۔ خون مینڈک جلے ہوئے کی خاکستر ناک میں چڑھائیں۔

فوائد۔ نکسیر کو بند کرتی ہے۔

بطلان شم

نسخہ:۔ شونیز۔ پتہ کلنگ۔ گودہ تمہ۔ کٹکی سفید ہر ایک ایک لسویہ۔ بقدر غلولہ شور کے برابر بنا کر رکھیں۔ ایک غلولہ روغن سوسن میں پیس کر سعوط کریں۔ اگر اس سعوط سے درد ہو جائے تو روغن گل اس پر سعوط (ناس) کریں۔ اور گرم پانی سر پر دھاریں۔

فوائد۔ سننے کی قوت کی بحالی کے لئے عمدہ ہے۔

سعوط

نسخہ:۔ جند بیدستر۔ ہمیشہ ناک میں ٹپکائیں۔ اگر اس کے برخلاف ہو۔ تو مشک ہمیشہ ناک میں کھینچیں

فوائد:۔ جس شخص کو بدبوئے تو معلوم ہو۔ اور خوشبو معلوم نہ دے۔ اس کے لئے مجرب ہے۔

سعوط دافع بدبو ناک

نسخہ۔ کمیز حمار (پیشاب خر) ناک میں ٹپکائیں

فوائد۔ ناک کی بدبو کو دفع کرے

نسخہ:۔ مرصافی۔ پوست انار ترش ہر ایک ۱۶ ماشہ چرائیتہ۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ۱½ ماشہ۔ پھٹکڑی۔ لونگ

ہر ایک تین ماشہ کوٹ پیس کر فتیلہ (بتی) شراب سے تر کر کے
اور دواؤں میں لپیٹ کر ناک میں رکھیں۔
فوائد:۔ناک کی بدبو کو دفع کرے۔

باب ششم

امراض۔ دہن ولسان ومسوڑہ۔ لب واسنان

برائے درد اسنان

نسخہ:۔ طباشیر۔ دم الاخوین۔ بزرالورد (تخم گل زرد)
کوٹ پیس کر دانتوں پر ملیں۔
فوائد:۔ دانتوں کے درد کے لئے نافع ہے۔

برائے نفخ گلو

نسخہ:۔ سلیخہ تازہ۔ مرچ سیاہ۔ مٹھی مٹھی چونہ۔ کوٹ
پیس کر لیپ کریں۔
فوائد:۔ اماس ونفخ گلے کے لئے نافع ہے۔

برائے درد دندان

نسخہ:۔ پیاز انڈگا۔ نمک۔ ہینگ۔ تماکو اور لکڑی
مدار (آک) کے ساتھ پیس کر بطور منجن دانتوں پر لگائیں۔

فوائد :۔ دانتوں کے درد کو بے حد مفید ہے۔

منجن برائے صفائی دندان

نسخہ :۔ سنگجراحت ۲ تولہ۔ سونٹھ ایک تولہ۔ نوشادر ۳ ماشہ زیرہ سفید ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ کتھہ سفید ایک تولہ۔ طوطیا بریان ۳ ماشہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ کوٹ پیس منجن بنائیں۔

فوائد :۔ ضرورتاً دانتوں پر ملیں۔ دانتوں کو صاف کر اور پیپ دفع کرے۔

برائے بدبو دہن۔ درد و جنبش دندان

نسخہ :۔ کتھا سفید ایک تولہ۔ پھٹکڑی سفید ۶ ماشہ۔ مازو سبز ۶ ماشہ تینوں کو جوکوب کر کے نصف سیر پانی میں جوش دیں۔ تاکہ نصف رہ جائے۔ اس سے غرغرے کرائیں۔

فوائد :۔ منہ سے بدبو دفع کرے۔ دانتوں کے درد۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرے اور دانتوں سے خون آنے کو بے حد نافع ہے

برائے بدبو دہن و درد دانت

نسخہ :۔ پھٹکڑی سفید ۳ ماشہ۔ چھال انا دونوں قسم ۳ ماشہ پانی ایک سیر میں جوش دیں اور غرغرے کرائیں۔ اور پوست ترنج دانتوں پر ملنا بھی بے حد نافع ہے۔

برائے درد و جنبش دندان

نسخہ :۔ مجیٹھ ایک بہلولی۔ کتھہ ۳ ماشہ۔ پوست آملہ نیم بہلولی۔ شنگرف ایک ماشہ۔ مصطگی ایک ماشہ پیس کر بطور

مسی استعمال کریں۔ تین یوم میں فائدہ ہوگا۔ ایسے ہی تھوڑا سا عقرقرحا سرکہ میں رات کو ملا کر رکھ دیں۔ صبح کو صاف کر کے نیم گرم غرغرے کرائیں۔

فوائد:۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو مستحکم کرے۔

بخور برائے درد دندان

نسخہ:۔ پوست خشخاش۔ مکو۔ گل بابونہ۔ تینوں کو جوش دیں۔ اور سر کو اُن کا بخار (بھاپ) پہونچائیں۔ تاکہ پیشانی پر پسینہ آجائے۔

فوائد:۔ دردسر و دندان و مواد کو رفع کر کے شفا دے

کرم دندان

نسخہ:۔ بائے بڑنگ کو دانتوں کے نیچے رکھیں۔

فوائد:۔ دانتوں کے کیڑے خارج کرنے میں مؤثر ہے۔

منجن دافع درد دندان

نسخہ:۔ پھٹکڑی۔ پودینہ خشک برابر پیس کر منجن بنائیں رات کے وقت ایک انگلی پر لے کر دانتوں پر ملیں اور ایک پان کھا کر سو جائیں۔

فوائد:۔ دافع درد دندان و خون وپیپ آنے کو روکے اور مسوڑوں کو مضبوط کرے۔

برائے متحرک اسنان

نسخہ:۔ پھٹکڑی نصف پاؤ۔ افیون ۳ ماشہ۔ طوطیا ۳ ماشہ بریان۔ اول پھٹکڑی کو آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے۔ اس میں

طوطیا پیس کر ملائیں اور باریک کر کے رکھیں سو جانے کے وقت استعمال کریں۔

فوائد:۔ ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرے۔ مجرب ہے۔

برائے درد دندان

نسخہ:۔ کاسٹک ۲ سرخ کو پونے ۲ تولہ گلاب میں حل کر کے پھایہ کے ذریعہ مقام درد تک پہونچائیں۔

فوائد:۔ مانع خون و گوشت خورہ ہے۔ مردار گوشت کو رفع کرے۔

برائے درد دندان جن میں سوراخ ہو۔

نسخہ:۔ اجوائین خراسانی۔ تخم گندنا۔ موم ہر ایک ہموزن ملا کر آگ پر رکھیں اور دھواں سوراخ میں بذریعہ نیچہ پہونچائیں۔

فوائد:۔ درد دانت جو بوجہ سوراخ کیڑا ہو کے لئے مفید ہے۔

نسخہ:۔ مصالح کہنہ آئینہ تھوڑا سا لے کر تھوڑے سے افیون میں ملا کر دونوں کو خوب کوٹ کر نرم کریں۔ بعدہٗ دندان سوراخدار میں رکھیں۔

فوائد:۔ درد دانت جو کیڑوں کے سوراخ سے ہو۔ اس کے لئے مفید ہے۔

برائے درد و بلے حسی دندان

نسخہ:۔ سماق۔ تخم خرفہ و بادام و نارجیل۔ فندق و خمیر نان گرم کا چبانا و مضمضہ دودھ عورت دختر والی سے کرنا۔

فوائد :۔ درد و بے حسی دندان بوجہ استعمال ترش بار ہا مجرب

دافع کرم دندان

نسخہ :۔ ایک لکڑی درخت کنیر لے کر ایک طرف۔ دانتوں پر رکھیں ۔ جہاں درد ہو۔ اور دوسرا سرا لکڑی کا آگ پر رکھیں۔ تاکہ اس کا دھواں دانتوں تک پہنچے۔

فوائد :۔ دانتوں کے کیڑے خارج کرے۔

بخور برائے درد دندان

نسخہ :۔ تخم گندنا کوٹ کر قطران (قسم از تیل) ملا کر آگ پر رکھیں ۔ اور اس کا دھواں درد کی جگہ دانتوں میں پہونچائیں

فوائد :۔ دانتوں کے کیڑے نکالتا ہے ۔ درد کے لئے مؤثر ہے۔

ایضاً برائے کرم دندان

نسخہ :۔ تخم گندنا۔ تخم پیاز برابر لے کر آگ پر رکھیں۔ اور دھواں پہونچائیں۔

فوائد :۔ دافع کرم (کیڑے) دندان ہے۔ ایسے ہی اجوائین خراسانی و سلارس باریک پیس کر غلولہ بنائیں ۔ اور اس میں سے لے کر اس کا دھواں پہونچائیں

فوائد :۔ دانتوں کے کیڑے دفع کرتا ہے۔

برائے کرم و درد دندان

نسخہ :۔ تخم حنظل ۔ تخم پیاز ۔ ہرمل ۔ برگ سداب راٹی ۔ عاقرقرحا ۔ سم تخر ۔ ہرایک تنہا ، یا مرکب آگ پر ڈال کر

بذریعہ نلکی لکڑی کنیر اس کا دھواں دانتوں تک پہونچائیں۔

مضمضہ برائے درد دندان

نسخہ:۔ گلنار۔ پوست۔ خشخاش۔ صندل سرخ سپاری۔ مائیں کلاں۔ جوزالسرو۔ برگ مورد۔ برگ حنا۔ برگ نکو خشک۔ دھنیا خشک۔ چھال انار۔ اجوائن خراسانی گل سرخ ہر ایک ۴½ ماشہ پانی میں جوش دے کر اور صاف کر کے مضمضہ اس جوشاندہ سے کریں۔

فوائد:۔ دانتوں کے درد کے لئے لاجواب ہے۔

ایضاً۔ مضمضہ

نسخہ:۔ کٹکی سیاہ۔ عاقرقرحا۔ پھٹکری۔ نیمکوب کر کے اور سرکہ میں ملا کر جوش دیں۔ مطبوخ لے کر مضمضہ کریں

فوائد:۔ دانتوں کے درد کے لئے نافع ہے۔

منجن عمدہ

نسخہ:۔ نوشادر ۶ ماشہ۔ مصطگی ایک تولہ۔ جوزبویہ ایک تولہ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ۔ گل خراطین ۲ تولہ۔ تمام ادویہ کو پیس کر اور کپڑے سے چھان کر سنون (منجن) بنائیں۔ ہر روز دو تین مرتبہ دانتوں پر خوب ملیں۔

فوائد:۔ نافع درد کرم و صفائی دندان۔ بادی۔ ودام للثہ ہلتے ہوئے دانتوں کو بے حد نافع ہے۔

درد برائے زخم رخسارہ و پیشانی

نسخہ:۔ مردار سنگ مغسول۔ بیج نئے کہنہ۔

آرد باقلا۔ نخود۔ چاول۔ ہڈیاں بوسیدہ جلی ہوئی۔ مغز تخم خربزہ تخم بان۔ قسط بوزن برابر کوٹ پیس کر لعاب پتھی و لعاب تخم السی سے تر کر کے رات کے وقت رخسارہ و بشرہ پر مالش کریں۔ اور اور صبح کو چھان و پانی کے ساتھ دھولیں۔

فوائد:۔ نشان آبلہ و زخموں رخسارہ کو دفع کرنے میں مخصوص ہے۔

ایضاً برائے داغ ہائے رخسارہ و بشرہ

نسخہ:۔ ایرسا۔ قسط۔ مردار سنگ شستہ ینشاخ بارہ سنگا سوختہ۔ بورہ ارمنی۔ اشق۔ بوزن برابر کوٹ پیس کر جو کے پانی سے تر کر کے رات کے وقت ملیں۔ صبح کو دھو ڈالیں۔

فوائد:۔ داغ ہائے رخسارہ و پیشانی کا دافع ہے۔

باب ساتواں

(گلے کے امراض)

علاج قے مفرط

نسخہ:۔ سات عدد پان قدرے مقوم ملا کر اور

اور گرم کر کے پیس لیں - اور کھلائیں - اسی طرح چھال درخت پیپل پانی میں بھگو کر قدرے تھوڑا تھوڑا بھی پلائیں -

فوائد :- دافع قے مؤثر علاج ہے -

علاج جھولہ

نسخہ :- مغز تخم بید انجیر ایک سیر - شکر سفید ایک سیر - دودھ گائے ۵ سیر - مغز بید کو دودھ میں پکائیں اس کے شکر ملا کر چمچہ پھرائیں - اور سرد کر لیں -

خوراک :- ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام کھلائیں -

فوائد :- جس مریض کے ہاتھ پاؤں پہ جھولہ ہو اس کے لئے بے حد نافع ہے -

برائے خنازیر (کنٹھ مالا)

نسخہ :- استخوان سوختہ خرگوش لیپ تیار کر کے لگائیں

فوائد :- خنازیر (ہجیراں) کے لئے بے حد نافع ہے -

برائے فالج

نسخہ :- بچھاگ تیلیہ پیس کر بغیر پانی ملائے مفلوج کے پیٹھ کے مہروں پر مالش کریں - اگر دہی میں ملا کر مالش کریں تو بھی جائز ہے -

فوائد :- فالج زدہ کے لئے مفید ہے -

خنازیر

نسخہ :- گورستانی چوہا کو خشک کر کے چار حصہ اس سے زائد تیل تل اور چار حصہ تیل سے زائد پانی ڈال کر جوش

دیں - تاکہ صرف تیل رہ جائے - کپڑے کی ٹاکی اس میں تر کر کے
ناسوروں پر لیپ کریں - ایسا ہی - رتنکان (حبہ سرخ) دلیا کر
کے پیشاب مادہ گاؤ میں پیس کر خنازیر پر طلا کریں -
فوائد :- خنازیر کا دافع بے حد مؤثر ہے -

برائے فالج

نسخہ :-
بچھناگ حسب ضرورت پشت پر مالش کرنا بے حد نافع ہے

علاج بد و خنازیر

نسخہ :- سفوف طوطیا ۴ ماشہ خنازیر و بد پر رکھ
کر اس کے اوپر پیسہ تانبہ باندھیں اور شام کے وقت کھول کر
پھر دوبارہ عمل کریں - تین روز میں اگر پختہ ہو کر آبلہ ہو جائے
تو انگلی سے زور دے کر اس کا تخم (مواد پختہ) نکال دیں -
فوائد :- بد و خنازیر جو ابھی تک پھٹ نہ گیا ہو - اور
ابھی شروع ہوا ہو - اس کے لئے بے حد نافع مجربات سے ہے

علاج خناق

نسخہ :- برگ شہتوت ۴ عدد - کوکنار مسلم ۴ عدد
اسپند سوختنی ایک تولہ - مسور مسلم ۲ تولہ - آب خالص دو
سیر جوش دے کر اڑائیں - حتےٰ کہ نصف پانی رہ جائے
اس سے غرغرہ کریں - اگر جونک خشک کو پیس کر اور شہد
میں ملا کر لعوق کرائیں - محلل ورام خناق ہے -
فوائد :- خناق جو منہ کے اندرونی حصہ گلو میں پیدا

ہوتا ہے۔ اس میں اوّل فصد سرد کرائیں۔ بعدہٗ غرغرہ مذکور عمل میں لائیں۔ بے حد مفید ہے۔

معجون برائے فالج

نسخہ:۔ جوزہ۔ لونگ۔ الائچی خورد۔ تیز پات آملہ خشک۔ بالچھڑ ہموزن پیس کر دو چند شہد کا قوام کرکے سفوف باقی ادویہ کا شامل کرکے معجون بنائیں۔ بوقت علے الصباح بقدر ۶ ماشہ کھلائیں۔

فوائد:۔ دافع فالج و قولنج و درد چشم و درد دندان و بواسیر خونی و بادی و مقوی باہ بے عدیل ہے۔

باب آٹھواں

امراض سینہ

علاج سوہوان

نسخہ:۔ سنا مکی سفید۔ بیخ گگروندہ۔ تخم مولی سہاگہ چوکیہ خام ہموزن آب (پانی) سے پیس کر لیپ کریں تین چار روز لگاتار یہ علاج کریں۔ اسی طرح تخم ترب پانی میں پیس کر لیپ کرکے دھوپ میں بٹھائیں۔ ایک

ہفتہ تک یہ عمل کریں :-

فوائد :- چہرے سے کے ہر جو سفید داغ ہوتے ہیں اور سینہ کے جن کو کچی کوڑھ کہا جاتا ہے۔ اُن کے لئے مفید ہے۔

ضیق النفس (دمہ)

نسخہ :- تمباکو جنگلی ۶ ماشہ کوٹ کر ہمراہ پانی پلائیں۔ قئے ہوگی

فوائد :- بذریعہ قئے بلغم خارج ہوکر آرام ہو جائیگا۔ دمہ کے لئے بے حد نافع ہے۔

برائے ذات الجنب

نسخہ :- سینگ بارہ سنگا ۳ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۲ ماشہ۔ زعفران ایک ماشہ۔ افیون ایک ماشہ۔ پانی تکوییں پیس کر روغن بادام ۴ ماشہ میں ملا کر نیم گرم لیپ کریں

فوائد :- ذات الجنب (نمونیا) کے لئے بے حد نافع ہے۔

برائے کھانسی وضیق النفس

نسخہ :- پیاز انگا۔ کٹیلی خورد۔ بیخ بدبارا (قسم از جڑی) ہر ایک ایک ماشہ بطور تمباکو حقہ میں کھینچے۔

فوائد :- کھانسی و دمہ کو نافع ہے۔

برائے درد قسم معدہ و ذات الجنب و گردہ

نسخہ :- برگ نوتازہ درخت گلاب ۲ تولہ۔ ۷ مرچ سیاہ

۱۲ عدد۔ نمک نہایت باریک قدرے پانی کے ساتھ پیس کر نیم گرم لیپ کریں۔ اسی طرح دو تین مرتبہ۔

فوائد:۔ درد معدہ۔ ذات الجنب گردہ کو فوراً آرام ہوگا۔

برائے کھانسی و دمہ

نسخہ:۔ سنگ بارہ سنگا۔ مکو میں رکھ کر آگ دے کر خاکستر کر لیں۔ اور اسی طرح ابرک کو گگروندہ کے لگدہ میں۔ خاکستر کریں۔ بورہ دونوں کشتے ملا کر بقدر ایک چاول کھلائیں۔

فوائد:۔ کھانسی و دمہ کے لیئے نافع ہے۔

کشتہ ابرک۔ برائے دمہ و کھانسی کہنہ

نسخہ:۔ ابرک یک پاؤ۔ شورہ قلمی دو پاؤ۔ ابرک کو کوٹ کر کچی گلی میں اوپر و نیچے شورہ دے کر گل حکمت کر کے آگ دیں۔ پھول جائے گا۔

خوراک:۔ ایک ماشہ تک ہمراہ مصری یا الائچی خورد دیں۔ اوپر دودھ پلائیں۔

فوائد:۔ کھانسی پورانی و دمہ کے لئے نافع ہے۔

مطبوخ دافع کھانسی و نزلہ و کثرت

(از یادگار حافظ احمد خانصاحب)

نسخہ:۔ عرق گاؤزبان یک پاؤ۔ خوب کلاں لے کر پہلے دن

ایک جوش دے کر پلائیں۔ دوسرے روز دو جوش دے کر۔ اسی طرح ہر روز ایک جوش اضافہ کرکے چودہ یوم تک پلائیں۔
فوائد:۔ کھانسی و نزلہ کے لئے مخصوص علاج ہے۔

برائے کھانسی و دمہ

نسخہ:۔ کچلہ کو گھی گائے میں بھونیں۔ تاکہ جل جائے۔ بعدہٗ پیس کر رکھیں۔ بقدر ایک چاول پان میں رکھ کر نہار منہ کھائیں۔ اگر ضرورت سخت ہو جائے۔ تو روزانہ چار پان ایک ایک گھنٹہ بعد کھلائیں۔ غذا بے حد مرغن کھلائیں۔ اور ہر پان میں دوا بقدر ایک چاول استعمال کرائیں۔
فوائد:۔ کھانسی و دمہ کے لئے نافع بے حد قاطع بلغم ہے۔

کھانسی و دمہ کے لئے

نسخہ:۔ کچھ ٹکڑے سونٹھ اور زرد چوب (ہلدی) کے برابر وزن لے کر۔ ایک دوسرے پر علی الترتیب رکھ کر آگ زغال میں جلالیں۔ بعدہٗ سفوف کرکے رکھیں۔ اور ہر روز بقدر ۳ ماشہ شہد ملا کر کھلائیں۔
فوائد:۔ کھانسی و دمہ کو بے حد نافع ہے۔

تدبیر نمک

نسخہ:۔ ایک لوٹی گلی (کچی مٹی) میں برگ بیل پھل اور نمک

تہہ بتہہ رکھ کر سرپوش اوپر رکھ کر بھٹی لوہار میں پھونکیں ۔ جتنے کہ نمک خالص ہو کر چمکدار ہو جائے ۔ سرپوش اٹھا کر دیکھ لیں ۔
فوائد :۔ کھانسی و دمہ اور درد پیٹ کے لئے بے حد نافع ہے

حبوب سرفہ و نزلہ

نسخہ :۔ کچلہ مثنوی بروغن گاؤ ۔ افیون ہرمزی تینوں بوزن مساوی لے کر عرق مصبر میں خوب کھرل کریں ۔ بقدر مرچ سیاہ حبوب تیار کریں ۔
خوراک :۔ ایک ایک حب صبح و شام کھلائیں ۔
فوائد :۔ کھانسی بلغمی و نزلہ کے لئے نافع ہے ۔

برائے کھانسی بلغمی

نسخہ :۔ سفوف ہلوشن سنکونا ۳ ماشہ ۔ ایمونیا کاربونیٹ ۳ ماشہ ۔ ایوڈائڈ شاس ۱½ ماشہ ۔ پہلی دوا کو میٹھے پانی میں جوش دے کر ۔ دوسری دونوں دواؤں کو شیشی میں ڈال کر اوپر پانی جوش دیا ہوا ڈالیں ۔ اور ہر روز بقدر ۔ دو ۔ تین تولہ استعمال کریں ۔
فوائد :۔ بلغمی کھانسی کو بے حد نافع مجرب ہے ۔

برائے کھانسی و دمہ بلغمی

نسخہ :۔ اجوائین خراسانی ۱۰ تولہ ۔ نمک سیاہ ۱۰ تولہ ۔

گل بدار سفید ۲۰ تولہ - پہلے گلون کو لوٹہ گلی میں رکھ کر اوپر دوسری دو دوائیں ڈالیں - بعدہٗ لب بند کر کے ۵ سیر اوپلہ جنگلی میں آگ دیں - سرد ہونے کے بعد نکالیں - جس قدر خاکستر لوٹہ میں ہو - اس کو باریک پیس رکھیں - سخت مریض کے لئے - خوراک ۲½ تولہ تک ہے - صبح و شام سات یوم تک صبح کو پانی سرد کے ساتھ اور شام کو پانی گرم کے ساتھ دیں - اور معمولی مریض کو بہت تھوڑی مقدار میں دیں -

فوائد :- کھانسی و دمہ بلغمی کے لئے بے حد نافع ہے -

برائے ضیق النفس

نسخہ :- چھال درخت پیپل کو خاکستر بنائیں - یہ خاکستر ۵ سیر زرنیخ طبقیہ ۴ تولہ - دیگچی میں ہڑتال کے نیچے اوپر خاکستر دے کر دیگچی کو اچھی طرح بند کر کے گل حکمت کریں - اور چولہے پر رکھ کر تین شبانہ روز آگ لکڑی بیر سے دیں - بعد سرد ہونے کے نکالیں - کشتہ سفید ہوگا -

خوراک :- ایک چاول پان میں کھلائیں -

فوائد :- ضیق النفس کے لئے بے حد مؤثر ہے -

برائے ضیق النفس (دمہ)

نسخہ :- نمک چرچٹہ تھوڑا تھوڑا پان میں کھلائیں -

فوائد :- ضیق النفس (دمہ) ہر قسم کے کیلئے نافع ہے -

مسکن قئے

نسخہ :- سماق و زیرا کو نیم کوب کر کے پانی کے ساتھ پلائیں
فوائد : مسکن قئے ہے ۔ قئے کو فوراً بند کرے ۔

ضیق النفس

نسخہ :- گائے پتہ (زہرہ) حسب ضرورت کھلا کر بعد
کباب گوشت گائے کھلائیں ۔
فوائد :- انشاء اللہ تعالےٰ ایک ہی دن میں صحت ہو
جائے گی ۔

دوا ضیق النفس

نسخہ :- زقوم کے پتے اور اس کی شاخیں ریزہ
ریزہ کر کے دھانوں کے ساتھ مٹکوں میں اس طرح رکھیں
کہ پہلے شاخوں اور پتوں کا فرش کریں پھر اس ۔ دھان
رکھیں ۔ اسی طرح نیچے اوپر رکھتے جائیں ۔ جب مٹکا بھر جائے
تو اس میں اتنا پانی ڈالیں کہ ایک بالشت اوپر آ جائے ۔ پھر
اس کا منہ اچھی طرح بند کر کے گھوڑے کی لید میں ایک ہفتہ
بلکہ ۲۰ دن تک دفن کریں ۔ اس کے بعد نکال کر کھالیں
مقدار خوراک :- پنج نہا منہ ۱۳ - ر ماشہ کھائیں ۔
فوائد :- ضیق النفس کے لئے مجربات میں سے ہے ۔
نسخہ :- برگ و شاخ و ثمر گولر حسب ضرورت ایک
دن رات بھگو کر پکائیں ۔ جب نصف رہ جائے ۔ تو چھان

کر شکر کے ساتھ قوام کریں۔ اور صبح شام لعوق کریں۔
فوائد:۔ ضیق النفس کے لیے مؤلف کا مجرب ہے۔

شربت

نسخہ:۔ اسپند ۲ تولہ ۱۱ ماشہ نیمکوب کر کے ۱۷۱ر پانی میں پکائیں۔ جب نصف رہ جائے۔ چھان کر شہد خالص سہ چند اور روغن کنجد دو چند ڈال کر قوام کریں۔ اور روزانہ چاٹتے رہیں۔
فوائد:۔ ضیق النفس میں عجیب الفعل ہے۔

لعوق

نسخہ:۔ تخم کتان۔ اسپند مساوی کوٹ چھان کر شہد میں ملائیں۔
خوراک:۔ ۱۳ ماشہ صبح و شام کھائیں۔
فوائد:۔ ضیق النفس میں فائدہ دیتا ہے۔
نسخہ:۔ تخم میتھی کو بھگو کر اس کا چھلکا دور کریں۔ پھر پیس کر شیرہ نکالیں اور شہد خالص اور انگور کے گاڑھے پانی میں پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے۔ تو مغز چلغوزہ مقشر پیس کر شامل کریں۔ اور پھر چند جوش دے کر اتار لیں۔
نسخہ:۔ بادشیر۔ مغز بادام تلخ۔ سیاہ مرچ ہر ایک ایک جز کوٹ چھان کر شہد کے قوام ۵۰۰ تولہ ۱۰ ماشہ میں ملائیں۔

اور تھوڑا سا کھائیں۔ یا چنے کے برابر گولیاں بنا کر منہ میں رکھیں۔
فوائد:۔ ضیق النفس بلغمی اور پرانی کھانسی میں مفید ہے۔

لعوق زوفا

نسخہ:۔ زوفائے خشک۔ بیخ سوسن صحرائی کو ۵ تولہ ۱۰ ماشہ نیم کوب کر کے ایک سیر پانی میں بھگو کر پکائیں۔ پھر چھان کر ہموزن قند سفید ڈال کر قوام کر لیں۔
فوائد:۔ ضیق النفس اور پرانی کھانسی میں مفید ہے۔

قرص بنفشہ

نسخہ:۔ گل بنفشہ خشک ۲ تولہ ۴ رتی۔ ترید سفید مدبر ۱۵ ماشہ رب السوس ۱۰ ماشہ۔ سقمونیا مشوی ۱۰ ماشہ کوٹ چھان کر قرص بنائیں۔
خوراک:۔ ۳ ماشہ
فوائد:۔ ضیق النفس اور بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔

معجون

نسخہ:۔ قردمانا۔ زراوند مدحرج۔ فلفل سیاہ۔ اسپند سفید گل۔ تخم انگن۔ مٹر۔ مغز بادام تلخ۔ ہر ایک ۱۹ ماشہ۔ زوفائے خشک۔ رب السوس۔ پرسیاوشان ہر ایک ۳ تولہ ۲ ماشہ۔ صمغ عربی ۱۲ ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد کے قوام میں ملا کر

معجون بنائیں۔
خوراک :۔ ۴ ماشہ ہمراہ مطبوخ زوفا
فوائد :۔ ضیق النفس اور کھانسی میں مفید ہے۔

معجون افیون

نسخہ :۔ دار چینی۔ مرکی۔ تج۔ فلفل سیاہ انجدان رومی۔ حماما ہر ایک ۱۱ ماشہ۔ فقاح اذخر۔ بالچھڑ۔ ہر ایک ۳-۲ تولہ۔ افیون ۴ تولہ ۴ ماشہ۔ زعفران ۱۰-۷ ماشہ تخم کرفس ۱۰ تولہ ۲-۰ ماشہ انیسوں ۷ ماشہ ۲-۰ تولہ۔ تگر۔ مجیٹھ۔ قسط ہر ایک ۷ ماشہ مرکی اور افیون کو شراب ریحانی میں گھول کر باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر شہد میں سب کو ملائیں۔
خوراک :۔ ۱-۱ ماشہ
فوائد :۔ ضیق النفس اور بلغمی کھانسی میں بے حد مفید ہے۔

حب انیسول

نسخہ :۔ میعہ سائلہ۔ کندر۔ مرکی ہر ایک ۱۰-۱۳ ماشہ۔ علک بطم ۴-۰ ماشہ زراوند مدحرج۔ افیون ہر ایک ۱-۶ ماشہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔
خوراک :۔ ۱-۲ ماشہ ہمراہ شربت تخم کتان یا شربت خشخاش
فوائد :۔ ضیق النفس اور بلغمی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔

حب انزروت

نسخہ:۔ انزروت سفید ۵/۰ ماشہ عاقرقرحا ۱/۱ ماشہ۔ تربد سفید ہر ایک ۸ تولہ ۹ ماشہ اصل السوس۔ ایارج فیقرا شحم حنظل ہر ایک ۷ ماشہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔
خوراک ۱/۰ ماشہ
فوائد:۔ ضیق النفس اور بلغمی کھانسی میں بے حد مفید ہے

حب ایرسا

نسخہ:۔ تخم حنظل ۹ رتی غاریقون سفید ۱/۱ ماشہ۔ رب السوس زوفائے خشک۔ اڑوسہ ہر ایک ۹ رتی۔ ایرسا۔ تخم انگشت ہر ایک ۱/۰ ماشہ کوٹ چھان کر گولیاں بنائیں۔ یہ سب ایک خوراک ہے
فوائد:۔ ضیق النفس میں اور کھانسی میں مفید ہیں۔

تبخیر

نسخہ:۔ مرصاف۔ تج۔ زعفران۔ قسط ہر ایک ایک جزو کوٹ چھان کر عرق گلاب میں ٹکیاں بنائیں۔ اور خشک کر کے آگ میں ڈال کر جلائیں اور دھواں لیں۔
فوائد:۔ ضیق النفس دمہ میں مفید ہے۔

جوارش ایرسا

نسخہ:۔ بیخ سوسن ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ زوفا خشک۔ پودینہ خشک

اصل السوس ہر ایک ایک تولہ ۹ ماشہ مغز بادام شیریں و تلخ مویز منقیٰ - کتیرا - پستہ - زنجبیل - دارچینی - پیپل - خرما صاف کیا ہوا - ہر ایک ۱۰ ماشہ - بخور مریم - میعہ بالبہ ہر ایک ۷ ماشہ کوٹ چھان کر شکر سفید حسب ضرورت کے قوام میں ملائیں -

خوراک :- ۴ ماشہ

فوائد :- ضیق النفس - بلغمی کھانسی و امراض سینہ و تمام آلات تنفس کے لئے مفید ہے -

---

باب نانواں

امراض معدہ و جگر و طحال

برائے بدہضمی

نسخہ :- آلو بخارا ۱۰ دانہ - شکنجبین ۲ تولہ - عرق مکو ۱۰ تولہ گاؤزبان ۵ تولہ - کپڑے سے مل چھان کر پیپر منٹ چار قطرہ ملا کر پلائیں -

فوائد :- ہاضم ہے - بدہضمی کے لئے مفید ہے -

علاج خواق ہچکی

نسخہ :- دھواں قرنفل بطور تمباکو حقہ میں کھینچیں - اسی طرح

مور کا پر دھواں حقہ میں پئیں۔ اسی طرح نمک پتھری کھلانا یا ناک میں ناس لینا۔

فوائد:۔ ہچکی جو تپ کی حالت میں آرہی ہو۔ کے لئے مفید ہے۔

مسکن قئے

نسخہ:۔ سماق و زیرہ کو نیم کوب کر کے پانی کے ساتھ پلائیں

فوائد:۔ مسکن قئے ہے۔ قئے کو فوراً بند کرے۔

جوارش آملہ

نسخہ:۔ طباشیر سفید ۶ ماشہ نشاستہ بریاں ۶ ماشہ۔ کتیرا سفید بریاں ۳ ماشہ۔ شربت انار شیریں ۲ تولہ۔ شربت انار ترش ایک تولہ۔ مربہ آملہ تین عدد۔ نبات سفید دس تولہ۔ ورق نقرہ ۲۵ عدد۔ بطریق معروف جوارش بنائیں۔

فوائد:۔ مقوی معدہ و اعضائے رئیسہ دافع بواسیر خونی مجرب ہے

تخمہ۔ بدہضمی ہیضہ وبائی۔ غیر وبائی

اوّل دیکھنا چاہئیے۔ کہ درد معدہ میں ہے یا نہ۔ اور رات کی استعمال کی ہوئی غذا سے معدہ پر تو نہیں ہے۔ اگر نفخ ناف کے اوپر ہو۔ تو پانی اور نمک سے قے کرائیں۔ تاکہ معدہ خالی ہو جائے۔ تمام غذائی مادہ قئے کے ساتھ باہر نکل جائے اگر پیاس بہت ہو۔ تو پانی اور سکنجبین و گلاب سے قئے کرانی چاہئیے۔ اگرچہ چار پانچ مرتبہ پلانے سے معدہ خالی ہو۔ اور پانی کافی مقدار میں گلے تک بھرپور پلائیں۔ اگر ہو سکے تو کھڑے

ہو کر قیئے کرائیں - کیونکہ مادہ گہرائی معدہ سے جذب ہو گا۔ اور غذا غیر منہضم معدہ سے خارج ہونے بعد درد موقوف ہو جائے گا - اگر درد زائل نہ ہو - تو پودینہ خشک ۶ ماشہ زیرہ سفید ۴ ماشہ - الائچی خورد ۱۰۰ دانہ - سونف ۶ ماشہ - نکو ۹ ماشہ - گلاب ۵ تولہ جوش دے کر اور صاف کر کے - سکنجبین سادہ ۲ تولہ ملا کر اور حل کر کے پلائیں - اگر درد کی زیادتی ہو - تو سنا مکی ۲ ماشہ جوشاندہ مذکورہ بالا زیادہ کر کے پلائیں - اور اگر لیپ ادویات بوجہ کمی غذا ہو جانے نہ کریں مگر درد کے دفعیہ کے لئے بطرف شدت درد پارچہ گلاب گرم میں تر کر کے ٹکور کریں -

اگر ان دواؤں سے درد موقوف نہ ہو - تو سونٹھ بریاں مغز کرنجوہ - نمک سیاہ - ہر ایک ماشہ کوٹ پیس کر کھلائیں کثر مواقعات پر بصورت سخت درد معدہ ادرک یا سونٹھ سبز بقدر ۹ ماشہ تا ایک تولہ کاغذی لیموں کے پانی میں اور نمک پیس کر شامل کر کے دیا گیا - فوراً فائدہ ہوا -

اگر اس سے فائدہ نہ ہو - یا درد نیچے کی طرف رجوع کر جائے تو تدبیر اسہال کی جائے - اور اس نسخہ کے استعمال سے نفع ہو گلقند ۲ تولہ - سکنجبین ۲ تولہ - گلاب ۴ تولہ اور عرق نکو ۵ تولہ عرق سونف ۵ تولہ - سنا مکی ۱½ تولہ - زیرہ سفید ۴ ماشہ - سونف ۶ ماشہ - کشوث ۴ ماشہ کھلائیں - اور جب ہوا خارج نہ ہو - اور راجح ہی نہ ہو - پھر اگر دو - تین پتے

تمباکو کے تر و تازہ مل جائیں۔ تو روغن گل یا کسی دوسرے تیل کے ساتھ تر کر کے اور گرم کر کے ناف سے اوپر پیٹ تک باندھیں۔ اور ایک بانشہ پارہ تمباکو کے پانی کے ہمراہ ناف پر ملنا قبض کو رفع کرتا ہے۔

اگسو گل آک:- ۵ عدد جو ابھی کھلے نہ ہوں۔ نمک و مرچ سیاہ کے ساتھ پیس کر صرف یا پوست نیب ۲ تولہ ملاکر گولی بناکر نگاہ رکھیں۔ بوقت ضرورت ایک حب کھلائیں

فوائد:- ہیضہ کے درد کے لئے فوراً مؤثر ہیں۔

فائدہ:- معلوم ہونا چاہئے۔ کہ اکثر اطباء بوجہ غلطی و لاعلمی سخت تکلیف درد معدہ میں گلقند دے دیتے ہیں۔ ہرگز نہ دینا چاہیئے۔ کہ موجب سخت درد کا ہے۔ بلکہ گلقند اسوقت دیں۔ جب کہ درد ناف کے نیچے ہو۔ اور ارادہ دست لانے کا ہو۔

فائدہ:- معلوم ہو۔ کہ ہیضہ وبائی دو وجوہات سے خالی نہیں۔ یا تو زیادتی قئے سے ہلاک کرے۔ یا کثرت اسہال سے اور سختی پیاس دونوں صورت میں ہوگی۔ لہذا ابتدا میں قئے و اسہال نہ لانے چاہئیں۔ اور جس وقت سقوط قوت کا اندیشہ ہو جائے۔ تو اس صورت میں۔ گلاب سرد کر کے اور عرق کیوڑہ نقرہ تاپ و طلاء تاپ کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ اور اس بیماری میں پانی تمر ہندی۔ و گلاب پورا اثر کرتا ہے۔ مناسب ہے۔

کہ تر ہندی بقدر مناسب کسی برتن گلی آب ندیدہ میں -
اور پانی دیگ تاپ اور گلاب ڈال کر محفوظ رکھیں -
اور مریض کو پیاس کے وقت تھوڑا تھوڑا پلائیں -

علاج آسان

کشنیز خشک ۶ ماشہ - زہر مہرہ خطائی ایک ماشہ
مغزِ کنول گٹہ ایک ماشہ - پوست بیرون پستہ ایک ماشہ
دارچینی ۳ رتی - بُرادہ صندل ایک ماشہ - گل سوتی ایک
ماشہ - گل سرخ ایک ماشہ - ان سب کو یا جو کچھ ملیں -
باریک پیس کر شربت لیموں یا شربت انار ترش ۳ تولہ میں
ملا کر دیں - اگر انار نہ ہو - تو انار دانہ پانی میں حل کر کے
شربت بنائیں - اور تھوڑا تھوڑا چٹائیں - اور اگر قوی بنائیں
تو زرشک ۲ تولہ - انار دانہ ۲ تولہ گلاب میں پیس کر اس
میں ملائیں - اور صندل سفید - گل ملتانی - گل ارمنی - دھنیا
خشک ہر ایک ۳ ماشہ زرشک ۶ ماشہ - زردی گل سرخ
۶ ماشہ - گلاب میں پیس کر ناف کے گرد - معدہ و جگر
پر لیپ کریں - اور ٹاکی گلاب سے تر کر کے اوپر رکھیں -
تاکہ لیپ خشک نہ جائے -

فائدہ :- جس مریض کو درد و غشی اور پیاس زیادتی
کے ساتھ ہو - تو لخلخہ کی دوائیں استعمال کریں -

نسخہ :- سیر شوئی - دھنیا خشک - اگر سبز دھنیا مل
جائے تو بہتر ہے - تخم کاہو چھلا ہُوا - صندل سفید -

تخم خرفہ ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۶ ماشہ ۔ آب کدو تازہ ۔ گلاب سبز ۔ عرق کیوڑہ ہر ایک دو تولہ ۔ عطر خس دو رتی ۔ عطر گلاب ۲ رتی خمیرہ گلی آب نار سیدہ لخلخہ فرمائیں ۔ یہ دستور علاج حکیم بوعلی امروہوی ہے ۔

علاج امراض شکم ہر قسم ۔ درد ۔ قولنج وغیرہ ۔

نسخہ :۔ سونف ۳ ماشہ ۔ شکر سرخ ۳ ماشہ ۔ سفوف بنا کر ہر روز سو جانے کے وقت پانی کے ساتھ ۔ کھائیں ۔ ۳۹ یوم کامل متواتر اسی قدر کھایا کریں ۔ شروع دوا دن تحویل آفتاب در برج حمل کرنا چاہیئے ۔ خاصتہً اکبیری حامل ہے ۔

برائے سول و باؤ گولہ

نسخہ :۔ ہر چہار اجوائین ۔ ایتہ ہلدی ۔ اسگند ناگوری ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کر مریض کو حقہ میں بمثل تمباکو پلائیں ۔ باؤ گولہ و درد رفع ہو جائے گا ۔

فوائید :۔ باؤ گولہ کے لئے بے حد نافع ہے ۔

ضعف معدہ و بدہضمی

نسخہ :۔ قہوہ سونف ۔ سونف خطائی ۔ الائچی سفید دار چینی ۔ چائے برابر وزن جوش دے کر اور مصری ملا کر میٹھا کر کے پلائیں ۔ ضعف معدہ و بدہضمی کے لئے نافع ہے

سفوف ہاضم

نسخہ :۔ نمک سلیمانی۔ نمک سنگ۔ نمک سانبھر۔ نمک اندرونی۔ نمک سیاہ۔ نوشادر۔ ہر ایک ۲ تولہ۔ جوزبویہ بسباسہ۔ زیرہ سیاہ۔ لونگ۔ سونٹھ۔ مرچ سیاہ۔ کرفس ہر ایک تولہ۔ بیخ جیتہ ۹ ماشہ۔ تمام کو جوکوب کر کے سرکہ ½ سیر میں ڈال کر جوش دیں۔ تاکہ سرکہ جذب ہو جائے۔ تو پھر دواؤں کو لے کر سفوف بنا کر رکھیں۔

خوراک :۔ بدہضمی کے لئے ۲ ماشہ تحلیل غذا کے لئے ایک ماشہ۔ کافی ہے۔ ایک سال گزر جانے کے بعد اس کی قوت زائل ہو جاتی ہے۔ پھر جدید تیار کر لیں۔

فوائد :۔ بے حد ہاضم و تحلیل غذا کے لئے بے حد مؤثر ہے

علاج یرقان

نسخہ :۔ مغز تخم ارند ایک عدد انسان کے پیشاب میں پیس کر آنکھوں میں لگائیں۔

سعوط :۔ لخلخہ چونہ و نوشادر تا ایک ہفتہ۔ پانی حقہ بانسی چند روز متواتر پلائیں۔ برگ مرچ سرخ پیس کر اور دہی میں حل کر کے صبح و شام پلائیں۔ غذا خشکہ دال کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد۔ یرقان کے لئے بے حد مفید ہے۔

جوارش مقوی معدہ

نسخہ :۔ اگر آملہ سبز ہو تو ۱½ سیر لے کر شیرہ لیں ۔ ورنہ خشک آملہ یک پاؤ لے کر دودھ میں تر کر کے خشک کریں ۔ اور سفوف کر کے ۔ اس کے بعد صندل سفید ۔ طباشیر کبود ۔ بالچھڑ ۔ مصطگی رومی ۔ چھوٹی الائچی ۔ پوست بیروں پستہ ۔ پوست ترنج ۔ اگر ۔ ہر ایک ایک تولہ سفوف کر کے شکر سفید ½ سیر ۔ گلاب میں قوام کر کے معجون بنائیں ۔ اور کس قدر آب انار بھی پلائیں ۔

خوراک :۔ ۳ ماشہ تا ۶ ماشہ بلکہ ایک تولہ تک

کشتہ روپیہ سالم

نسخہ :۔ روپیہ کو عرق برم ڈنڈی میں سو بار بجھائیں ۔ بشکل رنگ سفید و سخت ہو جائے گا ۔ پھر نغدہ برگ تسلی ۲ سیر میں رکھ کر کسی برتن میں رکھ کر گل حکمت کریں ۔ اور پانچ سیر اوپلہ میں آگ دیں ۔ سرد ہونے کے بعد اسی طرح نغدہ مذکور میں بدستور آگ دیں ۔ اور پھر تیسری بار عمل کریں ۔ نہایت عمدہ کشتہ ہو گا ۔

فوائد :۔ قوت باہ ۔ جریان ۔ سرفہ بلغمی ۔ دمہ کو بے حد نافع ۔ مشتہی ۔ مقوی دماغ و معدہ ہے ۔ اور بلغمی مزاجوں کو بھی مفید ہے ۔ اگر موسم سرما میں استعمال کریں ۔ دودھ و

گھی زیادہ استعمال کریں۔

کشتہ اشرفی سالم

نسخہ:۔ اشرفی سالم۔ برگ منڈی تازہ کے نغدہ میں رکھ کر کسی برتن میں ڈال کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طرح تین مرتبہ تکرار عمل کریں۔ نہایت عمدہ کشتہ برامد ہوگا۔

فوائد:۔ مقوی معدہ و قلب ہے۔

علاج یرقان

نسخہ:۔ عرق کاسنی ۷ چمچہ۔ سکنجبین دیناری ایک چمچہ حل کر کے ہر صبح پلائیں۔

خوراک:۔ نخود آب۔ مرغ جوان و ماش۔ مقشر دشنیز سبز۔ ترشی۔ آب زرشک یا آب انار یا آب تمر ہندی کرائیں۔

سکنجبین دیناری

نسخہ:۔ زرشک۔ تخم گلاب نیم کوفتہ ہر ایک ۲ تولہ تخم کاسنی نیم کوفتہ ۱½ تولہ۔ پوست بیخ کاسنی نیم کوفتہ۔ پوست بیخ کبر۔ پوست بیخ کرفس۔ پوست بیخ سونف ہر ایک ۹ ماشہ۔ تمام ادویہ کو نصف سیر پانی اور ۱½ تولہ سرکہ

میں ایک رات و ایک دن بھگو کر جوش دیں ۔ تاکہ نصف رہ جائے صاف کر کے تین سو مثقال کھانڈ صاف شدہ میں ۔ ملا کر قوام (۱ ½ سیر)
کریں ۔

فوائد ۔ یرقان کے لئے مفید ہے ۔

فائدہ :۔ معلوم ہونا چاہیئے ۔ کہ یرقان میں اسہال و قے و پسینہ لانا مفید ہے ۔ اور اس کے بعد پانی فارین یعنی انار میٹھے و کھٹے ملا کر دیں ۔ غذا مرغ و نخود قدشی و حب رمان دیں ۔ مفید ترین

برائے ہیضہ

نسخہ :۔ زیرہ گل آک ایک تولہ ۔ مرچ سیاہ ۵ عدد ۔ نمک بقدر ضرورت تینوں کو اکٹھا باریک پیس کر دو غلولے بنالیں ۔ ایک غلولہ صبح و ایک شام کھلائیں ۔ بعد دوپہر دوسرا غلولہ بنا کر دیں ۔ اوپر پانی سرد پلائیں ۔ اگر ضرورت پڑے تو پھر نیا غلولہ تیار کر کے شام کو ہی کھلائیں ۔ اسی طرح پوست بیخ مدار سایہ میں خشک کر کے باریک پیس کر شیشی میں رکھیں ۔

خوراک :۔ ایک ماشہ پانی سرد ۔ یا برف یا گلاب کے ساتھ دیں ۔ اسی طرح ۔ انیسون ۔ ہینگ ۔ مرچ سیاہ ۔ تینوں کو باریک پیس کر بمقدار نخود حبوب باندھیں ۔ ضرورت کے وقت استعمال میں لائیں ۔ ڈکار آکر ریاح خارج ہونگے ۔ اور دست بھی بند ہو جائیں گے ۔

باب دسواں

قلب کے امراض

برائے جمیع امراض بارده

نسخہ:۔ دار چینی ۔ مصطگی ۔ زرنباد ۔ انیسوں سونف بوزن برابر کوٹ پیس کر شکر سفید تمام اجزا کے برابر ملا کر سفوف تیار کریں۔

خوراک:۔ ۲ تا ۴ ماشہ ۔

فوائد:۔ دافع امراض از قسم سردی۔ مفرح قلب و حافظ صحت ہے۔

نوشدارو ئے سادہ

نسخہ:۔ گل سرخ ۱½ تولہ ۔ سعد کوفی ایک تولہ ۳ ماشہ۔ لونگ ۔ مصطگی ۔ بالچھڑ ۔ اسارون ہر ایک ۹ ماشہ ۔ قرفہ ۔ زرنب ۔ زعفران ۔ چھوٹی الائچی ۔ بڑی الائچی ۔ جوز بویہ ۔ لبباسہ دار چینی ہر ایک ۶ ماشہ ۔ آملہ منقی ۴۲ تولہ ۔ پہلے آملہ کو ایک سیر دودھ میں رات کو بھگوئیں ۔ صبح کو پانی سے دھوئیں ۔ کہ صاف ہو جائے ۔ بعدہٗ دو سیر ۱۱ چھٹانک ایک تولہ پانی خالص میں ۔ جوش دیں ۔ کہ ۴۲ تولہ پانی باقی رہ جائے ۔ پھر ہاتھ سے مل صاف کر کے قند سفید ۱½ سیر ایک چھٹانک ۳ تولہ ۔ وگرنہ ۴۲ تولہ قند سفید

اور ۴۲ تولہ شہد خالص کا قوام کر کے دوائیں ملائیں۔ اور اگر ادویہ سے سہ چند قند سفید کا قوام کریں۔ تو ہو سکتا ہے۔
مقدار خوراک ۹ ماشہ تک
فوائید :۔ مقوی دل و دماغ ہے۔

عرق حافظ روح (از حافظ احمد خاں خواجوی)

نسخہ :۔ شاہترہ ۲۰ تولہ۔ چرائیتہ ۲۰ تولہ۔ مول نیب ۲۰ تولہ ہلیلہ کابلی ۱۰ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۱۰ تولہ۔ بلیلہ ۱۰ تولہ۔ آملہ ۱۰ تولہ۔ سنائکی ۱۰ تولہ۔ بلیلہ سیاہ ۱۰ تولہ۔ صندل سرخ ½۲ تولہ۔ برگ حنا خشک ½۲ تولہ۔ اطریفل سے گٹھلی نکال کر تمام کو بو کوب کریں اور عقاقیر کو سالم رکھیں اور پانی پندرہ سیر میں ایک رات و دن صبوچہ گلی میں بھگوئے رکھیں۔ صبح و شام لکڑی سیب سے ہلاتے رہیں۔ اور چوتھے روز ایک گلاس صبح و ایک گلاس شام تا ۲۱ یوم پلائیں۔ اور ہر روز ہر دو وقت دو گلاس پانی خالص برتن گلی مذکور میں ڈالتے رہیں۔ اور اگر چاہیں۔ تو ایک تولہ شہد خالص اس میں حل کر کے استعمال کریں۔ زیادہ اجازت نہیں ہے۔ اور ۲۱ یوم کے بعد بھبکہ میں عرق کھینچیں۔ اور دس بوتل عرق نکالیں۔ اور چالیس دن اس کو بھی صبح و شام دس۔ دس تولہ پلائیں۔ غذا میں گھی بہت زیادہ استعمال کریں۔ اور گوشت کی غذا کم کریں۔ دودھ۔ دہی۔ وغیرہ سے پرہیز رکھیں۔ یہ عمل گویا مادالجبن ہے۔ اور اس کے فوائد بے شمار ہیں۔

فوائد:- مسہل و مخرج و مصفی اخلاط فاسدہ و دافع امراض خبیثہ و مولد خون صالح و مقوی بدن ۔ و مجرب ہے ۔

باب گیارہواں

امراض امعا قبض وغیرہ

حلوائے صبر

نسخہ:- آب مغز صبر - گردہ - شکر - میدہ گندم گھی گائے ہر ایک دس چھٹانک پہلے گھی کو خوب گرم کر کے میدہ گندم کو بھونیں - اس کے بعد کھویا اور پانی مغز صبر داخل کر کے اس کے بعد شکر خشک بھی داخل کر کے چمچہ پھیریں - تاکہ دوائیں باہم مل جائیں - پھر لونگ - دارچینی - جوز بویہ - چھوٹی الائچی ہر ایک ۲ ماشہ نیچے اتارنے کے بعد ملا کر چمچہ پھرائیں - اور اچھی طرح ملائیں - یہ سب ۱ھ خوراک ہے - صبح و شام کھلائیں - ترشی و بادی سے پرہیز کرائیں - نہایت عجیب ہے -

فوائد:- دافع قبض - ملین و مقوی بدن ہے -

تدبیر اجوائین - دافع قبض

نسخہ:- تخم اجوائین - حسب ضرورت لے کر اور کٹورہ چینی میں

رکھ کر اس کے اوپر دہی گائے ترش اسقدر ڈالیں - کہ بقدر دو انگل اجوائین سے اوپر رہے - اجوائین کا چوتھائی حصہ نمک سنگ، اور چھٹا حصہ نمک کا سہاگہ بریاں اور اسی قدر گندھک آملہ سار پیس کر اس میں ڈالیں - اور سایہ کے نیچے رکھیں - کہ دہی جذب ہو جائے - دوسری مرتبہ دہی ڈالیں - اسی طرح تین مرتبہ تر و خشک کریں - پھر اسی طریق پہ تین مرتبہ عرق لیموں کاغذی اور اسی طرح تین دفعہ عرق گھیکوار میں تر و خشک کر کے بعدہٗ کسی برتن صاف میں محفوظ رکھیں -

خوراک :- ہر روز ایک ماشہ تا ۲ ماشہ کھلائیں -

فوائد :- مشتہی و محلل ریاح - دافع قبض - معین ہضم معدہ و جگر و جاذب رطوبات بلغمیہ لزج معدہ و جگر و امعا دیابیطس سرد جو بشرکت معدہ ہو -

دیدان

دود کی جمع ہے - ان کیڑوں کو کہتے ہیں - جو آنتوں میں پیدا ہو جاتے ہیں - یہ کیڑے اس رطوبت فضلی کے سڑنے سے پیدا ہوتے ہیں - جو آنتوں میں رہتی ہے - اور دیر تک وہاں ٹھیرے رہنے کی بنا پہ سڑ جاتی ہے - اس کی تین قسم ہیں -

(۱) کدو دانے -(۲) کیچوے یا حیات (۳) چرنے یا دود الخل

علاج :- پہلے کیڑوں کو پیدا کرنے والی غذائیں چھوڑ دیں اور درج ذیل نسخہ استعمال میں لائیں -

نسخہ:۔ کلونجی۔ نغط ہر ایک ۳ ½ ماشہ۔ زعفران ۱ ¾ ماشہ سب کو دہی میں حل کر کے پلائیں۔

فوائید:۔ کیڑوں کے خارج کرنے میں مجرب ہے۔

نسخہ:۔ برنگ کابلی مقشر پیس کر ۷ ماشہ کی مقدار میں دہی ۱۲ تولہ میں ملا کر صبح کو منہ نہار کھلائیں۔

فائیدہ:۔ پیٹ سے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔

نسخہ:۔ برنگ کابلی ایک تولہ دہی کے ہمراہ کھائیں۔ اوپر سے ناریل کا تیل پیئں۔

فوائید:۔ معدے کے سارے کیڑے مر جاتے ہیں۔

نسخہ:۔ کاکنج جس کو ہندی میں راج بھوتکہ کہتے ہیں ایک حصہ جوہری اجوائن اس کے ہموزن پیس کر روزانہ ۴ ½ ماشہ صبح کو نہار منہ کھائیں۔

فوائید:۔ کیڑوں کے مارنے میں مجرب ہے۔

نسخہ:۔ ابھل ۲ تولہ ۱۱ ماشہ گائے کے اُتنے گھی میں کہ ابھل اس میں چھپ جائے۔ پکائیں۔ تاکہ گھی جذب ہو جائے پھر پیس کر شکر ہموزن ملا کر روزانہ ۷ ماشہ کھائیں۔

فوائید:۔ پیٹ کے سارے کیڑوں کو نکال دیتا ہے۔

نسخہ:۔ پنکھراج ۔ برنگ کابلی مقشر ہر ایک ۳ ½ ماشہ تربد سفید مدبر۔ گوگل ہر ایک ۷ ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں ملائیں اور سب کو ایک مرتبہ کھالیں مگر اس معجون کو کھانے سے ایک گھنٹہ پہلے تازہ دودھ تقریباً ایک سیر پی لینا چاہیے۔

یہ معجون تین دن تک دوا استعمال کرنی چاہیئے۔

فوائد:۔ معدے کے کیڑے اور حب القرع میں مجرب

نسخہ:۔ انجدان۔ بیخ انجدان ہر ایک ۱۲ ماشہ۔ جوہری جوائن ۷ ماشہ کوٹ چھان کر تگنے شہد میں ملائیں اور تین روز تک کھائیں۔

فوائد:۔ پیٹ کے ہر قسم کے کیڑوں کو مارتا ہے۔

نسخہ:۔ انجدان۔ بیخ انجدان۔ پوست بیخ کبر۔ اندرجو تلخ ہر ایک ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ جوہری جوائن۔ ماہی زہرج۔ کمیلہ ہر ایک ۱۰½ ماشہ رتج۔ مصطگی۔ سونٹھ ہر ایک ۳½ ماشہ۔ بڑنگ کابلی۔ پلاس پاپڑہ ہر ایک ۱۴ ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند صاف شہد میں ملائیں۔ اور روزانہ ۷ ماشہ کھائیں۔

فوائد:۔ معدے کے کیڑے نکالنے میں مفید ہے

سفوف

نسخہ:۔ کمیلہ۔ بابڑنگ۔ برگ نیم ہر ایک ۹ ماشہ۔ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ ایک ماشہ سے ۲ ماشہ تک بچے کی طاقت کے مطابق شہد میں ملا کر چٹائیں۔ اس کے بعد کوئی دست آور دوا پلائیں۔

فوائد:۔ ہلاکت حیات و کدو دانہ کے لئے مفید ہے

سفوف مجرب

نسخہ:۔ بابڑنگ۔ نرخس۔ ترمس۔ قسط ہر ایک ۳ ماشہ

حب النیل - تربد - بزج ہر ایک ۲ ماشہ سب کو کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں -

مقدار خوراک :- بمقدار مناسب شیر گاؤ میں ملا کر نیم گرم پلائیں -

فوائد :- کرم شکم کے لئے اکسیر ہے -

حبوب برائے کرم شکم

نسخہ :- کمیلہ - بابڑنگ - پودینہ خشک - پوست ہلیلہ زرد - تربد سفید - ہر ایک ۳ ماشہ - کوٹ پیس کر پانی میں گولیاں دانہ مونگ کے برابر بنائیں -

فوائد :- ۴ رتی تا ایک ماشہ گولیاں صبح کے وقت روغن بید انجیر یا جوشاندہ کالا دانہ کے ساتھ پلائیں -

فوائد :- اخراج کدو دانہ و حیات کے لئے مفید ہے -

حقنہ برائے قولنج

نسخہ :- بسفائج فستقی - پرسیاوشان ہر ایک ۷ ماشہ قنطوریون - دقیق - خربق سفید ہر ایک ۱۰ ماشہ - تربد سفید ۸ ماشہ سونٹھ ۳ ماشہ - سنا مکی ۲ تولہ - برگ چقندر ۱۵ عدد پانی میں پکائیں - جب آدھا پانی جل جائے تو چھان کر مغز املتاس ۶ تولہ ۹ ماشہ - گلقند ۳ تولہ ۴ ماشہ - غاریقون - شحم حنظل ہر ایک ۱۰ ماشہ بورہ ارمنی ۱۰ روغن گل ۳ ماشہ ڈال کر اس کے تین حصے کریں - اور تین دفعہ حقنہ کریں -

اگر قولنج ریاح کی وجہ سے ہو تو اس کی علامت یہ ہے -

کہ درد منتقل ہوتا ہے - پیٹ پھولا ہوا ہوتا ہے - اور پیٹ میں گڑبڑ ہوتی ہے - اور درد سے پہلے نفخ پیدا کرنے والی غذائیں استعمال میں آچکی ہیں - یا تر میوے کھانے کے بعد درد ہوتا ہے -

علاج :- معجون کمونی عرق بادیان کے ساتھ کھائیں۔ شیاف فلوس کام میں لائیں اور یہ گولیاں کھائیں -

حبوب

نسخہ :- برادہ آہن صاف کیا ہوا بقدر ضرورت لے کر دو روز تک سحق کریں - پھر گاجروں کا نچوڑا ہوا پانی اس پر ڈالیں - کہ چار انگل اوپر رہے اور چالیس روز تک دھوپ میں رکھا رکھا رہنے دیں - کشتہ ہو جائے گا - بعد ازاں پیس کر باریک کپڑے میں چھان لیں اور عرق پان میں چنے کے برابر گولیاں بنائیں - اور ضرورت کے وقت ایک گولی کھائیں -

فوائد :- قولنج کے لئے مجرب ہے -

مسہل

نسخہ :- مغز املتاس ۴ تولہ شیر خشت ۳ ماشہ عرق مکو میں حل کر یا جوش دے کر بادیان اضافہ کر کے لعاب لعاب اسپغول اور روغن بادام ڈال کر پلائیں -

نسخہ :- سداب ۳ ماشہ کو ماء العسل سے کھرل کر کے نصف وزن زیرہ اور چار حصہ بورہ ارمنی ملا کر شیاف بنا کر استعمال کریں -

فوائد :- فوراً قولنج کو تسکین ہوگی -

شیاف

نسخہ:۔ تخم سداب ۔ جند بید ستر۔ بورہ ارمنی مساوی شہد میں پیس کر یا بیل کے پتہ میں ملا کر شیاف بنائیں اور مقعد میں رکھیں ۔

فوائید:۔ قولنج فوراً آرام ہو جائے گا ۔

نسخہ:۔ سکبینج ۔ گوگل ۔ بورہ ارمنی حنظل ۔ خطمی مساوی [illegible] ین کر شیاف بنائیں ۔ اور استعمال میں لائیں ۔

فوائید:۔ قولنج کے لئے بہت مفید ہے ۔

حقنہ

نسخہ:۔ کبوتر کی بیٹ کو ارنڈی کے تیل اور پودینہ کے عصارے میں جوش دے کر حقنہ کریں ۔

فوائید:۔ قولنج کو فوراً آرام ہوگا ۔

شیاف

نسخہ:۔ سداب تازہ ۔ زیرہ کرمانی اجوائیں خراسانی نمک طعام کوٹ چھان کر فتیلہ بنا کر رکھیں ۔

فوائید:۔ قولنج ریحی میں مجرب ہے ۔

نسخہ:۔ جاوشیر ۔ گوگل ۔ اشق نمک ہندی ۔ شحم حنظل ۔ بورہ ارمنی ۔ حب النیل ۔ سقمونیا مشوی مساوی ۔ مغز ارنڈ کی ایک دوا سے آدھا ۔ گوندوں کو سداب کے پانی میں گھولیں اور دواؤں کو کوٹ چھان کر ملائیں ۔ پھر شیاف بنا کر استعمال میں لائیں ۔

فوائید:۔ قولنج میں مفید ہے ۔

قرص

نسخہ:۔ ترمد۔ افتیمون ہر ایک ۲ تولہ ۲ ماشہ۔ سکمونیا ۲۰ ماشہ کوٹ چھان کر ماء الاصول میں ٹکیاں بنائیں۔ اور روزانہ ایک ٹکیہ کھائیں۔

فوائد:۔ قولنج میں مجرب ہے۔

جوشاندہ

نسخہ:۔ برگ اروند ۱۳ ماشہ پانی میں پکائیں۔ اور جب آدھا رہ جائے چھان کر ملٹھی ۷ ماشہ کوٹ چھان کر ملا کر پلائیں۔

فوائد:۔ قولنج کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ:۔ ریٹھا ۸ رتی پیس کر شراب اور سکنجبین میں مل کر نوش کریں۔

فوائد:۔ قولنج کے درد کو فوراً آرام آجاتا ہے۔

نسخہ:۔ بھنگرہ ۵ عدد کو ہموزن شہد اور چوتھائی وزن کالی مرچ میں پیس کر گرم پانی سے کھائیں۔

فوائد:۔ قولنج میں مجرب ہے۔

سفوف

نسخہ:۔ بھنگرہ خشک۔ گل ٹیسو۔ تخم بنوار۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ مساوی کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔ خوراک ۳ سے ۶ ماشہ۔

فوائد:۔ قولنج میں مفید ہے۔

....

طلاء

نسخہ :۔ مور کی چربی کو پگھلا کر شہد اور سداب میں پیس کر درد کے مقام پر طلا کریں۔

حب

نسخہ :۔ تخم دھتورہ ۳ر تولہ ۔ ریوند چینی ۲ تولہ ۴ ماشہ صمغ عربی ۔ سونٹھ ہر ایک ایک تولہ ۲ ماشہ گوندھ کر پانی میں حل کریں۔ اور دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

خوراک :۔ ایک گولی

فوائد :۔ قولنج کے درد کو ساکن کرنے میں مجرب ہے۔

حبوب نارمشک

نسخہ :۔ پیپلا مول ۔ سازج ہندی ۔ فلفل سیاہ ۔ پیپل ۔ صعتر فارسی ہر ایک ایک تولہ ۲ ماشہ ۔ نمک ہندی ۔ زنجبیل ۔ حب بلسان دارچینی ہر ایک ۱۰ ماشہ ۔ ناگ کیسر ۱۲ ماشہ ۔ ہلیلہ سیاہ ۴ ماشہ صبر سقوطری ۵ تولہ ۱ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر آب مکو میں گولیاں بنائیں

خوراک :۔ ۶ ماشہ ہمراہ آب نیم گرم

فوائد :۔ قولنج میں بہت مفید ہیں۔

حب بادیان

نسخہ :۔ تربد سفید ۳ تولہ ۔ حب النیل ۱۳ ماشہ ۔ بلشرم بادیان ۔ کتیرا ہر ایک ۱۰ ماشہ سب کو کوٹ چھان کر رکھیں اور گوگل ۶ ماشہ کو آب گندنا میں گھول کر دواؤں کو اس میں ملا کر گولیاں بنائیں۔

خوراک :- یہ سب دو خوراک ہیں۔
فوائد :- قولنج کو جلد کھول دیتی ہیں۔

معجون مرطم

نسخہ :- مغز حب القرطم ۱۴ تولہ ۷ ماشہ۔ سکبینج ۲ تولہ ۱۱ ماشہ کوٹ چھان کر شکر کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔
خوراک :- ۷ سے ۱۰ ماشہ

معجون

نسخہ :- مرصاف۔ قسط تلخ۔ پودینہ بری۔ ظفل سیاہ۔ عاقر قرحا۔ برگ۔ سداب ہر ایک ۷ سے ۱۰ ماشہ۔ ہینگ سب دواؤں کے برابر سب کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد کے قوام میں ملائیں۔
خوراک :- ۶ سے ۹ ماشہ
فوائد :- قولنج اور ریاحی درد میں مفید ہے۔

معجون

نسخہ :- خولنجاں۔ سداب خشک۔ بیخ کبر۔ تج۔ ساذج ہندی ہر ایک ۳ تولہ کوٹ کر ایک رات عرق گلاب میں بھگوئیں۔ پس جوش میں جب نصف رہ جائے چھان کر عود ہندی۔ انیسوں۔ اذخر۔ اسارون تخم ترب۔ نارمشک۔ مصطگی۔ زرگوار۔ پیپل۔ پوست اترج۔ تخم کرفس کاشم۔ ساذج ہندی۔ صعتر۔ دارچینی۔ پودینہ۔ ہینگ۔ زیرہ سیاہ۔ لونگ۔ حرف بابلی ہر ایک ۹ ماشہ۔ جندبیدستر ۴ ماشہ کوٹ چھان کر رکھیں۔ اور گلاب کو جس میں دوائیں پکائی گئی ہیں۔ سہ چند شہد میں ڈال کر قوام کریں۔ اور کٹی ہوئی دواؤں کو

روغن بادام تلخ ۷۔۰ر تولہ میں چکنا کر کے شہد کے قوام میں ملائیں۔ بغیر روغن بادام کے بھی ملا سکتے ہیں۔ شہد دواؤں سے سہ چند ہونا چاہیئے

خوراک :۔ ۶ ماشہ دن میں دو بار استعمال کریں۔

فوائد :۔ قولنج ریحی میں مجرب ہے۔

معجون مسہل

نسخہ :۔ رنج۔ الائچی خورد۔ پیپل۔ ساذج ہندی۔ برنگ کابلی مقشر آملہ مقشر۔ لونگ۔ سونٹھ ہر ایک ۴۔۰ر ماشہ۔ بالچھڑ۔ زعفران۔ مصطگی۔ تخم کرفس ہر ایک ۲ر ماشہ۔ تربد مقشر۔ سقمونیا مشوی۔ ہر ایک ۹ ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد کے قوام میں ملائیں۔

خوراک :۔ ۱۳۔۰ر ماشہ ہمراہ آب نیم گرم

فوائد :۔ قولنج میں مفید ہے۔

معجون سقمونیا۔

نسخہ :۔ سقمونیا مشوی ۳۔۰ر تولہ تربد سفید ۴ تولہ ۴۔۰ر ماشہ۔ زیرہ سیاہ فلفل سیاہ۔ سونٹھ۔ برگ سداب۔ بورہ ارمنی۔ نمک ہندی۔ خولنجاں۔ رنج ہر ایک ۳۔۰ر ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں۔

خوراک :۔ ۴۔۰ر ماشہ

فوائد :۔ قولنج کے لئے مجرب ہے۔

معجون انیسوں

نسخہ :۔ انیسوں ۲ر تولہ۔ تخم سداب۔ اسقولوقندریون (کولی کاندہ) جاؤشیر۔ کمدرندہ۔ اسطوخودوس۔ میعہ سائلہ۔

جنطیانہ ہر ایک ۱۲-۱۰ ماشہ ۔ قسط تلخ ۔ زعفران ۔ فلفل سفید ۔ افتی
پودینہ پہاڑی ۔ مرمصطگی ۔ سونف ۔ تخم گذر بری ۔ گل سرخ ۔ سنبل رومی
ہر ایک ۳-۱۰ ماشہ دارچینی ۳ تولہ ۴-۲ ماشہ ۔ تج ۶ تولہ ۔ بہروزہ ۔ صمغ
بادام ہر ایک ۸ ۱ ماشہ ۔ بزرالبنج سفید ۲ تولہ دواؤں کو کوٹ چھان لیں
اور چپکنے والی چیزیں شراب ریحانی میں حل کریں اور سہ چند شہد
کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں ۔

خوراک :- پانچ کے بعد ۶-۰ ماشہ کی مقدار میں کھائیں ۔

فوائد :- قولنج اور سدہ کھولنے میں مجرب ہے ۔

معجون

نسخہ :- افیون ۔ بزرالبنج سفید ۔ بیدر ج (زیخ لفاخ) ۔ اجوائن
برگ سداب ۔ زیرہ سیاہ ۔ حب الغار ۔ جندبیدستر ہر ایک ۷-۱ ماشہ
سقمونیا مشوی ۷ ماشہ کوٹ چھان کر سہ چند شہد کے قوام میں ملائیں

خوراک :- ۳-۰ ماشہ

فوائد :- قولنج میں بہت مفید ہے ۔

جوارش کمونی

نسخہ :- زیرہ کرمانی ۲۹ تولہ ۲ ماشہ ۔ زنجبیل ۵ تولہ ۱۰ ماشہ
فلفل سیاہ ۷ ماشہ افتیمون ۸ تولہ ۹ ماشہ ۔ بورہ ارمنی دو تولہ ۴ ماشہ
کوٹ چھان کر شہد مصفیٰ کے قوام میں ملا کر معجون بنائیں ۔

خوراک :- ۶ ماشہ دن میں دو یا تین بار کھائیں ۔

فوائد :- قولنج ریاحی کے لئے مفید ہے ۔

نسخہ :- شورہ کو کیلہ میں رکھ کر روزانہ دو کیلے مریض کو کھلائیں

تین دفعہ کھانے میں آرام ہو جائے گا۔ شورہ ایک ماشہ ہو۔

نسخہ :۔ تربد سفید ۳ ماشہ۔ بالچھڑ۔ جاؤشیر۔ بسفائج ہر ایک ایک ماشہ پیس کر سب کے دگنے مطبوخ مویز منقیٰ میں ملاکر کھائیں۔

فوائد :۔ آرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

نسخہ :۔ بسفائج ۴ ماشہ کو پیس کر ماء العسل یا ماء الشعیر کے ہمراہ چند بار کھائیں۔

فوائد :۔ قولنج کے لئے بہت مفید ہے۔

سفوف

نسخہ :۔ بھنگرہ۔ ہلیلہ۔ بلیلہ۔ آملہ ہر ایک ۴ ماشہ دار فلفل ایک ماشہ پیس کر سفوف بنائیں۔ یہ سب ایک خوراک ہیں۔ دن میں دو تین بار گرم پانی کے ساتھ کھائیں۔

فوائد :۔ قولنج کے درد کو فوراً سکون دیتا ہے۔

نوٹ :۔ یہ نسخہ جدید شفا خانہ کا بارہا تجربہ شدہ ہے۔

دوا برائے سنگرہنی۔ از حکیم سید غلام مرتضیٰ خاں ملتانی۔

نسخہ :۔ بیش مدبر۔ فلفل سیاہ۔ فلفل دراز۔ سہاگہ بریاں۔ شنگرف۔ ہموزن سب ادویہ کو تین روز کھرل کر کے رکھ چھوڑیں۔ اگر آب لیموں سے لحق کریں۔ تو حمیات باردہ مزہ منہ کے لئے اکسیر ہے

خوراک :۔ ایک رتی سے تین رتی تک۔

فوائد :۔ تمام قسم کے اسہال کے لئے خواہ سنگرہنی ہو گئی ہو بہت مفید ہے۔ اسہال کا اس سے بڑھ کر کوئی نسخہ نہیں ہے۔

باب بارہواں

امراض گردہ و مثانہ

معجون عقرب۔ برائے گردہ مثانہ

نسخہ:۔ بچھو جلے ہوئے ۳ عدد۔ جنطیانہ۔ سونٹھ ایک تولہ مرچ سیاہ ۲ تولہ۔ دار فلفل ۲ تولہ۔ کاکنج ۵ تولہ۔ جندبیدستر ½ تولہ شہد میں ملا کر چھ ماہ تک محفوظ رکھیں۔ تاکہ مزاج پکڑے۔

خوراک:۔ بالغ کے لئے ¾ ۳ رتی نابالغ ہوئے ¾ ۱ رتی۔

احراق عقرب

ترکیب:۔ ایک بچھو۔ جو لاغر اور ضعیف ہو۔ لے کر شیشی یا برتن تانبہ میں گل حکمت کر کے ایک رات آگ معتدل تنور میں رکھ چھوڑیں تاکہ جل جائے۔ بعدہٗ داخل نسخہ کریں۔

برائے بول فی الفراش

نسخہ:۔ برشعشا صبح و شام ¾ ۳ رتی کھلائیں۔ ایسا ہی بیخ تننک ۹ ماشہ۔ ہر روز بکری کے دودھ کے ہمراہ کھلائیں مسلسل بول و تقطیر البول کا دافع ہے۔

نسخہ:۔ پوست اندا مرغ گھی گاؤ میں بریاں کر کے بقدر ۳ ماشہ رات کے وقت کھلائیں۔

فوائد :۔ پیشاب بے ارادہ مسلسل بول و تقطیر البول کے لیئے بے حد مفید ہے۔

برائے سنگ گردہ

نسخہ :۔ درخت انگور کی لکڑی کی خاکستر خشک کے پانی سے علی الصباح پلائیں۔

فوائد :۔ سنگ گردہ کے لئے نافع ہے۔

برائے سنگ گردہ و مثانہ

نسخہ :۔ پتنگ کبوتر سرخ ۶ ماشہ۔ دارچینی ۹ ماشہ۔ جدا جدا کوٹ پیس کر پلائیں۔ اور شربت بزوری ملا کر پلائیں۔

فوائد :۔ سنگ گردہ و مثانہ (پتھری) کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے نکال دیتی ہے۔

نسخہ :۔ تخم کرفس شہد کے ساتھ معجون بنا کر کھلائیں۔

فوائد :۔ سنگ گردہ و مثانہ کو بے حد نافع ہے۔

روغن عقرب

نسخہ :۔ بچھو چند عدد لے کر تیل تل میں ڈال کر شیشی میں چالیس روز دھوپ میں رکھیں۔

فوائد :۔ بواسیر کو مسوں پر لگائیں سنگ مثانہ و گردہ کے لیئے تین چار قطرے پانی میں پلائیں۔

ریگ مثانہ

نسخہ :۔ سنگ یہود ایک تولہ۔ ہڑتال۔ پھٹکڑی ہر ایک ۶ ماشہ تمام کو پیس کر ملا کر شورہ کے اوپر ڈالیں۔ اور ایک پیالہ

اوپر ڈھانپ دیں۔ اور اس کے نیچے آگ تیز جلائیں۔ جس وقت دھواں نکل جائے۔ نیچے اتار کر پیس کر رکھ لیں۔

خوراک:۔ ایک رتی پان میں دیں۔

فوائد:۔ ریگ مثانہ کے لئے نافع ہے۔

مفتت حصاۃ کلیہ

نسخہ:۔ پاشان کے پتے (پاشاں بھیدی) ایک درخت ہندی ہے کے پتے خشک کر کے محفوظ رکھیں۔ اس میں سے سفوف ۲ ماشہ دہی ۱ تولہ میں ملا کر پلائیں۔ اور اس کی جڑ کا سفوف دہی کے ہمراہ۔ مجرب ہے

فوائد:۔ گردہ کی پتھری کے لئے بے حد نافع ہے۔

برائے بندش پیشاب

نسخہ:۔ کلیجہ خروس (مرغ) پانی میں جوش دے کر پلائیں۔

فوائد:۔ فوراً پیشاب کھل جائے گا۔

ذیابیطس

ذیابیطس ایک مرض ہے۔ کہ اس میں پیاس سخت ہوتی ہے۔ اور پیشاب زیادتی سے آتا ہے۔ جس وقت پانی پئیں۔ فوراً ہی یا تھوڑے سے توقف سے پیشاب کرنے کی حاجت ہو جائے۔ بُو دائقہ پیشاب بیٹھا ہو۔ اور پیشاب پر مکھیاں و چیونٹیاں بباعث میٹھاس جمع ہو جائیں۔

ذیابیطس حقیقت میں دو قسم ہے۔ ایک غلبہ گرمی (حرارت) سے جو کہ کثرت سے ہوتا ہے۔ دوسرا غلبہ سردی سے جو شاذ و نادر واقع ہو۔ یہ دونوں قسمیں چند وجوہات سے ہو سکتی ہے۔ اِن

کی یہ تفصیل ہے۔ کہ

(۱) ایک یہ قسم ہے کہ حرارت جگر و گردہ سے ہو جاتے۔

(۲) دوسری قسم حرارت تمام رگ ہائے بدن سے ہو۔

(۳) تیسری قسم سردی جگر و گردہ سے واقع ہو۔

(۴) چوتھی قسم۔ حرارت معدہ و جگر و گردہ سے ہو۔

(۵) پانچویں قسم سردی معدہ و جگر و گردہ سے ہو

(۶) چھٹی قسم دماغ کی سرکت سے پیدا ہو جاتے۔

علامات ہر ایک قسم کے الگ الگ ہیں۔ بطور خاص وسیع تر جگر علامات مشترکہ تمام اقسام ذیابیطس کی یہ ہیں۔

کہ اس مرض میں پیشاب بہ نسبت تندرستی کے مقدار و شمار میں زیادہ آتا ہے۔ پیاس زیادہ ہُوا کرتی ہے۔ اور پانی سے تسکین نہیں ہوتی۔ اور پیاس نہیں بجھ سکتی۔ زیادتی و کمی عوارض اس مرض میں بموجب کمی یا زیادتی مرض سے ہُوا کرتی ہے۔ ذائقہ و بُو پیشاب کی میٹھی ہوتی ہے۔ اور پیشاب پہ مکھیاں و چونٹیاں جمع ہو جایا کرتی ہیں۔ مریض کے پیشاب میں اٹک نہیں ہوتا۔ اور سوزش بھی نہیں ہوتی اور محض پتلا مانند پانی کے ہوتا ہے۔ اور اس مریض کا پیشاب بے اختیاری میں خارج نہیں ہوتا۔ جب کہ سلسل البول میں بے اختیار نہ نکل جاتا ہے۔ مگر اس قسم کے پیشاب کے مریض کو بوقت پیشاب پہ قابو نہیں ہوتا۔ اور اس قسم کے مریض کی ہمیشہ زبان و جلد بدن خشک رہتی ہے۔ اور دانت بوسیدہ ہو جاتے ہیں۔ اور آخر کار دانت نکل پڑتے ہیں۔ اور ایسے مریض کو پسینہ بہت کم آتا ہے۔ بلکہ بالکل

آتا ہی نہیں - اگر مرض بے حد سخت قسم اختیار کر گیا ہوگا۔ تو منہ اور پسینہ اور پاخانہ مریض میں میٹھی بُو ہوگی - یہ مرض عموماً تپ دق یا مرض سرطان میں مبتلا کرتی ہے - ایسے مریض کا پیشاب بہ نسبت پیشاب صحیح (صحت ور) کے وزن میں بھاری ہوتا ہے -

علاج کلی ذیابیطس

چونکہ یہ مرض نہایت ردی و مہلک ہے - اس لئے اس کے علاج میں اصلیت یہ ہے - کہ پہلے قوت ماسکہ گردہ کو قوی کریں - مگر یہ بہت مُشکل ہے - اور یہ بھی معلوم ہو - کہ اس مرض میں قئے نافع ہے - بموجب کمی زیادتی اقسام کے عمل کریں - اور اسی طرح دفع قبض اور نرم رکھنا طبیعت کا ضروری ہے - لیکن چیزوں مُلینہ کا پلانا منع ہے - البتہ بذریعہ حقنہ چیزیں ملین کو عمل میں لا سکتے ہیں - اور دوائیں قابض اور مقوی بھی حُقنہ کی دواؤں میں شامل کرنا ضروری ہے - جب کہ یہ مرض اکثر گرمی سے واقع ہوتا ہے - تو اس لئے عام طور پر اس کا علاج دواؤں سرد جن میں قوت قابضہ بھی موجود ہو - سے ہونا چاہئے - چنانچہ جسقدر اُن دواؤں میں سردی اور قوت قابضہ زیادہ ہوگی - اسی قدر زیادہ نافع ہونگی - یہ بھی معلوم ہو - کہ دوائیں مدر یا غذاے مدر بول اس مریض کے حق میں دشمن ہیں بے حد احتیاط ہونی چاہئے -

اس مریض کو عرق لانا (پسینہ) اگرچہ مفید ہے - مگر اس کا نقصان

زیاد ہے - لہذا اس پر بھی غور رکھیں -
مریض کو حرکات بدنی و نفسانی سے دور رکھنا ضروری ہے - مریض حتی الامکان اپنی پیٹھ پر بوجھ نہ ڈالے - اور جماع کو اپنے اوپر حرام جانے - کہ حکم زہر قاتل کا رکھتا ہے - دوڑ دھوپ اور زیادہ چلنے پھرنے سے بھی پرہیز رکھیں -

عام علاج گرم ذیابیطس

مریض کو گرمی سے احتیاط کرائیں - اور غذائیں گرم و دوائیں گرم سے بھی پرہیز کرائیں - اور دوائیں سرد - کہ جنہیں قوت قابضہ ہو - استعمال کرائیں - استعمال کدو کا پانی - خیار کا پانی - قرص کافور وغیرہ کے ساتھ زیادہ مفید ہے - اور دہی یعنے چھاچھ گاڈھ - بے حد نافع بلکہ اگر بجائے آب (پانی) طعام کے ساتھ استعمال چھاچھ کا رکھیں - تو بہت مفید ہے -
مریض کو پیاس کے وقت پانی سے منع کرنا چاہئیے - اس کی خواہش کے مواق پانی سرد دینا چاہئیے اور اگر پانی یا چھاچھ گائے برف میں سرد کر کے پلائیں - تو زیادہ مفید ہے - چھاچھ ہونی چاہئیے - اور چھاچھ بکری کی بھی عمدہ ہے - اور چھاچھ کھٹی (ترش) بے حد نافع ہے -
مریض کو اس برتن میں - کہ جس میں چھاچھ برف سے سرد کی گئی ہو - بٹھلانا یا پانی سرد میں غوطہ کھانا بے حد مفید ہے

اس مریض کو آش جو خالی یا روغن بادام میں ملا کر پلانا بہت نافع ہے۔ اور استعمال شربت ہائے سرد مثل شربت لیموں و شربت انار۔ شربت غورہ۔ شربت حماض۔ شربت فالسہ۔ تسکین مرض کرتے ہیں۔ اور لعاب اسپغول۔ آب انار ترش۔ آب شاہتوت۔ اور آب آلو بخارا بھی نافع ہیں۔ اور اگر پانی چھاچھ گائے یا بکری مقطر کر کے پلائیں۔ تو پیاس کی مسکن ہے۔ اور اگر جو کا آٹا اور پانی سردق چھاچھ ترش کو بوزہ (قسم از شراب) بنا کر مریض کو استعمال کرائیں۔ بے حد مفید ہے۔ اور تکرار ترویق (مردق کردن) فوری نافع ہے۔ اور سرد خوشبویات کا سنگھا بمثل کافور۔ نیلوفر۔ صندل و کیوڑہ وغیرہ مسکن ہیں۔ اگر مریض اپنی پیٹھ کے نیچے بستر پر پھولوں خوشبو دار رکھ کر سوئے تو نہایت فائدہ بخش ہے۔ مانند گل نیلوفر۔ گل بنفشہ۔ گل سرخ۔ گل بہی۔ گل سیب۔ وگل نسرین۔ (سیوتی) گل گڑھل (سوڈل معروف) گل لیموں شربتی۔ یا کاغذی۔ گل ہار سنگھار۔ وگل کاسنی۔ سداگلاب۔ گل فردوس۔ گل لسان، فروز۔ گل کدو۔ گل پیٹھہ۔ وگل دھنیہ۔

اور استعمال آلو بخارا اس مرض میں بے حد مفید ہے۔ بہر حال حتہ الامکان استعمال کرنا چاہئے۔ اور جگر کے مقام پر اور گردہ کے مقام پر ہمیشہ سرد ضماد استعمال کرنے چاہئیں۔

قرص کافور اور قرص ذیابیطس۔ قرص گلنار۔ قرص طباشیر۔ اس مرض میں مفید ہیں۔ استعمال فالسہ اور جامن بھی اس مرض میں زیادہ نافع ہیں اگر گٹھلی تخم ہر دو مذکورہ بالا (فالسہ و جامن) خشک کر کے اور پیس کر سفوف بنائیں۔ اور ہر روز بقدر ۶ ماشہ ہمراہ چھاچھ استعمال کرائیں

فوراً نافع ہے ۔ اور یہ دوا بھی اس مرض میں فائدہ مند ہے ۔
نسخہ ۱ ۔ دھنیا خشک ۔ گل سُرخ ۔ طباشیر کبود ۔ تخم کاہو ۔
تخم خرفہ ۔ گل ارمنی ۔ گلنار ۔ گوند ببول ہر ایک ۱/۲ ماشہ ۔ کافور ایک
رتی تمام دوائیں کوٹ پیس کر ایک تولہ شربت انار ملا کر معمولی
تبرید کے ساتھ کھلائیں ۔
اگر چھال جامن اور فالسہ باریک پیس کر ان کا سفوف تمرہند
(املی) کے نتھرے ہوئے پانی بقدر ۶ ماشہ کھلائیں ۔ نافع ہے ۔
اس مرض میں ٹھنڈا پانی خوب پلا کر قئے کرانا باتفاق حکمائے
تجربہ کاراں نہایت مفید ہے ۔

غذا برائے مریض ذیابیطس

ضروری ہے ۔ کہ ایسے مریض کو غذائے گرم ہرگز نہ دیں ۔ بلکہ سبزی
سرد مثل خرفہ ۔ پالک ۔ توری ۔ بھنڈی پر قناعت کرائیں ۔ اور
جوار ۔ مکئی کی روٹی اس مرض میں فائدہ مند ہے ۔ اگر ہو سکے ۔ تو روٹی
کو چھاچھ میں تر کر کے کھلائیں ۔ ضعف کی صورت میں گوشت بچہ بکری
یا گوشت چوزۂ مرغ دینا مناسب ہو گا ۔ مچھلی تازہ بھی مفید ہے ۔ مگر
استعمال اس کا احتیاط سے کرائیں ۔ تاکہ پیاس میں زیادتی نہ ہو ۔
استعمال دودھ بھی بہتر ہے ۔ غذا دال مونگ و دال مسور میں مضائقہ
نہیں ۔ لیکن آش جو زیادہ فائدہ مند ہے ۔ اور خشکہ چاول روٹی گندم
سے بہتر ہے ۔ خاص کر جب کہ خشکہ کو چھاچھ ترش اور آب رندل
تمرہند (املی) سے کھلائیں ۔ اس لئے کہ دوا بھی یہ اور غذا بھی ہے
اور فیرنی گاؤ یا بکری کے دودھ کی بھی مفید ہے ۔ اگر گوشت

حلوان یا گوشت چوزہ مرغ پلاؤ پکا کر کھلائیں مضائقہ نہیں ہے۔
لیکن اس کا مسلسل استعمال پیاس کا محرک ہے۔ اور کوئی تمرہندی
انبوتی۔ چونکہ ترہ بیں جائز ہے۔

کل میوہ جات سرد اور ترشی سرد بقدر ضرورت ذائقہ کے
لیں ہرج نہیں ہے۔ مگر اشیاء مدر مانند بھی سے پرہیز بہتر ہے۔

فوائید علاج

معلوم ہونا چاہئیے۔ کہ اگرچہ علاج ذیابطیس گرم کے اقسام
کا ایک طریقہ پہ ہے۔ مگر بحسب تفاوت مراتب فرق ضرور ہے۔
چاہیے مرض کی شدت کی صورت میں علاج دوائیں قوی وسرد
اور متوسط حالت میں ضعف مرض کے لحاظ سے دوائیں اس کے
مناسب مداوا کرنا لازم ہے۔ لہذا طبیب کو لازم ہے۔ کہ اس قاعدہ
پر علاج گرم ذیابطیس میں ملحوظ رکھے جو تمام اقسام گرم کو شامل
ہے۔ چاہئیکہ۔

جسوقت مرض ذیابطیس تحقیق ہو جائے۔ تو پہلے قرص ہائے
سے علاج فرمائیں۔ اور اگر مرض شدید اور حرارت زیادہ ہو۔
اور قرص ہائے فائدہ مند نہ ہو۔ تو پھر اقراص کو سفوف کے
ساتھ کسی میں شامل کر کے استعمال میں لائیں۔ اگر دل میں بھی حرارت
پہونچ گئی ہو۔ اور دق کی ابتدا ہو چکی ہو۔ یا اس کا شبہ ہوسکتا ہو۔
پھر ان ادویہ مذکورہ کے ساتھ مفرحات سرد بھی کبھی کبھی استعمال
میں لائیں۔ اگر قبض سخت ہو جائے۔ تو پھر کبھی کبھی حقنہ ہائے
ملین عمل میں لائے جائیں۔ اور اگر مریض شکایت خفقان (دل کی دھڑکن)

اور حرارت قلب ہو جائے۔ تو خمیرہ صندل رات دن میں ایک وقت حاصل کر کے بوقت خفقان دیں۔ اور اگر مریض کو اسہال (دست) شروع ہو جائیں۔ تو جوارش آملہ یا مفرح آملہ و سفوف اسہال کبدی استعمال کرائیں۔ اور مسلسل استعمال جاری رکھیں۔ اور اگر مریض کو بخار بھی ہو۔ تو پھر عرق شیر یا عرق کافور ادویہ ذیابیطس کے ہمراہ استعمال کرائیں۔ طبیب کے لئے ضروری ہے۔ کہ اس مرض میں حرارت و خشکی کا لحاظ رکھ کر تسکین دینے کی کوشش کریں۔

اور گردہ مجاری کو تنگ کرنا لازمی سمجھیں۔ اور تار مکان ان دو امور پر نظر رکھیں۔ اور جس طرف شدت (زیادتی) دیکھیں۔ اسی طرف کو متوجہ ہو جائیں اور یہ بھی ضروری ہے۔ کہ وقت استعمال۔ ادویہ شدید سرد دواؤں۔ اور زیادہ طاقت ور حالیسات (گرم خشک) دواؤں سے پرہیز کریں۔ تاکہ مادہ دوسری طرف راجع نہ ہو۔

قرص نافع ذیابیطس

نسخہ:۔ رب السوس۔ تخم خیارین۔ تخم کاہو۔ تخم خرفہ بریاں صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔ کشنیز خشک بریان۔ گل ارمنی۔ نشاستہ ہر ایک ۶ ماشہ۔ گلنار۔ سماق۔ صمغ عربی۔ ہر ایک ½ تولہ کوٹ پیس لعاب اسپغول کے ساتھ قرص بنائیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ تا ۷ ماشہ ہمراہ بدرقہ معمولی استعمال کرائیں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے نافع ہے۔

قرص طباشیر۔ برائے ذیابیطس

نسخہ:۔ طباشیر ½۲ تولہ۔ تخم کاہو۔ ۲ تولہ ۹ ماشہ۔ تخم خرفہ + ۲ تولہ ۹ ماشہ

کشنیز خشک تا تین روز پروردہ سرکہ و تر رکھ کر بریان کیا گیا ہو۔ ایک تولہ ۳ ماشہ۔ گل سرخ ایک تولہ ۳ ماشہ۔ گل ارمنی ایک تولہ ۳ ماشہ۔ گلنار ۶ ماشہ۔ کافور ۱½ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ صمغ عربی ۶ ماشہ۔ اقاقیہ ۶ ماشہ۔ کوٹ پیس کر لعاب اسپغول یا خرفہ کے پانی سے قرص باندھیں۔

خوراک:۔ ۶ ماشہ سے ۱۰ ماشہ بدرقہ پانی انار سے دیں۔

قرص کافور برائے ذیابیطس

نسخہ:۔ تخم کاہو مقشر ایک تولہ۔ دھنیا خشک مقشر ایک تولہ زرشک ایک تولہ۔ حب کاکنج ایک تولہ صمغ عربی ایک تولہ۔ گلنار ۱ تولہ مغز خیار ۶ ماشہ۔ مغز تخم تربوز ۶ ماشہ۔ تخم خرفہ مقشر ۶ ماشہ۔ صندل سرخ ۶ ماشہ۔ صندل سفید ۶ ماشہ۔ تخم کاسنی ۳ ماشہ۔ کافور ۱½ ماشہ کشتہ قلعی ۱۴ ماشہ۔ کشتہ مرجان ۴ ماشہ۔ گل سرخ ایک تولہ خاکستر ہاتھی دانت ایک تولہ تمام دوائیں کوٹ پیس کر آب انار ترش سے اقراص بوزن ۴ ماشہ باندھیں۔ ایک قرص علی الصباح دودھ تازہ گرم گرم سے جو دوہنے (چونے) کے وقت گرم گرم ہو کھلائیں۔ اور شام کے وقت ایک قرص شربت دردکے ساتھ کھلائیں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے یہ قرص بے حد نافع فوری مؤثر ہیں

قرص دیگر۔ نہایت مفید ذیابیطس

نسخہ:۔ تخم کنگنی۔ شقاقل مصری۔ ثعلب مصری ایک ایک تولہ اگر اقراص بالا میں اضافہ کریں۔ برائے قوت گردہ و مثانہ بے نظیر ہے۔

قرص گلنار

نسخہ:- گلنار ایک تولہ - گل سرخ ۹ ماشہ - اقاقیا ۶ ماشہ صمغ عربی ۳ ماشہ - کتیرا ۱½ ماشہ - تمام کو کوٹ پیس کر قرص تیار کریں اور بقدر ضرورت ہمراہ لعاب اسپغول کھلائیں -

فوائد:- مرض ذیابیطس کے لئے نافع ہے -

سفوف برائے ذیابیطس گرم

نسخہ:- موتی بے سوراخ - کہربا شمعی - لسد - کشتہ قلعی دانہ الائچی خورد کلاں - صندلین - ست گلو - ست سلاجیت - کتیرا - گل ارمنی ہر ایک ۶ ماشہ - زہر مہرہ خطائی - طباشیر سفید - مغز تخم کدو شیریں - مغز تخم خیارین - زرشک بیدانہ ہر ایک ایک تولہ کافور قیصوری ۲ ماشہ تمام کوٹ پیس کر سفوف بنائیں - مقدار خوراک ۶ ماشہ شربت انار میں ملا کر دیں -

سفوف نافع ذیابیطس

نسخہ:- صمغ عربی - کتیرا - نشاستہ - تخم کاسنی - مغز تخم کدو مغز تخم خربوزہ - تخم کاہو - گل نیلوفر - گل سرخ - تخم خطمی - گاؤزبان تخم خماض - صندل سفید - دھنیا خشک - سنگ یہود - گل ارمنی - گل فوفل ہر ایک ۶ ماشہ - ثعلب مصری ۲ تولہ کوٹ پیس کر تمام ادویہ کے نصف برابر قند سفید ملا کر سفوف تیار کریں -

مقدار خوراک:- ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ

فوائد:- نافع ذیابیطس دافع حرارت گردہ - و خارج ہونے

چربی گردہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

سفوف مجرب برائے ذیابیطس

نسخہ:۔ موصلی دکنی ایک تولہ۔ سنادر ۶ ماشہ۔ آملہ منقی ۶ ماشہ
مصطگی رومی ۶ ماشہ۔ منڈی ۶ ماشہ خار خشک ۶ ماشہ۔ ست گلو
۶ ماشہ۔ سلاجیت ۶ ماشہ۔ طباشیر ۶ ماشہ۔ پکھان بید ۶ ماشہ۔
خشت کہنہ ازچاہ کہنہ مدبر کی ہوئی۔ قند سفید برابر وزن کوٹ پیس
کر سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۴ $\frac{1}{2}$ ماشہ سے ۶ ماشہ بدرقہ مناسب کے
ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے نافع مجرب المجرب ہے۔

طریقہ تدبیر خشت کہنہ

اینٹ پورانی چاہ پورانے والی لے کر اور اس کو پاک وصاف
کرکے جو کوب کریں۔ اور پانی میں ڈال دیں۔ تاکہ تہ نشین (نیچے بیٹھ جائے)
ہو جائے۔ پھر اس پانی کو گرا کر دوسرا پانی ڈالیں اور اسی طرح سات
مرتبہ عمل کریں۔ یعنی سات مرتبہ پہلا پانی گرا کر دوسرا نیا پانی ڈالیں۔
بعدہٗ خشک کرکے تہ نشین کو کام میں لائیں۔

سفوف نافع ذیابیطس

نسخہ:۔ گلو خشک کو باریک پیس کر اس کے برابر قند سفید۔
یا کچی کھانڈ ملا کر سفوف بنائیں۔ ہر روز بقدر دو مٹھی بھر کھلائیں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے نافع اور معمول ہے۔

جوارش آملہ

(از اختراعات حکیم علویخاں)

نسخہ:۔ آملہ منقی ۳ تولہ ۹ ماشہ۔ زرشک منقی ایک تولہ ۶ ماشہ کافور۔ زعفران ہر ایک پونے دو ماشہ۔ گل سرخ ½۱۰ ماشہ۔ طباشیر۔ زہر مہرہ خطائی۔ گل داؤدی نستانی۔ کہربا۔ گل ارمنی شستہ۔ یشب سبز صندل سفید۔ ابریشم مقرض۔ مائیں خورد ہر ایک ½۳ ماشہ۔ دھنیا مقشر تخم خرفہ مقشر ہر ایک ½۱۰ تولہ۔ پتھر و نکو (یعنی یشب وغیرہ) کو سماق کے کھرل میں ہمراہ گلاب کھرل کرکے تمام دواؤں کے ہمراہ کوٹ پیس کر رس بھی میٹھے اور رس سیب میٹھے بقدر ہم ۱ تولہ ۷ ماشہ دہم ۱ تولہ ۷ ماشہ علی الترتیب ملا کر جوارش تیار کریں۔

خوراک:۔ ۷ ماشہ

فوائد:۔ شدت حرارت گردہ۔ اور ذیابیطس جو ضعف قلب سے ہو۔ کے لئے بے حد نافع۔

خمیرہ صندل

نسخہ:۔ گل گاؤزبان ۳ تولہ۔ برگ گاؤزبان ۳ تولہ۔ گل سرخ ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ برگ فرنجمشک ایک تولہ۔ تمام دوائیں ایک رات و ایک دن عرق گاؤزبان ۱۰ تولہ و عرق نکو ۱۰ تولہ و عرق بید مشک ۱۰ تولہ۔ و گلاب ۲۰ تولہ تر کرکے جوش دیں۔ تاکہ نصف رہ جائے۔ پھر صاف کرکے قند سفید ایک سیر شامل کرکے قوام دیں۔ اور طباشیر۔

کہربا شمعی مغز کدو شیریں - مغز تخم خیارین - تخم خرفہ مقشر - کشنیز -
خشک ۶ - ۶ ماشہ - مغز تخم کاہو - ۴½ ماشہ - زعفران ۱½ ماشہ
کافور ایک ماشہ - مشک خالص ایک ماشہ - کوٹ پیس کر اور تمام دواؤنکو
ملا کر خمیرہ بنائیں -

مقدار - خوراک :- ۳ ماشہ - ہمراہ عرق گاؤزبان وغیرہ چند
روز تک ملا کر پلائیں -

مفرح بارد

نسخہ :- موتی اصلی - کہربا - مرجان - یشب - فاد زہر معدنی
گلاب میں پسے ہوئے تخم کاہو - ورق نقرہ - گاؤزبان - لاجورد مغسول
زعفران - تخم خشخاس ہر ایک ۳ ماشہ - گل گاؤزبان - گل بنفشہ کشنیز
مقشر - دانہ الائچی ہر دو - بہمن صندل گلاب میں پسا ہوا - مغز تخم کدو
مغز تخم خیارین - گل سرخ ہر ایک ۶ ماشہ - عنبر - ورق طلاء - ہر
ایک پونے دو ماشہ - مربائے ہلیلہ - مربائے آملہ دو - دو عدد - شربت رجاسی
شربت انار شیریں ولایتی - شربت نیلوفر - شیر خشت ہر ایک ۶ تولہ -
قند سفید دو چند ادویہ گلاب میں قوام کریں -

خوراک :- ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک

فوائد :- ذیابیطس شدید الحرارت قلب و خفقان و اشتعال
بدن کے لئے بے حد نافع ہے -

عرق مسیحا

نسخہ :- صندل سفید - کشنیز خشک - نکو - ملٹھی ہر ایک ایک

پاؤ پختہ۔ برگ شہترہ ایک سیر۔ برگ کاسنی ۲ سیر۔ گل مہندی ۲ سیر
گل نیلوفر۔ تخم کاسنی۔ گل خطمی۔ گل گاؤزبان۔ برگ گاؤزبان ہر
ایک ½ سیر۔ کافور پونے دو ماشہ۔ رات کو پانی میں بھگو دیں۔ صبح
کو حسب معمول عرق کھینچیں۔

خوراک:۔ ۱۰ تولہ سے ۱۵ تولہ تک ہمراہ کسی قرص کے دیں۔
فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے مفید ہے۔

عرق شیر

نسخہ:۔ شیر بکری ۵ سیر۔ پانی عمدہ مصفیٰ ۴ سیر۔ عرق کیوڑہ
ایک سیر۔ عرق بید سادہ ایک سیر۔ آب دہی گائے مقطر ایک سیر
عرق گاؤزبان ۲ سیر۔ گل گاؤزبان۔ شیرہ خرفہ مقشر۔ زہر مہرہ
خطائی مسحوق۔ کشنیز خشک۔ صندل سفید۔ ابریشم مقرض۔ آملہ مقشر
ہر ایک ۷ ماشہ۔ صندل سرخ۔ شیرہ مغز تخم کدو شیریں۔ شیرہ مغز
تخم تربوز۔ شیرہ تخم کاہو مقشر۔ شیرہ مغز تخم پیٹھہ۔ گلو سبز۔
خوشبوئے خس۔ گل لالہ ہر ایک ½ ۱۰ ماشہ۔ گل سیوتی۔ جو مقشر ہر
ایک ½ ۷ ماشہ۔ حسب معمول عرق نکالیں۔

خوراک:۔ ۱۰ تولہ
فوائد:۔ ذیابیطس کو مفید۔ حرارت جگر و معدہ و قلب
حرارت تمام بدن کو فوراً تسکین بخشے

عرق کافور

نسخہ:۔ کشنیز خشک۔ گل گاؤزبان۔ صندل سرخ و سفید

تخم کاہو۔ مغز تخم کدو۔ تخم کاسنی۔ تخم خیارین۔ تخم خرفہ مقشر۔ تخم خربوزہ گل بنفشہ۔ گل نیلوفر۔ گل سرخ۔ برگ شاہترہ۔ طباشیر ہر ایک ۱۰ ماشہ بید مشک۔ باقلا ہر ایک تولہ۔ کافور قیصوری ایک تولہ ۸ ماشہ۔ برگ کاہو۔ برگ بید سادہ۔ کدو تازہ۔ جو مقشر نیم کوب برگ کاسنی۔ سیب شیریں۔ بہی شیریں۔ امرود ہر ایک ½ سیر۔ گلاب۔ عرق کاسنی۔ بید مشک ہر ایک ۲ سیر۔ پانی تازہ بقدر ضرورت تمام دوائیں عرقیات میں اور پانی کے ساتھ بھگو کر رکھ دیں۔ صبح کو عرق کھینچیں۔

مقدار خوراک:۔ دس تولہ شربت نیلوفر یا شربت خشخاش ملا کر پلایا کریں۔

فوائد:۔ حرارت جگر و تمام بدن۔ ذیابیطس اور دق میں معمول ہے

ضماد برائے ذیابیطس و حرارت جگر

نسخہ:۔ کائی تالاب۔ آرد جو۔ سرکہ۔ روغن گل۔ بید سادہ کی کونپلیں اور شاخیں تازہ خرفہ کی ڈنڈیاں تازہ۔ حی العالم کی ڈنڈلیاں۔ انگور کی تازہ ڈنڈلیاں بہی کی ڈنڈلیاں تازہ۔ تمام کو کوٹ پیس کر ملائیں۔ جگر کے اوپر اور گردہ کے اوپر لیپ کریں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے مفید اور حرارت جگر و گردہ کے لئے مسکن ہے۔

ضماد برائے ذیابیطس

نسخہ:۔ مسور کا آٹا۔ عرق گلاب میں ملا کر لیپ کریں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لئے نافع ہے۔

ضماد ۔ برائے ذیابیطس

نسخہ :۔ عصارہ لحیتہ التیس ۔ لادن ۔ آرام داؤد ہر ایک ۶ ماشہ ۔ اقاقیا ایک تولہ ۔ کندر ۶ ماشہ ۔ مازو ۳ ماشہ ۔ تمام کو کوٹ پیس کر عرق کاسنی یا سبز یا عرق برگ خرفہ میں لیپ تیار کر کے جگر و گردہ پر لیپ کریں ۔

لیپ دیگر برائے ذیابیطس

نسخہ :۔ صندل سرخ ۔ صندل سفید ۔ گل سرخ ہر ایک تولہ اسبغول ۹ ماشہ ۔ گل ارمنی ۔ گلنار ہر ایک ۶ ماشہ ۔ تمام کو باریک کر کے ۔ عرق برگ کاہو ۔ یا عرق برگ خرفہ کے ساتھ لیپ تیار کر کے جگر و گردہ کے مقام پر ضماد کریں ۔

فوائد :۔ ذیابیطس کے لئے بے حد نافع قوی العمل ہے ۔

ضماد برائے ذیابیطس

نسخہ :۔ صندل سفید ۔ گل سرخ ۔ کافور ۔ کاسنی سبز کے عرق (اس میں پیس کر ضماد فرمائیں ۔

فوائد ۔ ذیابیطس کے لئے نافع ہے ۔

آبزن ۔ برائے ذیابیطس

نسخہ :۔ گل نیلوفر ۔ گل گڑھل ۔ گل بیٹھہ باغی ۔ گل سدا گلاب گل زنگترہ ۔ تخم کاسنی ۔ تخم کاہو ۔ باقلا ۔ گل خطمی ۔ برگ کونپل تازہ بید سادہ ہر ایک ۶ تولہ ۔ تخم خطمی ۔ تخم خبازی ہر ایک ۶ تولہ ۔ خیار

تربوز۔ پیٹھا۔ کدو ہر ایک یکپاؤ۔ پختہ لہگ بیری یک پاؤ۔ تمام دوائیں دیگ میں پانی ڈال کر ڈالدیں۔ اور جوش دیں۔ تاکہ نیم گرم ہو جائے۔ پھر کسی برتن کھلے پڑے میں ڈال کر مریض کو اس میں۔ بیٹھائیں۔ اور اگر حرارت جگر اور گردہ بھی ساتھ ہو۔ تو اس پانی سے نطول (پانی دھارنا) بھی کریں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کے لیئے نافع اور حرارت جگر و گردہ کا دافع ہے۔

حقنہ برائے ذیابیطس

نسخہ:۔ روغن کدو۔ روغن بادام دودھ تازہ میں ملا کر حقنہ کریں۔

نسخہ:۔ خرفہ کا پانی۔ کدو کا پانی۔ چوکا کا پانی۔ کاسنہ کا پانی تربوز کا پانی۔ خیار کا پانی۔ گائے کی دہی۔ تمام کو اکٹھا ملا کر روغن گل و روغن کدو ڈال کر حقنہ کریں۔

فوائد:۔ ذیابیطس کو نافع ہے۔

حقنہ برائے قبض ذیابیطس

نسخہ:۔ عناب۔ سپستان۔ جو مقشر نیم کوفتہ۔ تخم خطمی۔ چھان گندم۔ خارخشک۔ تخم خیارین۔ ہر ایک ایک تولہ۔ پانی ایک سیر و ایک پاؤ میں دیں۔ کہ ڈیڑھ پاؤ پانی رہ جائے۔ پھر اس میں سے نصف لے کر روغن گل و تیلی تل ہر ایک ایک تولہ میں ملا کر حقنہ کریں۔

فوائد:۔ قبض شدید جو ذیابیطس کی وجہ سے ہو۔ فوراً رفع ہو۔

فائدہ

مرض ذیابیطس میں جیسا کہ دہی مفید ہے ۔ لعینہ پانی مقطر دہی بھی بے حد نافع اور مؤثر ہے ۔

فائدہ کشتہ جات

بعض اوقات اس مرض (ذیابیطس) میں علاج کشتہ جات نافع ہوتا ہے ۔ بلکہ ذیابیطس شدید کی حالت میں ۔ جب کہ کوئی علاج فائدہ نہیں دیتا ۔ تو کشتہ جات کے علاج بے حد مؤثر ثابت ہوا ہے ۔ ذیابیطس نیا و پورانہ کشتہ جات کے علاج سے رفع ہو گئے ۔ کشتہ جات کا استعمال کبھی اکیلا ۔ اور کبھی دوسرے مرکب ادویہ کے ساتھ کرایا جائے ۔ اس مرض میں کشتہ قلعی بے حد نافع ہے ۔ اور لبدو چاندی ۔ ذولاجاد ۔ سکہ وغیرہ لیکن یہ کشتہ جات گرم و تیز گرم جڑی بوٹیوں سے تیار نہ ہوں ۔ بلکہ سرد جڑی بوٹیوں سے کشتہ ہونا چاہیئے ۔ اور کشتہ عقیق بھی اس مرض میں بہت مفید ہے ۔

فائدہ ضروری

یہ جو کچھ بھی بیان ہوا ۔ علاج ذیابیطس گرم و حار کا ہے علاج ذیابیطس سرد جو کہ کبھی اور بہت ہی کم ہوتا ہے ۔ کیلئے دیگر کتب معالجات سے استفادہ فرمائیں ۔

طریقہ علاج ڈاکٹری ذیابیطس میں

واضح ہو۔ کہ حکمائے انگریزی کے نزدیک اس مرض میں پرہیز زیادہ تر علاج اس مرض کا ہے۔ تاکہ پیدائشی مٹھاس (شکر) کا رُک جائے۔ یا کم ہو جائے۔ اور اسوقت تک اسباب دعوراض اس مرض کے اِن کے نزدیک تحقیق نہیں ہوئے۔ سوائے اس خیال کے یہ مرض پیاس دبھوک کی شدت اور لاغری بدن اور زیادتی پیشاب اور خون میں شکر کا جمع ہوتا شروع ہو جاتا ہے۔ زیر عمل تدبیر ان کی یہ ہے۔ کہ مریض کو وہ غذائیں نہ دیجائیں۔ جن میں نشاستہ وشکر زیادہ ہو۔ اور مریض کو سوائے غذائے حیوانی کے کوئی چیز نہ دیں۔ کیونکہ اکثر نباتات میں کچھ حصّہ نشاستہ ہوتا ہے۔ جو رطوبات جسمیہ کے ملنے سے شکر میں کیونکہ بدل جاتا ہے۔ روٹی۔ چاول اس مرض میں منع ہیں۔ دودھ اور شہد بھی کہ اینیں شکر و نشاستہ کا حصہ ہوتا ہے پنیر۔ مکھن اور گھی گوشت پرند و بیضہ مرغ کی اجازت ہے نان گندم کا بدل نان سبوسہ گندم ہے۔ جو بہتر ہے۔ اور خاص ترکیب سے بنائی جاتی ہے۔

اور ڈاکٹر جان ولسن جانشین کے قول کے مطابق اس مرض میں اچار جائز ہے۔ اور مربہ ہائے منع ہیں۔ اور استعمال دودھ گاہے گاہے جائیز ہے۔ اور دہی کا کھلانا یا پلانا نہایت نافع

اور مریض کی خواہش ہے تو شراب جو اصلی ہو بمقدار ۴ ماشہ قدرے پانی ملا کر دینا جائز ہے۔

جس شراب کے اجزا میٹھے ہوں۔ وہ مطلق منع ہے۔

ہر قسم کا غلہ۔ دال و اراروٹ۔ ساگو دانہ و میوہ جات مثل انبہ و انگور و ناشپاتی و سیب دہی۔ شہتوت انجیر و امرود۔ آلو بخارا و آڑو۔ کھجور و پستہ و کشمش وغیرہ منع ہیں۔ بالکل ترک کرائیں۔

سبزیوں میں سے بمثل۔ آلو۔ چقندر۔ گذر۔ شلغم۔ مٹر سیم منع ہیں۔ البتہ ترکاری سرسوں۔ میتھی و پالک۔ گوبھی۔ پیاز و تیرہ تیزک جائز ہیں۔ اور باقی کا استعمال درمیانہ ہو۔ چائے و کافی کا مضائقہ نہیں ہے۔ اس مرض میں چربیلا گوشت اور بیضہ مرغ مفید ہے۔

پیاس کے دفعیہ کے لئے سوڈا واٹر و برف کے پانی کی اجازت ہے۔ اور بعض کے نزدیک شراب و چائے و کافی سے مطلق پرہیز کرنا چاہیئے۔ اس مرض میں افیون کا استعمال دواؤں کے ساتھ مفید ہے۔ کیونکہ وزن تقاضہ پیشاب کو کم کرتی ہے۔ اور تسکین کا موجب ہے۔ اس مرض میں کپڑے گرم پہنیں اور غسل بھی پانی گرم سے کرانا چاہیئے۔ تاکہ پسینہ آئے۔ کیونکہ اس مرض میں پسینہ آنا فائدہ بخش ہے۔

فائدہ ضروری

مخفی نہ رہے۔ کہ کبھی پیشاب شیریں بغیر مرض ذیابیطس کے بھی آتا ہے۔ کیونکہ اس کا سبب کثرت آرام طبعی سے اور ریاضت نہ کرنے سے ہوتا ہے۔ اس لئے کہ ایسے اشخاص کو پورا ہضم نہیں ہوتا۔

غسول دافع بدبوئے پسینہ

نسخہ :۔ جوزالسرو ۔ مائیں ۔ برگ مورد ۔ نشاستہ ۔ گل سرخ پوست انار ۔ سعد ۔ اذخر ہر ایک ایک تولہ اونٹ کے خون میں ملاکر مالش کر کے فوراً غسل کریں ۔

فوائد :۔ پسینہ کی بدبو کو دفع کرنے میں مفید ہے ۔

باب تیرہواں

امراض خصیتین و کنج ران

علاج فتق

نسخہ :۔ تخم و برگ سویا ۔ برگ چنبیلی ۔ برگ تر مہندی ۔ مکو سبز ۔ شاہترہ ہر ایک ۲ تولہ پانی میں خوب جوشدیں ۔ اور اس پانی سے ٹکور کریں ۔ اور وہی دوائیں جو باقی نقوع کا پھوگ ہے ۔ اوپر باندھیں

فوائد :۔ فتق کے لئے نافع ہے ۔

نسخہ :۔ ناخونہ ایک تولہ ۔ سونف سبز ایک تولہ ۔ مغز بیضہ کچھوا ۳ عدد ۔ مکو خشک ا تولہ ۔ چوہے کی مینگنی ایک تولہ ۔ تمام کو پانی میں پیس کر اور گرم کر کے جائے انصال فتق پر لیپ کریں ۔

فوائد :۔ فتق کے لئے بیحد نافع ہے ۔

علاج پھوڑا بد جو کنج ران پر ہو

نسخہ:۔ چونہ ایک تولہ۔ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد میں ملا کر پھوڑے پر لیپ کریں۔ اسیطرح آدمی کے سر کی ہڈی پیس کر لیپ کریں اور اسپغول پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ یا کتھ سفید ۶ ماشہ۔ تج قلمی ۶ ماشہ۔ کمیلہ سرخ ۶ ماشہ۔ گوند کیکر ۶ ماشہ پیس کر پانی کے ساتھ ملا کر دنبل (بدھ) کے برابر لگائیں۔

فوائد:۔ بدھ پھوڑا کے لئے نافع ہے۔

برائے ورم خصیہ

نسخہ:۔ تازہ فضلہ (یعنی بیٹھ) چیل کے بچہ کی اس کے گھونسلا سے لے کر ورم خصیہ پر لیپ کریں۔ لیکن ایک ساعت سے زائد لیپ نہ لگا رہنا چاہیئے۔

فوائد:۔ محلل اورام خصیہ ہے۔

باب چودھواں

امراض معدہ بواسیر خونی و بادی

فائدہ

۱۔ صاحب بواسیر کو سودا پیدا کرنے والی غذائیں۔ مسلسل مستی اور شراب قوی۔ مقوم۔ پیاز۔ رائی وغیرہ جو کچھ کہ سبب احتراق

خون کی ہیں۔ اُن سے پرہیز واجب ہے۔ اور استعمال اغذیہ نرم و تر۔ گوشت نرم موٹا۔ اور چیزیں تر چربیلی کم۔ ترشی۔ اور میوہ جات گرم و ترش بھرے۔ فالودہ تازے۔ اور فیرنیاں تر۔ اور مثال ان کے مفید پڑتی ہیں۔ اور خاصکر کھانا گندنا تازے پختہ کا۔ اور تیل اس کا البتہ منع ہے۔ اور دھواں اس کا لینا مسکن ہے۔ معدہ اور اس کے پردُو کو تقویت دیتا ہے۔ گلقند۔ اور مصطگی و حلوۂ بہلانواں جو دوائیں گرم و خشک ان میں کم ہوں۔ تو یہ جامع النفع ہیں۔ خاص کر بطور عادت تدریجاً اس سے تھوڑی مقدار میں لینا۔ اور اسیطرح عادۃً ہڑتال بدستور اور فنجنوس (مرکب نسخہ) اس مرض میں خاصیت عجیب رکھتے ہیں۔

۲۔ جب یہ مرض سوءِ مزاج طحال و جگر اور معدہ و امعا سے ہو۔ تو اصلاح اِن اعضا کی ضروری ہے۔

۳۔ تنقیہ بدن۔ رگ صافن۔ قالیغن یا باسلیق و صافن کی مفید ہے۔ اور سنگیاں درمیان چوتڑوں کے کھچویں۔ اور تنقیہ خلط سوداوی کا۔ ترتیب اعمال دقیق سے ہونا چاہئے۔ جب کہ مادہ غالب ہو۔ اور عوارضاتِ مرض گھیر چکے ہوں۔ یا اس کے پھوٹ پڑنے کا خوف ہو۔

اور جہاں سودائے غیر طبعی سبب ہو۔ دست بمثل جوشاندہ ہڑ آملہ۔ لسوڑے وآلو۔ افتیمون کے مرکبہ سے لائیں۔

اور جہاں سودائے طبعی سبب ہو۔ تنقیہ جوشاندہ ہڑ اور افتیموں سے کافی ہوگا۔ دھوآں ادویہ کو مسہ تازے بواسیر

بواسیر کو خشک کرنا ہے ۔ اور مجرب ہے ۔ وہ دوائیں یہ ہیں ۔
بلادر (بھلانواں) ہڑتال ۔ پوست کنیر ۔ بیخ کوڑتمہ ۔ بیخ ہرل سفید
سورنجاں ۔ فرفیون ۔ برگ موئرد ۔ کنچلی مار ۔ ایرسا ۔ بیخ انگدان
مغز زردآلو ۔ اونٹ کی لید ۔ پوست بیخ کبر ۔ تمام کو یا ہر ایک ایک
علیحدہ یا بعض کو بعض کے ساتھ ملا کر دھوآں لیں ۔ مگر سب سے
قوی بلادر ہے ۔ ہڑتال ۔ فرفیون ۔ و پوست سانپ یہ عمل وقتی ہے
جہانکہ مسہ ہائے ظاہر ہوں ۔ اور قضا حاجت کے وقت باہر نکل
آئیں ۔

پھر طریقہ اس عمل کا یہ ہے ۔ کہ ایک دیگ گلی میں سوراخ
کر کے لید شتر کو تین لکڑی بیخ کبر بجھا کر ان کے اوپر دوائیں رکھ
کر آگ دیں ۔ اور دیگ کو ان کے اوپر الٹا کر رکھیں ۔ سوراخ سے
مسہ ہائے پر اچھی طرح دھوآں لیں ۔ اور ہر روز چند لمحہ تکرار عمل
کریں ۔ اور ایسا ہی پشک مسور خشک کر کے دھواں مسہ ہائے
کو دیں ۔ مفید ہے ۔

وہ دوائیں ۔ جن کا مسہ ہائے پر لگانا ان کو خشک کرتا ہے

سانپ پھندار کی چربی تھوڑی سی مرزنجوش خشک و نمک باریک
پسے ہوئے کے ہمراہ مسوں پر ملنا بہت نافع ہے ۔

دیگر مجرب برائے مسہ ہائے بواسیر

نسخہ :۔ پیاز عنصل تازہ ہو تو فقت اسکی جڑ تازہ کا نیرہ

لے کر قطرہ۔ قطرہ مسوں پر بواسیر کے لگائیں۔ اور یہ عمل دو تین دفعہ کریں۔

فوائد:۔ مسہ ہائے بواسیر کو زائل کرنے میں ایک شخص کا مجرب ہے

مرہم دافع شقاق بواسیر

نسخہ:۔ بطخ کی چربی۔ چربی بچہ کبوتر۔ مغز پنڈلی گاؤ ہر ایک برابر اور چربیوں کے برابر چربی کوہان اونٹ گلا کر (پگھلا کر) اور اس مجموعہ کا تیسرا حصہ خون کبوتر۔ اور تمام کے چوتھائی حصہ افیون حام دستہ سکہ یا تانبہ زرد میں صلایہ (کھرل) بنائیں اور پتلا لیپ بنا کر لگائیں۔

فوائد:۔ دافع شقاق مقعد بوجہ بواسیر و مسکن درد سریع التاثیر ہے

مرہم برائے درد بواسیر

نسخہ:۔ موم سفید۔ اسفیدرج۔ چربی بطخ۔ چربی گائے اکٹھی پگھلا کر اور گندنا جو تیل میں پکایا گیا ہو۔ اس میں پہلی دوائیں ملا کر حام میں مانند مرہم بنا کر نیم گرم رکھیں۔

روغن برائے تسکین درد بواسیر

نسخہ:۔ روغن عود۔ روغن گل۔ روغن زرد آلو تلخ سے تیار کیا ہوا۔ روغن کوہان شتر۔ روغن گندنا۔ روغن بابونہ۔ جو تیل مغز شفتالو یا زرد آلو سے بنایا گیا ہو۔ تیل مغز پنڈلی شتر و گائے اگر ان میں موم و مُقل تھوڑا۔ تھوڑا داخل کریں۔ اور نیم گرم کام میں لائیں۔

فوائد:۔ بواسیر کے درد کو نافع بے حد مؤثر ہے۔

آبزن ۔ جو ورم نرم کر کے تسکین دے

نسخہ :۔ خطمی ۔ خبازی ۔ بنفشہ ۔ گل سرخ ۔ تمام کو خوب جوش دیں ۔ اور ہاتھ سے مل کر مقعد کو کسی ایک روغن مذکورہ بالا میں سے چرب کرے ۔ اس میں کشادہ بٹھائیں ۔ اور اگر ہاتھ پاؤں جوشاندہ میں شامل کریں ۔ بے حد نافع ہے ۔

برائے بواسیر خونی

نسخہ :۔ رال سفید ۔ گل ارمنی دونوں مساوی پیس کر صاف چھان کر سفوف بنائیں ۔

خوراک :۔ ۳ ماشہ بدرقہ دہی کے ساتھ دو وقت صبح و شام کھلائیں ۔

فوائد :۔ بواسیر خونی کے لئے بے حد نافع ہے ۔

برائے بواسیر خونی

نسخہ :۔ مغز تخم سیب ۔ مغز تخم بکائین ۔ حضض مکی ۔ تینوں ہموزن لے کر عرق برگ گکروندہ میں کھرل کر کے بقدر نصف نخود گولی باندھیں ۔ صبح و شام ایک ایک گولی کھلائیں ۔ اور چند شیاف اس میں سے تیار کر کے بعد طہارت مسوں پر لگائیں ۔ یعنی صفرہ میں رکھیں ۔ تاشفایابی روزانہ کام میں لائیں ۔

فوائد :۔ خونی بواسیر کے لئے بے حد نافع ہے ۔

برائے بواسیر خونی

نسخہ :۔ کباب چینی ۲ تولہ ۔ رال سفید ایک تولہ ۔ قند سفید ۳ تولہ کوٹ پیس کر بقدر ۲ ماشہ ہمراہ مکھن ۲ تولہ صبح دیں ۔

فوائد :۔ بواسیر کے لئے نافع ہے

برائے بواسیر ہر قسم

نسخہ :۔ برگ و پھل عشق بچہ نصف پاؤ ۔ مرچ سیاہ ۲۱ عدد پیس کر سات غلولے بنائیں ۔ اور علی الصباح ایک غلولہ پانی کے ساتھ کھائیں ۔

فوائد :۔ بواسیر ہر قسم کے لئے بے حد نافع ہے ۔

علاج بگندھر

یہ دنبل فوطہ (خصیہ) کے نیچے ہوتا ہے ۔ اس کا علاج نسخہ ذیل سے کریں ۔

برائے بگندھر

نسخہ :۔ صابون ایک تولہ ۔ تخ قلمی ایک تولہ ۔ تخم کتان ایک تولہ تخم میتھی ایک تولہ ۔ مصبر کمنگری ۶ ماشہ ۔ صابون ۶ ماشہ ۔ گوگل بھینسہ ۶ ماشہ ۔ ریوند چینی ۶ ماشہ ۔ سجی سرخ ۶ ماشہ ۔ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر دنبل کے برابر پانی میں گرم کر کے ضماد (لیپ) تیار کریں ۔ اور بگندھر پر لیپ کریں ۔ اور اوپر برگ پان بنگلہ گرم کر کے باندھیں یہ ضماد ابتدا میں دنبل کو تحلیل کرتا ہے ۔ اور تیار کو پھاڑتا ہے ۔ اور کچے دنبل کو پختہ کرتا ہے ۔ بھگندر و دنبل ہر قسم کے لئے نافع اور اس کے کئی منافع ہیں ۔ اگر چوٹ پر استعمال کریں ۔ تو بجائے سجی کے نمک لاہوری عمل میں لائیں ۔

۲ ۔ اگر چوٹ سے ہڈی ٹوٹ گئی ہو ۔ تو انبہ ہلدی اضافہ کریں اور دوسری دوائیں تمام شامل کریں ۔ بھگندر پہ بپھارہ برگ نائے

موافق (موافق قسم کے پتوں) پر دیں ۔ جب بھگندر نرم ہو جائے ۔ تو نشتر سے کھولیں ۔ اور دیر نہ کریں ۔ نشتر کے بعد تیب و نمک باندھیں اور یہ مرہم استعمال کریں ۔

نسخہ :۔ گھی گائے گرم کیا ہو ۷ تولہ ۔ موم سفید ۲ تولہ ڈالیں اس کے بعد سندور گجراتی ۲ تولہ ۔ شنگرف ایک تولہ ۔ زیرہ سفید ایک تولہ ۔ سنگجراحت ایک تولہ ۔ مرچ سیاہ ایک تولہ ۔ کتھہ سفید ایک تولہ ۔ زرنج سفید ایک تولہ ۔ سپاری ایک تولہ ۔ طوطیا سبز ایک ماشہ ۔ تمام دواؤں کو پیس کر باہم ملائیں ۔ تاکہ قوام میں آجائیں ۔ مرہم تیار کر کے رکھیں ۔

فوائد :۔ تمام قسم کے دنبل ۔ پھوڑا و بھگندر کو بے حد نافع ہے ۔

برائے بواسیر بادی

نسخہ :۔ مغز تخم کدو تلخ کو لے کر پیشاب بچھڑا گاؤ شیاف بنائیں تین روز متواتر استعمال کریں ۔

علاج دافع مسہ ہائے بواسیر

زمین میں گڑھا کر کے اس میں انگاروں کی آگ دھر کر اس کے اوپر ایک پاٹ چکی کا رکھ دیں ۔ اس پہ چند ٹکڑے کچلہ کے رکھیں ۔ اور اوپر بیٹھ کر دھوآں ریزہ ہائے کچلہ کا لیں ۔

فوائد :۔ بواسیر کے مسے کو خشک کر کے دفع کرے ۔

بخور برائے بواسیر (از مجربات حبیب اللہ خاں سیاح امروہوی)

نسخہ :۔ بیضہ مور کا چھلکا ۔ تخم بھنگ ۔ کینچلی سیاہ سانپ تینوں چیزوں کا دھواں مسوں کو دیں ۔ اور دھواں لینے کے وقت

آنکھوں کو بے حد محفوظ رکھیں۔ کہ دھوآں اثر آنکھوں کو بالکل نہ پہونچے۔ ورنہ آنکھوں کی بصارت جاتی رہے گی۔ سانپ کی کینچلی اور تخم ہینگ ہندوستان سے منگایا جائے۔ دوسری جگہ اصلی میسر نہیں آتا۔ یہ عمل ایک ہی مرتبہ کافی ہے۔ خبردار آنکھوں کی حفاظت سے ہرگز غفلت نہ کریں۔

برائے بواسیر خونی

نسخہ:۔ برگ چرچیٹھ ۶ ماشہ۔ باریک پیس کر ہمراہ مرچ سیاہ پلائیں۔ اس کے بعد روٹی گھی والی کھلائیں۔

فوائد:۔ بواسیر خونی کو نافع ہے۔ اور خون حیض کو بھی بند کرے۔

ضماد برائے بواسیر

نسخہ:۔ جونک (جلم) کو خشک کر کے پیس لیں۔ اور معبر کے پانی کے ساتھ بواسیر کے مسوں پر لیپ کریں۔

فوائد:۔ مسہ ہائے بواسیر خشک ہو جائیں گے۔

سفوف برائے بواسیر

نسخہ:۔ چھڑیلہ یک پاؤ۔ سفوف بنا کر بقدر ذائقہ شکر ملا کر علی الصبح بقدر ۶ ماشہ کھلائیں۔

فوائد:۔ بواسیر دموی کے لئے مفید ہے۔

ضماد برائے بواسیر ہر قسم

نسخہ:۔ مغز تخم نیب۔ مغز تخم بکائین۔ رسوت۔ مقل ازرق ہر ایک مساوی عرق مکوہ (ہندی بوٹی) میں کھرل کر کے بمقدار دو نخود کے حبوب باندھیں۔

خوراک :۔ دو حب علی الصباح باسی پانی اور ایک گولی
بعد استنجا شیاف بنا کر مسوں پر لگائیں۔
فوائد :۔ بواسیر کو نافع قاطع مسہ بواسیر ہے۔
ایضاً۔ نافع بواسیر
نسخہ :۔ کیچوے پچاس عدد روغن کنجد (تیل تل) میں بھونیں۔
اور صاف کر کے اس میں ٹوپی بینگن کی پیس کر۔ اس روغن کو موم کے
موم روغن تیار کر لیں۔ اور اس میں سے بواسیر کی جگہ ملیں۔ خون کے
قطع کرنے کے لئے تھوڑے سے مازو کے ساتھ استعمال کریں۔
فوائد :۔ بواسیر کے لئے نافع ہے۔
برائے بواسیر ہر قسم (تجربہ شدہ باقر خاں خواجوی)
نسخہ :۔ پانی قلعی گراں۔ جو قلعی کرتے وقت برتنوں قلعی شدہ
کو سرد کرتے ہیں۔ اور دھویا کرتے ہیں۔ لے کر بعد فراغت قضائے
حاجت ایک ساعت (گھڑی) تک اس پانی میں بیٹھے رہیں۔ ایک
ہفتہ تک یہ عمل لگاتار کریں۔ اور پانی روزانہ تبدیل کیا کریں۔ انشاءاللہ
تعالیٰ مسہ ہائے کٹ جائیں گے۔ بواسیر بادی میں بھی دفع ہو گی۔ مجرب
حلوائے صبر۔ ملین نافع بواسیر
نسخہ :۔ پانی مغز صبر۔ کھویا (کھووہ) شکر۔ میدہ گندم۔
روغن گاؤ۔ ہر ایک دس چھٹانک۔ پہلے گھی گاؤ داغ دے کر میدہ کو
بریان کریں۔ اس کے بعد کھووہ اور پانی مغز صبر ملائیں۔ اس بعد شکر
خشک بھی داخل کریں۔ اور کفگیر چلائیں۔ تاکہ دوائیں مل جائیں۔
پھر لونگ۔ دارچینی۔ جوزبویہ۔ الائچی خورد ہر ایک ۵ ماشہ پیس کر

بنیچے آگ سے اوتارنے کے بعد ملاکر پھر کفگیر پھیر کر خوب ملائیں۔ یہ تمام اہم خوراک ہیں۔ صبح و شام کھلائیں۔ ترشی و بادی سے پرہیز۔

فوائد:۔ مقوی ملین۔ نافع بواسیر عجیب الفعل ہے۔

علاج ناسور

نسخہ:۔ مسور مقشر۔ کافور بوزن مساوی لے کر باریک سرمہ جیسا کریں۔ اور گھی گائے اور شہد خالص مساوی ملاکر کھرل کریں۔ اور گولیاں مانند بیر کے بناکر سایہ میں خشک کریں شیشی میں ڈال کر بالو جنتر کرکے تیل نکالیں۔ ناسور و زخموں پر لگائیں۔

فوائد:۔ پرانی ناسور و بواسیر و ناسور تازہ کو درست کرے۔

ایضاً برائے ناسور مجربہ حکیم عنایت خاں صاحب حیدرآباد

نسخہ:۔ برگ نیل کو پیس کر زخم پر لگائیں۔ اسی طرح تخم املی پانی میں پیس کر بتی میں لگاکر ناسور میں پہونچائیں۔ ایسا ہی قضیب ریچھ پانی میں پیس بتی یا صوف میں لگاکر ناسور کے زخم پر لگائیں۔ یونہی۔ ہزار پایہ (کنکھجورا) کو جلاکر اس کی خاکستر ناسور پر رکھیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ ناسور کو آرام ہو جائے گا۔

حب جوز۔ برائے بواسیر

نسخہ:۔ جوز بویہ۔ کتھہ سفید۔ مغز تخم انبہ کہنہ۔ افیون خالص ہر ایک مساوی ایک ایک ماشہ کوٹ پیس کر پان کے پتوں کے شیرہ میں حل کرکے حبوب بقدر دانہ جوار باندھ کر رکھیں۔

خوراک:۔ ایک حب صبح و ایک حب شام پانی تازہ کے ساتھ دیں۔ دافع پیچس و بواسیر خونی ہے۔

قاطع مسہ ہائے بواسیر ہر قسم

نسخہ:۔ ناخن ہاتھی رس لیموں میں پیس کر مسہ ہائے بواسیر پر لیپ کریں۔ اور مینگنی ارنبہ سے دھواں دیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ تین روز میں مسے خود بخود گر جائیں گے۔

فوائد:۔ قاطع مسہ ہائے بواسیر ہے۔

دافع بواسیر خونی و بادی۔

نسخہ:۔ جوز بویہ۔ لونگ۔ الائچی خورد۔ تیزپات۔ آملہ خشک بالچھڑ۔ ہموزن پیس کر دو چند شہد کا قوام کر کے باقی ادویہ کا سفوف شامل کر کے معجون تیار کر کے رکھیں۔ بوقت علی الصباح بقدر ۶ ماشہ کھلائیں۔ فوائد:۔ دافع بواسیر خونی و بادی ہے۔ مقوی باہ و نافع قولنج ہے۔

نسخہ:۔ ناگیسر کے پھول کا زیرہ ضرورت کے موافق رات کو پانی میں بھگوئیں اور چھان کر ایک تولہ شہد یا قند ملا کر پئیں۔ چالیس دن تک متواتر استعمال کریں۔ بواسیر باقی نہیں رہتی۔ مجرب ہے۔

باب پندرھواں

امراض ساقین۔ عرق النساء وغیرہ

نسخہ:۔ گوبر گاؤ بادہ۔ روغن زیتون میں ملا کر درد نقرس کی جگہ ملیں۔

فوائد :۔ دردِ نقرس کے لئے بے حد نافع ہے ۔

قرص

نسخہ :۔ شحم حنظل (چھلکے اور بیجوں سے صاف کیا ہوا) کندر ہر ایک ۵ تولہ ۱۰ ماشہ ۔ زراوند مدحرج ۔ فطراسالیون ۔ فلفل سفید ہر ایک ۷ ۱/۲ ماشہ ۔ جاؤشیر۔ سکبینج ہر ایک ۲ تولہ ۱/۲ ماشہ۔ دارچینی ۔ بالچھڑ۔ اندرجو ۔ تج سیاہ ۔ زعفران ۔ سونٹھ ہر ایک ۴ ۱ ماشہ گوندوں کو پانی میں بھگو کر خیساندہ حاصل کریں ۔ اور باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر اس خیساندہ میں ملائیں ۔ اور نخودی گولیاں بنائیں ۔ خوراک :۔ تین سے چھ گولیاں تک ۔

فوائد :۔ عرق النساء کے لئے مفید ہے ۔

نسخہ :۔ انزروت سرخ ۔ سورنجاں ۔ مصری سفید ہر ایک ۱۰ ۱/۲ ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں گوندھ کر آب شعبت کے ساتھ سب کا سب ایک دفعہ ہی نوش فرمائیں ۔ اس سے دست شروع ہو جائے گا ۔ اور بیماری دور ہو جائے گی ۔

فائدہ :۔ عرق النساء اور وجع المفاصل کے لئے مجرب ہے

نسخہ :۔ قطران ۔ رال ۔ عاقر قرحا ہر ایک ۷ ماشہ ۔ قسط تخم جرجیر ہر ایک ۳ ۱/۲ ماشہ ۔ پہلے رال کو روغن زیتون میں پگھلائیں باقی دواؤں کو کوٹ چھان کر اس میں ڈال کر خوب ملائیں ۔ اور درد کی جگہ لگائیں ۔

فائدہ :۔ درد عرق النساء کے لئے مجرب ہے ۔

....

باب سولہواں

امراض زانو و ٹخنیں وغیرہ۔

برائے درد مفاصل۔ گنٹھیا

نسخہ:۔ سم الفار زرد ایک تولہ۔ کیسر ۶ ماشہ۔ افیون ۳ ماشہ مغز بادام مقشر (چھلے ہوئے) ۴ تولہ پہلے باداموں کو خوب کوٹ کر سم الفار داخل کر کے دو گھنٹے کامل کھرل کریں۔ پھر زعفران (کیسر) شامل کر کے نصف گھنٹہ عمل کریں۔ اس کے بعد افیون داخل کر کے نصف گھنٹہ پھر کھرل کر کے بڑی گولیاں باندھ کر رکھیں ورنہ ایک بڑا قرص (ٹکیہ) بنا کر رکھیں۔

خوراک:۔ ایک دانہ تل کے برابر دیں۔ اس سے زیادہ ہرگز نہ دیں

فوائد:۔ (۱) برائے قوت باہ بدرقہ بالائی سے کھلا کر اوپر دودھ پلائیں۔ اور روغن انڈا میں ملا کر بغیر حشفہ اور سیون کے طلا کریں۔ اوپر پان رکھ باندھیں۔ شور نکلیں گے۔ مکھن لگائیں۔

۲۔ برائے دوسرے امراض درد وجع مفاصل، گھنٹیہ و تشنج ہر قسم پان میں رکھ کر سات روز کھلائیں۔ اور مرض گھٹیہ کے لئے بوقت ضرورت دو وقتہ استعمال کرائیں۔

۳۔ مرض تشنج میں۔ کہ دانت (منہ) بند ہو۔ قرص مذکورہ کا

سونگھانا بھی مفید ہے۔
تنبیہ ضروری :۔ مقدار خوراک میں۔ کبھی بھی زیادہ ایک تل سے نہ دیں۔ کیونکہ قطرہ کا احتمال ہے۔ بہت احتیاط کی جائے۔

برائے وجع مفاصل

نسخہ :۔ پھلانوہ ۲ ماشہ۔ سونٹھ کلاں ۲ ماشہ۔ سورنجاں تلخ ۲ ماشہ۔ تین تل ۱۰ تولہ سب کو یکجا جوش دیں۔ تاکہ دوائیں جل جائیں تیل صاف کرکے رات کے وقت مال کریں۔ اور اوپر برگ دھتورہ گرم گرم باندھیں۔ ایک ہفتہ کافی ہے۔

علاج جھولہ (گنٹھیہ)

نسخہ :۔ مغز تخم بیدانجیر (ہرنولی معروف) یک سیر۔ شکر سفید ایک سیر دودھ گائے ۵ سیر مغز دودھ میں پکائیں۔ اس کے بعد شکر ملا کر کفگیر پھیریں۔ اور سرد کریں۔
خوراک :۔ ایک تولہ صبح ایک تولہ شام کھلائیں۔
فائدہ :۔ گنٹھیہ و رعشہ دست و پا کے لئے نہایت نافع ہے۔

حب برائے ساعت مسہل

نسخہ :۔ سورنجاں شیریں۔ پوست ہلیلہ زرد۔ سنا کی مصطگی رومی۔ ہموزن کوٹ پیس کر بادام روغن میں ترکرکے گولیاں باندھیں۔
خوراک :۔ ۷ ماشہ پانی گرم سے دیں سو جانے کے وقت۔
فوائد :۔ خون غلیظ و فاسد و اعصاب سے خارج کرے۔ ہاتھ پاؤں کے درد۔ درد مفاصل۔ درد نقرس۔ درد عرق النساء۔ درد پیٹھ ماروں کو بے حد مفید ہے۔ ایک اچھا مسہل بھی ہے۔

برائے ناصور

نسخہ:۔ خانہ عنکبوت (مکڑے کا گھر) کو دونوں طرف سے انسان کے پیشاب میں تر کرکے ناصور پر رکھیں۔ اگر ناصور کی جگہ پر بال ہوں۔ تو پہلے اُن کو دور کریں۔

فائدہ:۔ ناصور کو بے حد نافع ہے۔

برائے وجع المفاصل

نسخہ:۔ سورنجاں ایک ماشہ۔ دانہ الاچی خورد ایک ماشہ۔ کشنیز خشک۔ قند سفید ۳ ماشہ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔ اور کھلا کر اوپر عرق گلاب و عرق گاؤزباں ۵ تولہ پلائیں۔

فائدہ:۔ دافع وجع مفاصل ہے۔ گنٹھیہ کو بھی نافع تر ہے۔

تیل برائے وجع المفاصل

نسخہ:۔ افیون۔ لونگ۔ سنکھیا۔ سونٹھ ہر ایک برابر بیضہ مرغ میں کھرل کریں۔ تعداد بیضہ مار تولہ ادویہ میں ۵۰ عدد ہونی چاہیئے۔ کھرل کرنے کے بعد اس کے گولیاں بنا کر آتشی شیشہ میں تیل نکال لیں۔ اور درد کے مقام پر مالش کریں۔

فوائد:۔ وجع مفاصل اور سردی کے دردوں کو نافع ہے۔

برائے وجع المفاصل

نسخہ:۔ بیخ بید انجیر دو سیر۔ پانی آٹھ سیر جوش دیں۔ کہ چوتھائی پانی باقی رہ جائے۔ پھر اس میں بید انجیر ڈال کر اسی قدر جوش دیں۔ کہ تیل باقی رہ جائے۔ صاف کرکے رکھیں اور مالش کیا کریں

فوائد:۔ درد مفاصل کو نافع ہے۔

ایضاً روغن خفاش

نسخہ:۔ چمگادر کلاں کو تیل کنجد میں جوش دیں۔ کہ خفاش خوب جل جائے۔ پھر کام میں لائیں۔

فوائد:۔ وجع المفاصل۔ تشنج۔ فالج ورعشہ کے لئے نافع ہے اور اس روغن سے قدرے احلیل میں ٹیکانا پیشاب بند کو جاری کرتا ہے۔

حب شنجرف

نسخہ:۔ شنگرف۔ افیون۔ سیماب (پارہ) ہر ایک ایک ماشہ اجوائین ۱۰ ارتی۔ بھلانواں بغیر ٹوپی ۱۴ ارتی۔ گڑ پرانا ۱۰ ارتی۔ پارہ اور شنگرف کو اکٹھا پیس کر اور چھان کر کے عرق ادرک میں خوب سون کریں۔ اور سات گولیاں باندھیں۔ ایک گولی صبح نہار منہ کھلائیں

فوائد:۔ آتشک کو نافع اور درد جوڑ جو آتشک کے سبب ہو۔ اس کے لئے موثر ہیں۔

روغن برائے امراض باردہ (سرد امراض)

نسخہ:۔ تخم سوئے ۴ تولہ۔ کلونجی۔ تخم میتھی۔ تخم السی۔ تخم مالکنگنی۔ ہرمل۔ بابونہ۔ سورنجاں تلخ ہر ایک ایک تولہ تمام دوائی کو دو سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح کو جوش دے کر جب پانی نصف سیر رہ جائے۔ تو مل صاف کر کے نصف پاؤ تیل کنجد اضافہ کر کے پھر اوٹائیں۔ تاکہ پانی خشک ہو کر تیل رہ جائے۔ محفوظ رکھ دیں۔ تھوڑا سا اس میں سے گرم کر کے درد کی جگہ مالش کر کے اوپر برگ بید انجیر گرم کر کے باندھیں۔

فوائد :۔ تمام سردی کے دردوں ۔ وجع مفاصل ۔ درد پشت فالج و لقوہ کے لئے بہترین موثر ہے۔

سفوف برائے جمیع امراض بارده

نسخہ :۔ دارچینی ۔ مصطگی ۔ زرنباد ۔ انیسوں ۔ سونف بوزن برابر کوٹ پیس کر قند سفید بوزن برابر ملا کر سفوف بنائیں۔

خوراک :۔ دو ماشہ سے چار ماشہ

فوائد :۔ دافع امراض سرد مفرح قلب و حافظ صحت ہے۔

حب وجع مفاصل

نسخہ :۔ ادرک مقشر ایک گرہ ۔ برگ سمبھالو ایک تولہ ۔ ہیرا ہینگ ۲ ماشہ ۔ تینوں کو ایک جگہ پیس کر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔ اور ہر روز ایک حب کھلائیں۔

فوائد :۔ وجع مفاصل کے لئے نافع ہیں۔

سفوف برائے وجع مفاصل

نسخہ :۔ مغز تخم بہلانواں ایک پاؤ ۔ دال نخود ایک پاؤ ہر دو بریاں بوزن مساوی ملا کر اور پیس کر ایک دیگ جدید گلی میں ڈال رکھیں ۔ اور ہر روز نہار منہ اس میں سے بقدر مٹھی بھر کھلائیں۔

فوائد :۔ درد مفاصل کے لئے مفید ہے۔

روغن مکوّ برائے درد مفاصل

نسخہ :۔ برگ ، مدار زرد ۔ برگ دھتورہ ۔ برگ ارنڈ ۔ برگ مہندی ہر ایک تازہ ۵ تولہ کوٹ پیس کر بشکل ٹکیہ بنا کر روغن کنجد میں جو ایک سیر ہو جائیں ۔ صاف کر کے مالش اور سینک کریں۔ درد مفاصل کو نافع ہے۔

باب سترہواں ۱۷

حمیات

برائے چوتھیہ و نجاری

نسخہ ۱۔ کاٹیپھل باریک پیس کر ایک ماشہ بخار کے چڑھنے سے پہلے پانی کے ساتھ پلائیں۔ اسی دن نوبت بخار (بخار کا آنا) موقوف ہوگا

برائے بخار سوداویہ

نسخہ ۱۔ مغز کرنجوہ۔ پلاس پاپڑا ہوزن سرخی ان کی چھیل کر دور کر دیں۔ دونوں کو باریک پیس کر گولیاں بقدر نخود باندھیں۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

فوائد ۱۔ بخار سوداویہ اور اس کے غلبہ کو روکنے کے لئے فوراً موثر ہے

علاج بخار کہنہ مزمن ودق

ایک لوٹیہ گلی جس میں پانی نہ پڑا ہو۔ یعنی بالکل نئی۔ اس کو آگ پر رکھیں کہ سیاہ ہو کر سرخ ہو جائے۔ پھر اس لوٹیہ کو آگ سے اوتار کر اس میں خوب کلاں ۹ ماشہ پانی پختہ ایک عدد۔ فلفل دراز پسی ہوئی ایک عدد۔ الائچی خورد بمعہ پوست پسی ہوئی چار عدد ڈالیں اور چمچہ سے الٹ پلٹ کرتے رہیں۔ تاکہ تمام دوائیں جل جائیں۔ اس کے بعد اس میں پانی ڈال کر چمچہ پھرائیں۔ تاکہ ادویہ آپس مل جائے۔ متواتر تین روز پلائیں۔ اور اسیطرح تاشفایابی عمل کریں۔

خوراک :۔ روٹی گندم یا چاول اور دال مونگ دیں ۔
فوائد :۔ بخار ہر قسم کو مفید ہے ۔

برائے بخار و تپ لرزہ

نسخہ :۔ سلفیورک ایسڈ ۴ قطرہ ۔ آب خالص ایک اونس ۔ کونین ۲ رتی ۔ میٹھا اندر ہے ۔ یہ ایک خوراک ہے ۔ ہر روز تین بار اسیطرح یہ خوراک استعمال کرنی چاہیئے ۔ اور کونین کی آخیری مقدار بوقت ضرورت ۶ رتی تک استعمال ہو سکتی ہے ۔

فوائد :۔ بخار و تپ لرزہ کے لئے نافع ہے ۔

اور صرف بخار کے لئے کونین کو سلفیورک ایسڈ میں گولیاں بنا کر تین گولیاں تین دفعہ دے سکتے ہیں ۔ وزن ایسڈ یہ ہے ۔ پیور سلفیورک ایسڈ ایک حصہ ۔ پانی ۸ حصہ ۔ اگر پانی کم ملانا ہو تو ۴ حصہ بھی ملا سکتے ہیں

حب کونین ۔ دافع بخار

نسخہ :۔ کونین گلابی رنگ عمدہ ہے ۔ اور سونٹھ اس کی شدت حرارت کے لئے مصلح ہے ۔ کونین ایک ۔ سونٹھ بے ریشہ ایک تولہ ۔ عرق لیموں میں بقدر نخود و مسور گولیاں بنا کر محفوظ رکھیں ۔ دونوں وقت صبح و شام ایک ایک گولی پانی کے ساتھ دیں ۔

فوائد :۔ بخار کو دفع کرنے میں بے حد نافع ہے ۔

برائے بخار چوتھیا و تمام تپ ہائے بارد

نسخہ :۔ خاکستر گھونگہ ایک چاول سے دو چاول تک پان میں نوبت سے ایک ساعت پہلے کھلائیں ۔ غذا شام کے وقت دودھ چاول دیں ۔

فوائد :۔ بخار چوتھیہ و تپ ہائے سرد اقسام میں نافع ہے ۔

باب اٹھارواں

امراض مرداں

طلائے مقوی باہ

نسخہ:۔ جونک ایک عدد لے کر گدھا کے خصیہ پر چپٹا دیں۔ جب خون سے سیر ہو کر خود الگ ہو جائے۔ تو تیل زیتون میں جلائیں۔ تیل کو چالیس دن تک زمین میں دفن رکھیں۔ اس کے بعد کام میں لائیں۔

فوائد:۔ بے حد مقوی باہ ہے۔

طلائے عمدہ

نسخہ:۔ سم الفار۔ عقرقرحا۔ گل زرد کو بیدہ۔ گل مدار ہر ایک ہم وزن کوٹ کر زردی انڈا مرغ میں ملائیں۔ اور گولیاں بنا کر رکھ دیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی تیل چنبیلی میں پیس کر کپڑا کی طاکی میں چیپاں کر کے طلا کریں۔

فوائد:۔ مقوی باہ عمدہ طلا ہے۔

طلائے نادر منعظ

نسخہ:۔ خانہ ناٹے (کھکھیر) زنبور سیاہ۔ کہ مٹی میں گھر بناتے ہیں۔ اور اس میں سبز کرم ڈال کر پرورش کریں۔ پھر ان خانہ ناٹے کو ہمراہ شہد خوب کھرل کر کے شفعہ چھوڑ کر لیپ کریں۔

فوائد:۔ مصلح مجلوق اور انتشار لاتا ہے۔

حلوائے گھیکوار عجیب الفعل وقوی التاثیر

نسخہ:۔ مغز گھیکوار ایک سیر۔ سونٹھ ایک تولہ۔ دار فلفل ۶ ماشہ اسگندھ ایک تولہ۔ بڑی الائچی ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ تعلب معری ۲ تولہ موصلی سفید ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۲ تولہ۔ چرونجی ۲ تولہ بنڈ خرمہ ۲ تولہ۔ میدہ گندم نصف پاؤ۔ شکر سفید ۱½ سیر۔ زردی بیضہ مرغ بیس عدد۔ گھی خالص تین پاؤ۔ بدستور معروف حلوا بنائیں۔

فوائد:۔ مغلظ منی و مقوی باہ نہایت عجیب ہے۔

مقوی باہ شدید التاثیر

نسخہ:۔ کیچوے خشک پاک و صاف و بھوسی اجوائن۔ اجوائن ۷½ تولہ ہر ایک۔ گڑ تین سالہ ایک تولہ ۶ ماشہ کوٹ پیس کر ملائیں۔ اور ۴ عدد غلولے تیار کریں۔ علی الصباح ایک غلولہ کھلائیں۔ ترشی و بادی سے پرہیز کریں۔

فوائد:۔ بے حد مقوی باہ ہے۔

فوری مقوی باہ۔ و مصلح عنین

نسخہ:۔ اجوائن خراسانی۔ گندھک آملہ سار۔ دونوں کو خوب باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ اس کے بعد پتہ مرغ جوان جس کے خار نکل چکے ہوں۔ لے کر اس پتہ میں ایک ایک چٹکی دونوں دواؤں کی ملائیں۔ اور انگلی سے خوب حل کریں۔ اور چار پانچ قطرے شراب دوآتشہ کے اس میں ملا کر اور حشفہ چھوڑ کر طلا کریں خشک ہونے کے بعد مشغول ہوں۔ مطلوق کے لئے ایک ہفتہ عمل کریں۔

فوائد:۔ بے حد مقوی باہ و دافع عنانت ہے۔

ایضاً۔ مقوی باہ

نسخہ:۔ خون گرما گرم مرغ نر جو قضیب پہ ذبح کر کے اس کا خون ضماد کیا جائے۔

فوائد:۔ مقوی باہ و منعظ ہے۔

مقوی باہ و شدید التاثیر

نسخہ:۔ چربی سور جنگلی ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ دارچینی عمدہ باریک سرمہ سا۔ شہد خالص ہر ایک ایک، تولہ ۸ ماشہ چربی کو پگھلا کر دارچینی پسی ہوئی تھوڑی تھوڑی ڈال کر حل کریں۔ اس کے بعد شہد ملا کر یک جاں کریں۔ بعدہٗ آگ سے اتار کر رکھ دیں۔ اس میں تھوڑا سا حشفہ وسیون چھوڑ کر طلا کریں اور اوپر پان کے پتے باندھ دیں۔ تین روز تک عمل کریں۔ مجلوق اصلی حالت پر آجائے گا۔

فوائد:۔ مقوی باہ مصلح عنین ہے۔

تدبیر کشتہ۔ سم الفار

نسخہ:۔ ایک ٹکڑا سم الفار ایک تولہ سات روز پانی کیلہ میں تر رکھیں۔ اور آٹھویں روز کیلے کے پوست یا پھولوں میں رکھ کر کپڑ مٹی کر کے زمین میں گڑھا کر کے پہلے دن ایک، اوپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ (یعنی آگ) اور دوسرے دن دو اپلوں کی آگ اسی طرح ایک ہفتہ تک ایک ایک اوپلہ بڑھاتے جائیں۔ حجر (پتھر کی مانند) ہو جائے گا کام میں لائیں۔ قوت باہ کے تسخیر عنین کام آئے گا

برائے قوت باہ و مجلوق

نسخہ:۔ دودھ گاؤ موافق برداشت طبیعت لے کر قطعہ حجر

(اشتک مدبر) مذکورہ سابقہ آگ میں سُرخ کرکے دودھ میں ایک مرتبہ سرد کریں - اور پلادیں - اسی طرح تین یوم یا ایک ہفتہ عمل کریں - اور جماع سے پرہیز کرائیں - مرد کامل ہو - اور سردیوں کے مرضاء کے لئے مثلاً تشنج وغیرہ میں قطعہ مذکور کو پانی میں سات مرتبہ سرد کرکے دو - تین بار پلائیں - انشاءاللہ کافی ہے -

تکمید برائے درستی مجلوق

نسخہ :- برادہ عاج ۲ ماشہ - مال کنگنی ۲ ماشہ - انبہ ہلدی ۲ ماشہ دو پوٹلی بناکر دواؤں کو شراب برانڈی میں ترکرکے پوٹلیاں بنالیں ہر روز شراب نئے سرے سے ملاتے رہیں - یا دودھ بھینس میں دو پوٹلی بناکر سات روز تک ٹکور کریں -

طریقہ خاص طور یہ ہے - کہ دودھ بھینس دیگ میں ڈال کر اوپر - سرپوش رکھ دیں - اور سرپوش کے درمیان سوراخ کریں - اور دیگ کے نیچے آگ دیں - اور سوراخ کے اوپر پوٹلی رکھا کریں - ایک ہفتہ تک ہر روز دو گھنٹہ ٹکور کرنی چاہیئے -

فوائد :- سُست و عنین کو درست کرتا ہے -

مقوی و ممسک

نسخہ :- چھوٹی الائچی - جوزبوا - دارچینی ہر ایک ۱½ ماشہ سپاری ۷ ماشہ - کشتہ سونا دورتی - گل سُرخ ۷ ماشہ - صندل سفید ۹ رتی - مشک ۹ رتی عرق گلاب ۲ تولہ میں کھرل کرکے گولیاں بقدر نخود بنائیں - ایک حب استعمال کریں - مقوی و ممسک ہیں -

---

مقوی باہ و منعظ

نسخہ:۔ پیشاب خر نصف پاؤ۔ عقرقرحا ایک تولہ۔ مغز کنجشک ۵ عدد۔ کھرل کر کے گولیاں باندھ کر رکھیں۔ بوقت ضرورت منہ کے لعاب سے پیس کر صبح و شام طلا کریں۔

فوائد:۔ مقوی باہ و انتشار لائے۔ قوی التاثیر ہے۔

برائے جریان و بند کشاد

نسخہ:۔ تالمکھانہ ۴ تولہ۔ مصطگی رومی ۵ تولہ۔ بھوسی اسپغول ۴ تولہ۔ ناریل ایک عدد۔ شکر سفید ۱۳ تولہ۔ سفوف بنا کر حسب دستور استعمال کریں۔

فوائد:۔ قاطع جریان منی۔ دافع دھات و نافع بند کشاد ہے

مقوی باہ و ممسک (مجربہ سید زوار حسین حیدرآباد)

نسخہ:۔ پارہ ۳ ماشہ۔ سفیدی بیخال کبوتر ۳ ماشہ۔ لیموں ایک عدد۔ ہر دو دوائیں عرق لیموں میں کھرل کر کے حشفہ و سیون چھوڑ کر لیپ کریں۔ اور ہوا میں خشک کر کے اس کے بعد مشغول ہوں۔ جب تک پانی سے نہ دھوئیں گے۔ فراغت نہ ہوگی۔

فوائد:۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

مقوی باہ

نسخہ:۔ گل دفلی (کبر) کافور۔ دارچینی۔ سنبھالی۔ (سنبھالو) ہموزن کوٹ پیس کر بوقت ضرورت قضیب پر لگائیں۔ اور مشغول ہو جائیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

مقوی باہ و درستی مجلوق

نسخہ:۔ مینڈک کلاں کا قیمہ بنا کر دیگچہ میں ہمراہ پانی جوش دیں۔ کہ حل کر تیل ہو جائے۔ صبح و شام طلا کریں۔

فوائد:۔ پس و پیش یعنی سست کو درست کرتا ہے۔ مقوی باہ ہے

برائے تعلیب فکر

نسخہ:۔ پوست انار۔ نیب (نیم) کے تیل میں بریاں کریں۔ حتی کہ حل جائے۔ پھر دودھ گاؤ میں ملا کر رات کو لیپ کریں۔ ایک ہفتہ تک متواتر عمل کریں۔

فوائد:۔ قضیب سست و پستان غلطیدہ کو اصلی حالت پر لائے

مقوی باہ۔ و مصلب ثدی

نسخہ:۔ سنگ مقناطیس۔ زیرہ سفید ہر ایک مساوی الگ الگ پیس کر محفوظ رکھیں۔ بوقت حاجت پانی میں حل کر کے قضیب پر طلا کریں۔ اور ثدتلین پر بھی۔

فوائد:۔ سست رگوں کو دو لمحوں میں سخت کرتا ہے۔ اور پستان غلطیدہ کو بھی نافع ہے۔

برائے۔ جریان

نسخہ:۔ بھوسی اسپغول نصف پاؤ۔ طباشیر ۴ تولہ۔ پھٹکڑی ۴ تولہ دانہ چھوٹی الائچی ۴ تولہ۔ قند سفید ۳۲ تولہ۔ سفوف بنائیں۔

مقدار خوراک:۔ ۲ تولہ ہمراہ دودھ گاؤ۔

علاج نامردی شرطیہ

نسخہ:۔ چالیس عدد چھڑے لے کر رات کے وقت ایک پڑے

کے مُنہ میں دو یا تین رتی سیماب داخل کر دیں ۔ اور صبح کو ذبح کر کے الائیش سے صاف کریں ۔ اور مصالحہ کے ساتھ کباب تیار کر کے کھلائیں روزانہ ایک ایک چڑے کو بدستور مذکور صدر عمل کریں ۔ اور قیمہ بنا کر کباب کھلایا کریں ۔ اور ان دنوں میں ہر روز چالیس یوم سفوف کینچوہ خشک بقدر دس تولہ دودھ بھینس میں طلا بنا کر کنج ران پیڑو وغیرہ پر ٹکور کیا کریں ۔ اور وہی سفوف ہر روز ٹکور کے بعد قضیب کے اوپر باندھیں ۔

فوائد :۔ نامرد کو شرطیہ مرد بناتا ہے ۔ نہایت مؤثر ہے ۔

طلا فوری مؤثر

نسخہ :۔ کافور ۔ سوہاگہ ۔ تنکا پدینہ ۔ سیماب ۔ شراب برانڈی میں خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں ۔ بوقت ضرورت طلا کریں ۔ اور ایک گھنٹہ کے بعد کار خاص میں شاغل ہوں ۔

فوائد :۔ فوراً انتشار لاتا ہے ۔ ممسک ہے ۔

کشتہ طلاء مقوی

نسخہ :۔ براده سونا ایک تولہ ۔ عرق گلاب ۲ تولہ میں جلا کر کے دو سکوروں کے درمیان رکھ کر آگ دیں ۔ اسی طرح ۱۵ پٹ کھرل کر کے دیں ۔ کافی ہے ۔

فوائد :۔ مقوی باہ و تقویت بدن کے لئے بے حد نافع ہے ۔

مقوی باہ

نسخہ :۔ مغز بادام ۱۱ عدد ۔ تازہ پانی کے ساتھ گھوٹیں ۔ اور شہد ۲ تولہ ملا کر ۳ یوم یا ۱۱ یوم پلائیں :۔ مقوی باہ ہے ۔

مقوی باہ

نسخہ:۔ نخود خام۔ پانی میں بھگو کر بوقت صبح اس کا نکال لے کر شہد ۲ تولہ ملا کر پلائیں۔ مگر نخود کا وزن ۵ تولہ۔ اور پانی ۱۰ تولہ ہونا چاہیے۔

فوائد:۔ مقوی باہ ہے۔

بے حد مقوی باہ

نسخہ:۔ کینچوہ تازہ کو خوب صاف و پاک کر کے ۲ تولہ۔ پارہ ۷ ماشہ۔ کرم برسات ۷ عدد۔ تینوں کو چار پہر کھرل کر کے غلولہ بنائیں۔ سردی کی موسم میں رات کے وقت تیتر کو کھلائیں۔ اور صبح اس کو ذبح کر کے اس کا گوشت معمولی مصالحہ کے ساتھ پکا کر روٹی گندم کے ساتھ کھلائیں۔ جسوقت شہوت غالب ہو۔ فوراً مشغول ہوں۔ اگر حرارت زیادہ محسوس ہو تو ایک تیتر کو دو شخص کھا سکتے ہیں۔ اسی طرح ایک ہفتہ متواتر سات غلولے۔ سات تیتر کھلائیں۔

فوائد:۔ شدید مقوی باہ ہے۔

کشتہ ہڑتال

نسخہ:۔ ہڑتال ورقی کو مغز گھیکوار میں رکھ کر اس میں گڑھا کر کے ۱۲ ماچک (اوپلہ) کے درمیان آگ دیں۔ جسوقت نصف آگ جل جائے۔ تو بالو ریت سے ڈھانپ دیں۔ اور قدرے کشادہ رکھیں۔ سفید براق ہوگی سرد ہو جانے پہ نکال لیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ و مقوی معدہ ہے۔

بے حد مقوی باہ ۔ استعمال ۔

نسخہ :۔ ایک بکری مادہ دودھ والی لائیں ۔ اس کو ایک رتی وزن میں ہڑتال آٹے میں لپیٹ کر کھلائیں ۔ اور ہر روز ایک رتی ہڑتال بڑھاتے رہیں ۔ اور روزانہ اسکا دودھ پلایا کریں ۔ حتیٰ کہ وزن ہڑتال بقدر ۸ تولہ کو پہونچ جائے ۔ کل ۸۸ یوم تک عمل کریں ۔ پہلے آٹھ یوم صرف ایک رتی ۔ ہڑتال دیں ۔ اس کے بعد روزانہ اضافہ کرتے رہیں ۔

فوائد :۔ بے حد مقوی باہ فوری مؤثر ہے ۔

خاک فولاد

نسخہ :۔ بُرادہ فولاد تولہ ۔ لوہ چون تولہ ۔ پیالہ چینی میں رکھ کر عرق پوست جامن ڈالیں ۔ کہ ایک اینچ برادہ سے عرق اوپر ہو سرپوش دے کر اونچا لٹکا دیں ۔ کہ عورتوں کا سایہ نہ پڑے ۔ پھر لا کر کھرل میں خوب کھرل کریں اور کپڑے میں چھان کر محفوظ رکھیں ۔

خوراک :۔ حسب برداشت طبیع بدرقہ گھی گائے یا کیلا میں رکھ دیں ۔

غذا :۔ کھچڑی مونگ ۔ ساتھ کافی گھی گائے ۔ ترشی اور بادی سے پرہیز کرائیں ۔ مدت استعمال ہفتہ ۔ دو ہفتہ حد تین ہفتہ ۔ چہار ہفتہ تک بھی اجازت ہے ۔

فوائد :۔ مقوی باہ و دافع امراض جبینہ ہے ۔

مقوی باہ ۔ دافع امراض سرد (از تجربات شاہ مردان صاحب)

نسخہ :۔ سم الفار زرد ایک تولہ ۔ کیسر ۶ ماشہ ۔ افیون ۳ ماشہ

مغز بادام مقشر ۳ تولہ۔ پہلے بادام کو خوب کوٹ کر کھرل کریں۔
اور سم الفار ڈال کر دو گھنٹہ کامل کھرل کریں۔ پھر زعفران شامل کر کے
نصف گھنٹہ اور افیون ملا کر نصف گھنٹہ پھر خوب کھرل کر کے بڑی گولیاں
تیار کر کے رکھیں۔ یا ایک بڑا قرص بنائیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں
خوراک:۔ کسی حالت میں ایک دانہ تل سے زیادہ نہ دیں
قوت باہ کے لئے بدرقہ بالائی سے کھلا کر اوپر دودھ پلائیں۔ اور روغن
بیضہ مرغ میں ملا کر بغیر حشفہ وسیون طلا کریں اور اوپر پان باندھیں۔
شور نکل آئیں گے۔ اُن پر مکھن لگائیں۔ دوسرے سرد امراض کے لئے
مذکورہ دوا پان میں رکھ کر سات روز تک کھلائیں۔ مرض گنٹھیہ میں
ضرورت کی بنا پر دو وقت استعمال کر سکتے ہیں۔ تشنج کے لئے جہاں
دانت بند ہوں۔ قرص مذکورہ کا سونگھانا بھی مفید ہے۔

فوائد:۔ مقوی باہ۔ دافع امراض سرد و درد اعصاب و
وجع المفاصل و گنٹھیہ ہر قسم و تشنج وغیرہ کے لئے بے حد مؤثر و نافع
ہے۔

طلاء عمدہ

نسخہ:۔ سم الفار۔ سفید ۵ تولہ۔ لونگ ۱۰ تولہ۔ سیماب ۵ تولہ
سفیدی انڈا دس عدد۔ بغیر لونگ کے تینوں دواؤں کو کھرل کر کے
غلولہ بنائیں۔ اور لونگوں کو نیمکوب کر کے شیشی میں نیچے اوپر غلولہ
کے دیکر بالو جنتر میں بدستور تیل کھینچیں۔ بغیر حشفہ وسیون استعمال
میں لائیں۔ دو سینخ پان میں کھلائیں۔ بلغمی امراض سرد میں مفید ہے
فوائد:۔ مقوی باہ بے حد ہے۔

مقوی باہ

نسخہ:۔ مینڈک کلاں زرد دو عدد۔ سم الفار سفید ۳ ماشہ۔ مالکنگنی یک پاؤ۔ عقرقرحا ایک تولہ۔ خولنجاں ایک تولہ۔ زعفران ۶ ماشہ۔ گوشت غوک قیمہ بناکر دواؤں کو نیم کوب کر کے قدرے خشک کر کے شیشی میں ڈال کر بالو جنتر کے ذریعہ تیل نکال کر استعمال میں لائیں۔ شور (برہ) نکل آئیں گے۔ اسپغول و کتھا و طباشیر بطور مرہم لگائیں۔

فوائد:۔ بے حد مقوی باہ ہے۔ پس و پیش کو برابر (درست) کرتا ہے۔

طلاء مقوی باہ عمدہ

نسخہ:۔ کینچوہ ۵ تولہ۔ جونک ۵ تولہ۔ تیل کنجد تین تولہ میں پیس کر ملائیں۔ اور شیشی میں آگ نرم پر تیل نکالیں۔ بوقت ضرورت پہلے عضو خاص کو پانی گرم میں خوب دھو کر مالش کریں۔ تاکہ سرخ ہو جائے۔ کپڑے سے صاف کر کے روغن مذکور طلاء کر کے اوپر پان باندھیں۔ صبح کو برگ پان تازہ عمل میں لائیں۔ اسی طرح تین روز عمل کریں۔

فوائد:۔ مقوی باہ طلا ہے۔ جلوق کو بھی نافع ہے۔

برائے فربہی آلت

نسخہ:۔ چوہے کو تابہ گرم کے اوپر دھر دیں۔ اور اس کی چکناہٹ چربی کی لے کر آلت پر ضماد کریں۔ آلت میں فربہی لاتا ہے اور شہوت کو تیز کرتا ہے۔

فوائد:۔ مقوی باہ بھی ہے۔

حلوائے گزر۔ مقوی باہ

نسخہ:۔ گزر دس سیر پوست و استخوان نکال کر دودھ ۵ سیر میں جوش دیں۔ کہ کسیقدر دودھ رہ جائے۔ گھی گائے بقدر ضرورت ڈال کر خوب بھونیں۔ تاکہ سرخ ہو جائیں + پھر قند سفید دو سیر ملا کر کفگیر پھرائیں۔ تاکہ حلوا بن جائے۔ اسکے بعد یہ اجزا ملائیں۔ دارچینی ۶ ماشہ۔ لونگ ۶ ماشہ۔ بیج گاجر ۶ ماشہ۔ زعفران ۱۰ ماشہ پیس کر ملائیں۔ اور حلوہ تیار کرکے محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ ۱۵ تولہ علی الصباح کھلائیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ ہے۔

روغن خراطین بے حد مقوی

نسخہ:۔ کینچوے تازہ پاک وصاف ایک سیر۔ گھی گائے دس سیر۔ اس قدر جوش دیں۔ کہ بریاں ہو جائیں۔ پس علیحدہ محفوظ رکھیں۔ غذا و کھانے میں استعمال کریں۔

فوائد:۔ بڈھے کو از سر نوجوان قوی و توانا بناتا ہے۔ اور بے حد منافع دیتا ہے۔ اگر عورت استعمال کرے تو بڑھاپا دور ہوکر از سر نوجوان ہو۔ اعضاء و پستان سخت مثل نوجوان عورت کے ہو جائیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ کایا کلپ ہے۔

جریان مردان و زناں

نسخہ:۔ دال سفید ایک ماشہ۔ شکر سفید ۴ ماشہ۔ باہم ملا کر دودھ گاڑھے کے ساتھ علی الصباح سات روز کھلائیں۔

فوائد:۔ جریان مردان و زنان کو نافع ہے۔

حب مغلظ منی

نسخہ:۔ صدف مروارید ۵ تولہ۔ تین روز کھرل کر کے اس کے ساتھ تالمکھانہ ۵ تولہ کوٹ پیس کر ملائیں۔ اور شکر سفید ۵ تولہ بھی اس میں ملا کر دودھ بڑ میں اس قدر تر کریں۔ کہ گولیاں بندھ سکیں۔ پس بقدر جنگلی بیر گولیاں باندھیں۔ اور سایہ میں خشک کر کے رکھیں۔ پہلے روز صبح و وقت شام ایک گولی کھلائیں۔ اور دوسرے دن سے دو۔ دو گولیاں صبح و شام کھلایا کریں۔ دودھ گاؤ کے ساتھ سات آٹھ روز تک دیں۔

فوائد:۔ عجیب الاثر ہے۔ دافع جریان ہے۔

ایضاً نہایت نافع سہل الوصول

نسخہ:۔ ملٹھی ۱½ تولہ۔ گلنار ۳ تولہ۔ تخم کاہو ۴½ تولہ۔ تخم سنبھالو ۵ تولہ۔ کوٹ پیس کر ہر روز علی الصبح نہار پانی تازہ کے ساتھ بقدر ۶ ماشہ تا ایک تولہ ایک ہفتہ تک کھلائیں۔

فوائد:۔ جریان کے لئے بے حد نافع ہے۔

طلاء مقوی باہ

نسخہ:۔ جونک ۱۵ عدد۔ خراطین خشک صاف شدہ ۷ تولہ ۶ ماشہ۔ تیل کنجد ½ ۱ پاؤ۔ خوب جوش دے کر صاف کر کے رکھیں۔ مقوی و منعظ ہے۔ طلا کریں۔

فوائد:۔ مقوی باہ ہے۔

موميائی

موميائی ایک رطوبت کی قسم سے ہے۔ سیاہ رنگ جو پہاڑ کے درزوں سے حاصل کی جاتی ہے۔ کوہ دداراب کی قسم عمدہ ہے۔ کہ فریدوں شاہ کے وقت میں اس کا حال معلوم ہوا تھا۔ اس کو پکا کر صاف کرتے ہیں۔ درجہ اوّل سوم میں گرم ہے۔ اور درجہ دوئم میں خشک ہے۔ اور بعض کے نزدیک حابستہ و خشکی غالب ہے۔ استعمال گرم میں شفاء و دوم میں بھی۔ اور درجہ اوّل میں خشک مانتے ہیں۔ اس کی قوت چالیس سال باقی رہتی ہے۔ رنگ میں سیاہ جیپ رچپا سی بے بُو ذائقہ میں بے مزہ ہے۔ گرم و خشک مزاج کو نقصان دہ ہے۔ مرزنجوش۔ مُشک۔ کافور۔ چند بے دستر روغن زیتون۔ شہد اور سکنجبین سے اس کی اصلاح ہو جاتی ہے۔ بدل اس کا دوسری قسمیں ہیں جو پہاڑ ہند سے آتی ہیں۔ مزاج کی رو سے ستارہ مریخ سے منسوب ہے۔ اس کا نفع خاص مقوی ارواح۔ دل۔ محلل ورم۔ مُسکن درد اعضاء درستی شکستہ و خر بہ ہے۔

خوراک:۔ دو جو سے تا ۲ رتی عہ ۴ رتی تک بموجب قوت وضعف۔

مقدار خوراک:۔ ناقص ایک جو سے تا دہ جو موافق طاقت و قوت برداشت ہے۔

اس کے افعال و خواص

مقوی و مفرح روح و دل ہے۔ مواد بارد کو تحلیل کرتی ہے۔ اور اعضائے ظاہری و باطنی کو طاقت دیتی ہے۔ تر مواد کی تجفیف کرتی ہے۔ باہ کی امداد کرتی ہے۔ ارواح کی محافظ ہے۔ فوری مؤثر ہے سدہ کی دافع ہے۔ ہچکی کو نافع ہے۔ فالج۔ رعشہ و لقوہ کو نافع ہے۔ زہروں کے اثر کی دافع ہے۔ درد دل و معدہ میں مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے۔ اختناق الرحم اور سرد بیماریوں میں نافع ہے۔ خون تھوکنے۔ زخم مثانہ۔ سلسل البول۔ جذام۔ فیل پاد ثقل زباں میں۔ اورام بلغمی کو تحلیل کرے و نافع شکستگی اور ضربۂ اعضاء و زخم کے لیے اگر بقدر ایک رتی ہمراہ مرزنجوش حسب درد سر۔ شقیقہ و مرگی و دوار (یعنی چکر آنے) و صاحب لقوہ کو دیں نہایت نافع۔ پرانے دردوں کو رفع کرے۔ چاہے مالش کریں یا ناک میں چڑھائیں۔ اس کا کان میں ٹپکانا۔ یا ناک میں روغن زیتون کے ساتھ یا شہد کے ہمراہ ٹپکانا ریاح دماغ کو دفع کرتا ہے۔ درد و کم سننے کانوں کو تسکین دے۔ اور زخم کان کو بھی مفید ہے۔ اس کا پینا۔ قے۔ تلی۔ دل دھڑکن۔ ضعف معدہ۔ استسقا کو نفع بخشے۔ بواسیر کو دفع کرے۔ اور مادہ تولید کو زیادہ کرے۔ پٹھوں کے دردوں و درد مفاصل کو نفع دے۔

روغن عقرب

روغن عقرب کا طلا کرنا۔ فالج و لقوہ۔ استرخاء و وجع مفاصل کو بلا حد مفید و مقوی باہ ہے۔ دافع کلف و بہق داء الثعلب ہے۔ اس کی خاکستر مرچ سیاہ کے ساتھ اور سونٹھ کے ہمراہ سرمہ کے طور لگانا دافع جالہ و ناخونہ ہے۔ اور منہ مل زخم و کاٹنے والا مسہ بواسیر کا ہے۔

روغن مقوی باہ

نسخہ :۔ سم الفار۔ زہر تیلیہ۔ سوہاگہ تیلیا۔ گندھک سبز ہر ایک ایک تولہ۔ مثل غبار کھرل کرکے گھی گائے میں جو ۵ تولہ ہو ملائیں۔ اور اس کو کپڑے پر لیپ کرکے فتیلہ بنائیں۔ اور آگ لگائیں اور پارہ ایک تولہ کھرل میں ڈال کر فتیلہ اس کے اوپر روشن کریں۔ تاکہ تیل پارہ کے اوپر پڑتا رہے۔ فتیلہ جل جانے کے بعد اس پارہ اور تیل کو چار پہر کامل کھرل کرکے رکھیں۔ ضرورت کے وقت تیل مذکور تھوڑا سا پان پر لیپ کرکے قضیب پر ایک ہفتہ تک باندھیں۔ احتیاط رکھیں۔ راکھ فتیلہ کھرل میں نہ پڑے۔

فوائد :۔ بے حد مقوی باہ نافع عنین ہے۔

ایضاً۔ روغن مقوی باہ

نسخہ :۔ پیاز عنصل (پیاز جنگلی) پیاز نرگس۔ بہروزہ خام ہر ایک ایک تولہ۔ پانی خالص نصف سیر۔ تیل بابونہ دس تولہ تمام کو اکٹھا کرکے رات کو بھگو دیں اور صبح کیوقت

برتن آہنی یعنی کڑاہی میں پکائیں۔ تاکہ پانی ختم ہو جائے۔ اور تیل باقی رہ جائے۔ پیاز وغیرہ لال ہو جائے۔ پھر تیل کو صاف کر کے رکھیں۔ اور اس تیل میں دوائیں ذیل باریک پیس کر ملائیں۔ اور کھرل کریں کہ یکجان ہو جائیں۔ پھر کام میں لائیں۔ تخم اجنیرہ۔ عقرقرحا۔ رائی سرخ۔ دارچینی۔ سونٹھ۔ کٹھ تلخ۔ عود ہندی ہر ایک ۶ ماشہ۔ بچھناگ۔ گھنگچی سفید ہر ایک ۶ ماشہ بوقت ضرورت اس تیل کو قضیب خصتیں پر مالش کر کے آہستہ آہستہ ٹکور کریں۔

فوائد:۔ مقوی۔ مطول۔ مصلب عضو و اعصاب ہے۔ سردیوں میں استعمال کریں۔

برائے حلوق اکسیر

نسخہ:۔ کرم برسات یک عدد۔ جگنو یک عدد۔ افیون یک جو تینوں ملا کر ایک جوز تیلیا میں خالی کر کے دھر دیں۔ اور اس کو ایک پھل دستور نیم خام میں اس کو چاک کر کے رکھیں۔ اور اس پھل دھتورہ کو بینگن میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور گرم لید اسپ میں شب و روز دفن رکھیں۔ سرد ہونے کے بعد جوز بوبیہ کو پانی میں پیس کر اور غلولہ بنا کر رکھیں۔ بوقت ضرورت پانی میں پیس کر چند روز تک لیپ کریں۔

فوائد:۔ حلق زدہ کے لئے بے حد نافع ہے۔

مقوی باہ۔ برائے سختی و سبطری۔ (از سید زوار حسین ہرسوی)

نسخہ:۔ سوہاگہ تیلیا۔ فلفل۔ قسط ہر تین دو۔ دو تولہ سفوف

بناکر چھلیلی کے سبز پتوں سے ایک سیر شیرہ نکال کر۔ دوائیں شیرہ کے ساتھ روغن کنجد ایک پاؤ میں جوش دیں۔ تاکہ شیرہ جل کر صرف تیل رہ جائے۔ محفوظ رکھیں۔ ضرورت کے وقت طلا کر کے پٹی باندھیں۔ ایک روز ناغہ کر کے پھر عمل کریں۔ حتیٰ کہ سات پٹیاں ۱۴ یوم تمام کریں۔

فوائد:۔ عضو خاص کو سخت و سطبر کرتا ہے۔

برشعشا۔ مقوی دافع نزلہ

نسخہ:۔ اجوائن خراسانی۔ فلفل سفید ہر ایک ½۷ تولہ۔ زعفران ½۲۲ ماشہ۔ افیون خالص ¾۳ تولہ۔ فرفیون۔ عقرقرحا۔ بالچھڑ ہر ایک ½۴ ماشہ۔ شہد مصفیٰ تین پاؤ ½۲ تولہ۔ کوٹنے والی دواؤں کو کوٹ پیس کر اور افیون کو شہد میں ملا کر پھر تمام دوائیں ملا کر چالیس یوم تک درمیان غلہ جو یا دو چلہ تک دبائیں۔ اس کے بعد نکال کر استعمال میں لائیں۔

خوراک:۔ حسب برداشت طبع

فوائد:۔ بڑا اعلیٰ مسمی معجون برشی کے مشہور ہے۔ مقوی باہ دافع نزلہ اور امراض سرد بلغمی ہے۔ اس کی مداومت مقوی و مفرح طبع ہے۔

برائے قوت باہ و امساک

نسخہ:۔ بیضہ مرغ سات عدد۔ ہرمل ½۵ ماشہ لے کر انڈوں میں سوراخ کر کے۔ ہرمل ہر ایک انڈے میں بھر کر نہار منہ صبح کو کھلائیں۔ منی کو بڑھاتا اور بے حد قوت پیدا کرتا ہے۔ مقوی و ممسک ہے

مقوی و ممسک

نسخہ :۔ خون ہد ہد گھی گائے میں گرم کر کے لیپ کریں اور نزدیکی کریں۔

فوائد :۔ مقوی باہ و ممسک ہے۔

ایضاً۔ مقوی و ممسک

نسخہ :۔ دارچینی ۱۰½ ماشہ۔ مشک ۷ ماشہ۔ عقرقرحا ۱۰½ ماشہ جوزبویہ ۱۰½ ماشہ۔ افیون خالص ۳½ ماشہ یکجا کر کے اور پیس کر شہد میں گولیاں باندھیں۔ ایک گولی بوقت ضرورت کھلائیں۔ اور پان کے پتے کے ساتھ اس کا لعاب قضیب پر لیپ کریں۔

فوائد :۔ ممسک و مقوی باہ ہے۔

مطول و منعظ

نسخہ :۔ اسگند۔ دارہلد۔ افیون۔ بیخ دفلی۔ گدھے کے پیشاب کے ساتھ کھرل کر کے لیپ کریں۔ اور اوپر برگ بیدانجیر باندھیں اور ایک گھنٹہ کے بعد کھولیں۔ ایک انگل کے قریب طویل ہوگا۔ پس فوراً مشاغل بیکار رہوں۔

فوائد :۔ مطول عضو ہے۔ انتشار لائے۔

مقوی باہ

نسخہ :۔ پیخال کبوتر۔ پیخال یکتا جنگلی یعنی گلگل زرد چوریخ دونوں کو عرق ادرک میں پیس کر سات یوم تک لیپ کیا کریں۔ اور اوپر برگ پان باندھیں۔

فوائد :۔ مقوی باہ ہے۔

بیحد منعظ

نسخہ:۔ ہڑتال طبعی ۔ گندھک آملہ سار ۶ ماشہ ۔ پانی صاف سے آٹھ پہر کھرل کریں ۔ خشک ہو جانے کے بعد گائے کے گھی میں میں ڈال کر کھرل کریں ۔ پھر کپڑے پر لیپ کرکے کپڑے کو جلائیں اور محفوظ رکھیں ۔ بعد جماع طلا کریں ۔

فوائد:۔ قائم اللیل ہے ۔ بے حد انتشار لاتا ہے ۔

طلاء مقوی

نسخہ:۔ پیاز نرگس ۱/۲ ۱۰ ماشہ ۔ کو رات و دن دودھ میں بھگوئیں اس کے بعد قضیب پر بغیر حشفہ لیپ کریں ۔

فوائد:۔ مقوی باہ انتشار لائے ۔ عجیب الاثر ہے ۔

ایضاً ۔ مقوی باہ

اگر اس طلاء مذکور میں سورنجاں و مرصاف ۱/۲ ۴ ماشہ ہر ایک اضافہ کرکے کنج ران رحوالی خصیہ و ذکر و قضیب پر طلا کریں ۔ تو بے حد قوی ہے ۔

فوائد:۔ مقوی باہ ہے ۔

روغن الثوم

نسخہ:۔ لہسن مقشر ایک تولہ ۔ فرفیون ۴ ماشہ ۔ عقرقرحا ۴ ماشہ مرچ سیاہ ۳ ماشہ ۔ سداب ۳ ماشہ ۔ روغن زیتون ۹ تولہ ملا کر جوش دیں ۔ کہ تیسرا حصہ رہ جائے ۔ پھر صاف کرکے استعمال کریں

فوائد:۔ اس کو دہن الراسیہ کہتے ہیں ۔ امراض سرد کو مفید ۔ سستی کے لئے نافع ۔ درد عصب و کمر کے لئے مؤثر بواسیر و

وتقطیرالبول کو نافع ۔ اگر سردی میں استعمال کریں تو گرم کپڑے پہننے کی ضرورت نہیں ۔

مقوی باہ (از حکیم احسن خانصاحب)

نسخہ :۔ تخم مرغ (انڈا مرغ) سالم درمیان تمر ہندی خورد جو سرخ دانے والی ہو۔ ہمراہ پانی دیگ میں پکائیں ۔ تاکہ انڈا نرم ہو جائے ۔ پس علی الصباح کھلائیں ۔ اور دوسرے دن بدستور تیار کر کے کھلائیں ۔ اسی طرح ہفتہ دو ہفتہ ایک ایک انڈا مدبر کر کے کھلائیں ۔ موسم سرما میں بے حد مقوی باہ ہے ۔

مغلظ منی

نسخہ :۔ ناریل ایک عدد میں تالمکھانہ ڈال کر دودھ برگد پُر کر کے خشک کریں ۔ اور اسیطرح تین مرتبہ یا پانچ مرتبہ یا سات مرتبہ دودھ مذکور ڈال کر خشک کریں ۔ پھر کوٹ پیس کر ہم وزن اس کے شکر خام ملا کر سفوف تیار کریں ۔ ہر صبح کھلائیں ۔ اوپر دودھ گائے پلائیں ۔

فوائد :۔ مغلظ منی و دافع جریان ہے ۔

مقوی باہ (از یادگار حافظ احمد خانصاحب خواجوی مقیم اندور)

نسخہ :۔ دودھ آک ایک سیر ۔ کینچوے ۲ تولہ ۔ درونج عقربی ۲ تولہ پہلے کینچوے و درونج کو باہم خوب کھرل کریں ۔ اس کے بعد مٹی سیاہ تالاب ۴ تولہ لے کر پہلی دو دواؤں کے ساتھ شامل کریں ۔ ان کو خوب کوٹ کر کھرل کریں ۔ کہ یک جان ہو جائیں ۔ پھر ان کے دو غلولے بنا کر خشک کریں ۔ پھر غلولوں کو آگ میں سرخ کر کے دودھ

آگ مذکور میں ۱۰۱ جھائیں ۔ بعدہٗ غلولوں کو پھینک دیں ۔ جس قدر دودھ باقی رہے ۔ اس کو شیشی میں محفوظ کرلیں ۔

خوراک :- ایک چاول ہمراہ بالائی نصف پاؤ ۔ ہفتہ دو ہفتہ کھلائیں ۔ حد ایک چلہ کافی ہے ۔ پرہیز ضروری ہے ۔ نہایت عجیب ترکیب ہے ۔

حب سلاجیت بجد مقوی (معمولہ مولوی نصر اللہ خاں خواجوی)

نسخہ :۔ سلاجیت مدبر ایک تولہ ۔ مشک ایک ماشہ ۔ گوند ببول ۱۴ ماشہ ۔ مصری ۱۶ ماشہ ۔ عرق گلاب نصف پاؤ ۔ تمام ادویہ اکٹھا اس قدر کھرل کریں ۔ کہ گولیاں بنانے کے قابل ہو جائیں پس تمام ادویہ کی اسی ۸۰ عدد گولیاں بنائیں ۔ دو اشخاص کے لئے کافی ہیں ۔ گولیاں پر ورق چاندی و سونا چڑھا کر ہر روز بوقت خواب غذا کے تین گھنٹہ بعد ایک گولی کھلائیں ۔ اس کے اوپر دودھ گرم بقدر یک پاؤ پلائیں ۔ چالیس ۴۰ یوم استعمال کریں ۔ ضروری ہے ۔ کہ ملاقات عورت ( ) سے پرہیز کرائیں ۔

تدبیر سلاجیت

سلاجیت کو نیم کوب کرکے پانی یا دودھ میں بھگوئیں ۔ پھر مل کر کپڑے سے چھان لیں تاکہ گرد امٹی سے پاک صاف ہو جائے ۔ پھر آگ میں اس قدر جوش دیں ۔ کہ گاڑھی ہو جائے ۔ مدبر ہے ۔ محفوظ کرلیں ۔ پھر کام میں لائیں ۔ اگر اس مدبر سلاجیت سے بقدر جنگلی بیر کھلائیں اس کے اوپر شیرہ گندر پلائیں ۔ ایک ہفتہ میں رقت وجریان منی دفع ہو ۔ خاصۃً اکسیر ہے ۔

مقوی و ممسک عجیب

نسخہ:۔ مغز تخم تمر ہندی (املی) مثل آٹے کے باریک پیس لیں اور گھی میں بریاں کریں۔ اور دو چند قند کے ساتھ حلوا تیار کریں۔ اور آخیر میں تھوڑا۔ جوز بویہ۔ بسباسہ۔ دارچینی۔ لونگ۔ کیسر پیس کر اضافہ کریں۔ صبح و شام ایک تولہ (یکبیک) ایک تولہ کھلا کر اوپر دودھ پلائیں۔

فوائد:۔ مقوی و ممسک ہے۔

معجون گنگھچی سفید (معمولہ جناب حافظ احمد خاں خوابوی)

نسخہ:۔ گنگھچی سفید یک پاؤ۔ اس قدر باریک کوٹیں کہ غبار کی مانند ہو جائے۔ پھر دودھ گاؤ۔ گرم بقدر ایک سیر میں ڈال کر جوش دیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ تاکہ کھویا بن جائے۔ اس وقت گھی گائے یکپاؤ ڈال کر بھونیں۔ جبوقت کھویا خشک ہو کر دانہ دار ہو جائے۔ اور گھی الگ ہو جائے۔ تو آگ سے نیچے اوتار کر سرد کریں۔ پھر قند سفید ۵ سیر اور شہد خالص ایک سیر یکجا جوش دے کر کپڑے میں چھان لیں اور پھر جوش دیں۔ جبوقت قوام پہ پہونچیں۔ تو کھویا مذکور ڈال کر چمچہ سے حل کر کے آگ سے نیچے اتار لیں۔ اور لونگ۔ دارچینی۔ جوز بویہ۔ الائچی خورد۔ بسباسہ۔ مصطگی رومی۔ ست گلو عقرقرحا۔ مرچ سیاہ۔ تالمکھانا۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تخم اوٹنگن۔ بداری کند ہر ایک دو تولہ۔ ثعلب مصری ۸ تولہ۔ مغز بادام۔ مغز پستہ چرونجی ہر ایک ۱۶ تولہ۔ خشک دواؤں کو کوٹ پیس کر کھویا میں ڈال کر چمچہ سے حل کریں۔ اور مغزیات کو باریک کوٹ کر ملائیں۔

زعفران ایک تولہ۔ عرق گلاب ۸ تولہ میں پیس کر اور گرم کر کے ملائیں۔ پھر مشک ۶ ماشہ۔ مصری یا قند سفید خشک اکٹھا پیس کر ملائیں۔ اور ورق سونا ۵ عدد۔ ورق چاندی ایک سو ملا کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ دو وقت ایک ایک تولہ صبح و شام کھلائیں۔ اوپر دودھ گائے بقدر ہضم پلائیں۔ ترشی و بادی و دہی سے پرہیز رکھیں۔ بے حد مقوی باہ و منجمد منی و مفید سوزاک و بند کشاد سریع الاثر ہے۔

حلوہ مقوی باہ و مفرح

نسخہ:۔ جس وقت گل درخت مہندی کے پختہ ہو چکیں۔ اس کی لکڑی لے کر چھال پھینک دیں اور اس کے گودہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے پانی میں جوش دے کر ہاتھوں سے خوب ملیں۔ اور اس کا شیرہ کپڑے سے چھان کر اس میں قند سفید ۲ سیر گھی خالص یک پاؤ حلوہ تیار کریں

خوراک:۔ دو تولہ علی الصباح نہار منہ۔

فوائد:۔

مقوی باہ بیحد

نسخہ:۔ سم الفار ۱½ تولہ۔ جوز بویہ ایک تولہ۔ بسباسہ ایک تولہ زعفران ایک تولہ تمام کو باریک پیس کر دودھ گاؤ ۶ سیر میں جوش دے کر دہی بنائیں۔ دہی سے مکھن تیار کریں۔ اور گھی بنا کر محفوظ رکھیں۔

خوراک:۔ تین قطرے سے دس قطرے دودھ تین گلاس کے قدر میں ملا کر پلائیں۔ ہر صبح چند یوم یہ عمل کریں۔ اور اس کی چھاچھ زمین میں دفن کریں۔ کہ یہ زہر ہے۔ فوائد:۔ قوی التاثیر مقوی باہ ہے۔

سفوف خبث الحدید۔ مقوی باہ

نسخہ:۔ خبث الحدید کہنہ سو یا دو سو سالہ جسقدر بھی ہو۔ بیس مرتبہ دہی تازہ کام میں لائیں۔ پھر اس لیموں۔ پھر رس گھیکوار میں اسی طرح پر سرد کرکے سرمہ جیسا باریک کپڑا میں چھان کر رکھیں یہ مدبر ہے۔ پھر اسمیں سے ایک پاؤ مدبر۔ دارچینی۔ لونگ۔ دانہ الائچی سفید۔ بسباسہ۔ جوزبویہ ہر ایک ۱۱/۲ ماشہ تمام کو خوب کھرل کرکے۔ سفوف تیار کریں۔ اور پوڑیہ بقدر ۷ ماشہ باندھیں۔ ایک ایک پڑیہ بوقت علی الصباح تین روز دودھ گام خام کے ساتھ کھلائیں۔ اور چوتھے روز ہمراہ مکھن گاؤ کھلائیں۔ ترشی و بادی سے پرہیز رکھیں۔

فوائد:۔ بیحد مقوی باہ و ارواح ہے۔

حلوہ تمر ہندی مقوی باہ۔ وافع سیلان آب زناں

نسخہ:۔ مغز تخم تمر ہندی ایک تولہ ۹ ماشہ۔ صمغ پلاس ایک تولہ ۲ ماشہ۔ نشاستہ ۷ تولہ۔ مصری ۱۲ تولہ گھی گائے ۱۲ تولہ۔ نشاستہ کو گھی میں بھونیں۔ مغزیات وگوند کو شامل کرکے اور قوام مصری کا بناکر شامل کرکے حلوہ بنائیں۔ اور تمام حلوا کو سات یا چودہ خوراکیں بنائیں

فوائد:۔ سیلان منی و سیلان الرحم کے لئے مفید ہے۔

ترکیب یخنی بمثل ماء اللحم

نسخہ:۔ گوشت باریک قیمہ یک پاؤ۔ صبح کو پانی میں بھگو دیں دو گھنٹے کے بعد ہاتھ سے خوب مل کر کپڑے میں چھان لیں۔ اور بقدر یک پاؤ لے کر بقدر ذائقہ نمکین کرکے گھی میں تھوڑی سی الائچی و لونگ کا داغ دیں۔ اور جوش دے کر آگ سے اتار لیں۔ تاکہ پھٹے

(مروق) ہوکر پانی علیحدہ الگ ہو جائے۔ اور سفل (تہ نشین) اوپر آجائے پھر پکاکر پلائیں۔ دوسرے روز اسی طرح تیار کر کے بدستور ہفتہ دو ہفتہ حد چالیس یوم استعمال کریں۔

فوائد:۔ نحیف و کمزور اشخاص کو بے انتہا قوت بمثل جوانی دیتا ہے

حب الذہب۔ مقوی باہ و ہاضم (مجوزہ مولوی نصر اللہ خانصاحب مرحوم)

نسخہ:۔ الائچی ۱۲ ماشہ۔ جوز بوبہ ۱۲ ماشہ۔ دارچینی ۱۲ ماشہ۔ فوفل ۱۴ ماشہ گل سرخ ۱۴ ماشہ۔ صندل سفید ۲½ ماشہ۔ مشک ۹ رتی۔ کشتہ طلا ایک رتی تمام کی ساٹھ گولیاں بنائیں۔ بدرقہ مناسب سے استعمال کریں۔ یعنی پانی۔ دودھ۔ شربت کیوڑہ جیسا کہ موقع و محل ہو۔

خوراک:۔ ایک گولی ہے۔ جسوقت ارادہ امساک کا ہو۔ ایک گولی جماع سے پہلے ایک گھنٹہ دودھ کے ساتھ اور ایک گولی منہ میں رکھیں اور ایک گولی بعد فراغت دودھ پختہ کے ساتھ استعمال کریں۔

فوائد:۔ بے حد مقوی باہ۔ ہاضم و مقوی جسم و ممسک ہے۔

مقوی باہ و مفید درد پشت

نسخہ:۔ سونف ثعلب مصری۔ سفوف سنگھاڑا۔ شیرہ مغز بنولہ ہر ایک ایک تولہ۔ مصری یا قند سفید ۴ تولہ۔ دودھ گاؤ ایک پاؤ۔ حریرہ پکاکر کھلائیں۔

فوائد:۔ مقوی باہ و نافع درد پشت موثر ہے۔

ممسک:۔

نسخہ:۔ بہمن سرخ ۲ ماشہ۔ اجوائین خراسانی ۲ ماشہ۔ کلونجی ایک ماشہ۔ افیون ۲ ماشہ۔ زعفران ۴ رتی کوٹ پیس کر افیون میں

تین گولیاں باندھیں ۔ مغرب کے بعد ایک حب کھلائیں ۔ غذا کچھ نہ دیں ۔ اور دودھ ایک پاؤ پلا کر پھر جماع کی طرف رجوع کریں ۔ ترسی لیموں ہی سے نجات ہوگی ۔

فوائد :۔ بیحد مقوی باہ ہے ۔

ایضاً ۔ ممسک

نسخہ :۔ ایک دانہ مویز منقی میں افیون بقدر دانہ مونگ بند کر کے حقہ میں کھینچیں ۔

فوائد :۔ مقوی باہ و ممسک بے عدیل ہے ۔

حلوائے پنج بیضہ

نسخہ :۔ گھی گاؤ بقدر ایک بیضہ گرم کریں ۔ اور اس میں عرق پیاز و گندر و ادرک اسقدر ڈالیں اور خوب ملائیں ۔ اس کے بعد زردی بیضہ پنج عدد مذکور ڈالیں ۔ مصری ہموزن ادویہ داخل کر کے حلوا تیار کریں ۔ اور ہر روز علی الصباح کھلائیں ۔ اور اسی طرح ایک ہفتہ عمل کریں ۔

فوائد :۔ مقوی باہ بیحد ہے ۔

روغن قسط مقوی باہ

نسخہ :۔ قسط ۶ ماشہ ۔ مغز تخم بید انجیر ۶ ماشہ ۔ تیل کنجد ۵ تولہ تینوں کو آگ پر چڑھائیں ۔ تاکہ قسط و مغز سرخ ہو جائیں ۔ پھر آگ سے نیچے اتار کر تمام کو خوب کھرل کریں ۔ تاکہ یکجان ہو جائیں ۔ محفوظ رکھ کر چند روز تک مالش کریں ۔

فوائد :۔ مقوی باہ ہے ۔

برائے استادگی و سختی قضیب

نسخہ:۔ کافور ۷ رتی۔ سوہاگہ چوکیہ ۷ رتی۔ مرچ سیاہ ۱۶ عدد۔ لونگ ۱۲ عدد۔ پانی میں پیس کر گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی پیس کر قضیب پر لیپ کریں۔

فوائد:۔ مصلب ہے۔ قضیب سختی پیدا کرتا ہے۔ بغیر پانی کے دھوئے نرم نہ ہوگا۔

مقوی و منعظ

نسخہ:۔ مغز مینڈک خشکی ہر روز ایک ایک ماشہ قضیب پر ملیں تین روز متواتر عمل کریں۔

مغلظ منی و مقوی باہ

نسخہ:۔ تالمکھانا ۵ تولہ۔ شیر برگد ۵ تولہ۔ ناریل ایک عدد۔ شیر گاؤ ۲ سیر پہلی دو دوسری دوا کو ملا کر ناریل میں بھر دیں۔ اور آٹے سے مُنہ ناریل کا بند کر کے دودھ میں جوش دیں۔ حتیٰ کہ کھوا بن جائے پھر تمام دواؤں کو خوب پیس کر محفوظ رکھیں۔ تاکہ غلولہ بند ہیں۔

خوراک:۔ ایک تولہ ہمراہ دودھ علی الصباح نہار کھلایا کریں۔ پیستے وقت شکر بقدر ذائقہ شامل کرنی چاہئیے۔

فوائد:۔ بیحد مغلظ اور مقوی باہ ہے۔

معجون مقوی باہ و مولد منی

نسخہ:۔ زردی بیضہ مرغ چالیس عدد۔ آٹا نخود یک پاؤ پختہ لونگ۔ جوزبویہ۔ دارچینی۔ دار فلفل۔ مرچ سیاہ۔ عود غرقی مغز ناریل مغز بادام۔ شقاقل۔ بہمنین ہر ایک ایک تولہ ۸ ماشہ۔ قند سفید سہ چند

بطور حلوا معجون تیار کریں۔

خوراک :۔ حسب طبیعت و ضرورت ہے۔

فوائد :۔ مقوی منی کو پیدا کرے۔

مقوی بدن و محرک باہ

نسخہ :۔ خرما گٹھلی دور کردہ نصف سیر۔ دودھ ۳ سیر میں پکائیں پھر ہاتھوں سے ملکر صاف کرکے نشاستہ ایک تولہ ۴ ماشہ شامل کرکے مثل حریرہ کے قوام کریں۔ اس کے بعد شیرہ مغز بادام ۲ تولہ ۴ ماشہ۔ گھی گائے ۱۳ تولہ ۴ ماشہ۔ قند سفید نصف سیر ملا کر حلوا تیار کریں۔ موافق ضرورت کے کھلائیں۔

فوائد :۔ مقوی باہ دافع سرعت ہے۔

بیحد مقوی باہ (معمولہ حافظ احمد خانصاحب خواجوی)

نسخہ :۔ گذر خشک ایک تولہ۔ ثمر مفیل خام ایک تولہ۔ دونوں سفوف کرکے شکر کے ساتھ گھی گاؤ میں بریاں کریں۔ بقدر ۵ تولہ غلولہ بنا کر ہر روز ایک غلولہ کھلایا کریں۔

فوائد :۔ بیحد مقوی باہ و تجدید شباب ہے۔

مغلظ و مقوی عمدہ

نسخہ :۔ رال سفید۔ تخم سر دالہ (سریالہ) ہر ایک برابر وزن سات مرتبہ دودھ بڑ میں سایہ میں رکھ کر خشک کرکے سفوف بنائیں بقدر ذائقہ شکر خام ملائیں۔ اور دودھ کے ہمراہ نہار مُنہ کھلایا کریں

فوائد :۔ بیحد مغلظ اور مقوی ہے۔

ممسک

نسخہ :۔ عاقر قرحا ۔ شقاقل ۔ لونگ ۔ زعفران ۔ دارچینی ۔ جوتری ۔ افیون ۔ مصطگی ۔ برابر وزن پانی ادرک میں گولیاں بقدر جنگلی بیر بنائیں ۔ تین گھنٹہ جماع سے پہلے ایک گولی کھلائیں ۔ نمک دافع اثر ہے ۔

فوائد :۔ بے حد ممسک و مقوی ہے ۔

حب تدراک جماع

نسخہ :۔ تخم بیگن ۳½ ماشہ ۔ مصطگی رومی ½ ۱۰ ماشہ ۔ چوبہ عود ہندی (اگر) سے ملا کر (گوندھ) کر بقدر مرچ سیاہ گولیاں کھرل کر کے بنا کر محفوظ رکھیں ۔

خوراک :۔ دو گولیاں تا ہم گولیاں بعد فراغت فوراً

فوائد :۔ فوراً منعظ و مقوی ہیں ۔

حب عنبر ۔ مقوی دماغ و باہ

نسخہ :۔ پنیر مایہ شتر اعرابی ایک تولہ ۔ مشک ۔ مصطگی ۔ لونگ ہر ایک ۴ ماشہ ۔ عنبر اشہب ۔ خصیۃ الثعلب ۔ خولنجاں ہر ایک ۸ ماشہ ۔ کوٹ پیس کر بقدر فندق گولیاں بنائیں ۔ روزانہ ایک گولی کھلائیں ۔ اوپر دودھ تازہ یا تیرہ تیزک کے پانی یا نخود خام کے پانی میں پلائیں ۔ اور ان گولیاں سے بقدر پونے دو ماشہ کھا سکتے ہیں ۔ اور بلغمی مزاج اس سے بھی زیادہ کھائیں ۔ تو جائز ہے ۔

فوائد :۔ مقوی دماغ و اعضائے رئیسہ ہے ۔ منہ میں خوشبو پیدا کرتی ہے یا انتشار کے لئے بیعدیل ہے ۔ چھ ساعت کے بعد انتشار

لاتی ہے۔ اور اس کا منہ میں رکھنا دوامی نعوظ کا باعث ہے۔

برائے مصلح مجلوق

نسخہ:۔ مغز جمال گوٹہ دس تولہ۔ پتہ اندرونی دور کر کے پیس لیں۔ اور دودھ گاؤ ایک سیر میں اٹائیں۔ اور دیگ کے منہ پر کپڑا باریک باندھ دیں۔ تاکہ اوپر بالائی آجائے۔ پس بالائی لے کر اس کی تری بغیر تہ نشین (ساڑ) بغیر حشفہ وسیون۔ تین روز تازہ بتازہ باندھیں۔ چوتھے روز گھی گائے ۶ تولہ پانی سے دھو کر اسکپور ایک تولہ پھٹری ملا کر لیپ کریں۔ انشاء اللہ تعالی آرام ہوگا۔

ایضاً۔ برائے مجلوق

نسخہ:۔ مغز جمال گوٹہ سبزی (پتہ) دور کردہ ایک تولہ۔ مغز سر چڑا از ۳ تولہ (سو عدد چڑوں سے حاصل ہوگا) دونوں اکٹھے پیس کر تھوڑی سی خاکستر ملا کر گولیاں بنا کر شیشی میں محفوظ رکھیں اور تھوڑی نرم آگ پر تیل نکالیں۔ ایک لکیر اس میں سے پانی پر کھینچ کر آلت کی پشت پر باندھیں۔ شام کو کھول ڈالیں۔ آبلہ بقدر اس لکیر کے نکلے گا۔ سوئی سے شگاف کر کے۔ گھی گائے ۶ حصہ پانی میں دھو کر اسکپور پھٹری ایک حصہ مل کر کے مرہم بنائیں۔ یہی ایک روز کا عمل کافی ہے۔

فوائد:۔ مجلوق کے لئے مفید ہے۔

حلوا سوہن۔ مولد خون نافع درد کمر

نسخہ:۔ گندم پانی میں تر کر کے کسی کیسہ (تھیلی پارچہ) میں پُر کر کے دھوپ میں رکھیں۔ اور روزانہ تھوڑا تھوڑا پانی

اس پر چھڑک دیا کریں ۔ تاکہ گندم سبز ہو جائے ۔ پھر دھوپ میں ہی خشک کر کے آٹا بنائیں ۔ اس کے نصف کے برابر میدہ لے کر شامل کریں ۔ اس کے بعد پہلے پانی خالص کو جوش دے کر تھوڑا تھوڑا اس آٹے سے ڈال کر ہلاتے رہیں ۔ تاکہ آٹا خوب پک جائے ۔ اور گاڑھا ہو جائے ۔ اور اگر شیرہ اُس گندم سبز شدہ سے لیں ۔ تو اسکا نصف وزن میدہ خالص لیں ۔ پھر تھوڑا گھی یا تیل کنجد داخل کر کے جوش دیں ۔ تاکہ روغن جذب ہو جائے ۔ پھر شیرہ شکر سفید موافق میٹھا ہونے کے ڈالیں ۔ مغز بادام ہونے ہوئے مغز پستہ ۔ مغز اخروٹ و مغز ناریل کوٹ کر داخل کریں ۔ اور آگ سے نیچے اوتار کر ۔ دارچینی سونٹھ ۔ دانہ چھوٹی الائچی جوز بویہ ۔ لونگ ۔ بسباسہ ۔ اجوائین دیسی تھوڑے تھوڑے ۔ خوب پیس کر داخل کر کے قرص بنائیں ۔

فوائد :۔ خون پیدا کرے ۔ دافع درد کمر و مقوی باہ ۔ سرد مزاجوں کے موافق ہے ۔

حلوائے شیر مرغ ۔ مقوی باہ ۔

نسخہ :۔ شیر گاؤ خالص ایک سیر ۔ زردی انڈا مرغی ۵ عدد ۔ مصری سفید نصف پاؤ ۔ مشک تبتی ایک ماشہ ۔ عنبر اشہب ۲ ماشہ عرق گلاب تبریزی ۲ تولہ ۔ دودھ کو جوش دیں تاکہ ایک تہائی جل جائے ۔ پھر مصری پیس کر داخل کریں ۔ اور پھر جوش دیں ۔ تاکہ مثل حریرہ قوام ہو جائے ۔ اس کے بعد زردی بیضہ کو خوب چمچ سے پھینٹ کر مشک و عنبر کو عرق گلاب میں پیس کر اور زردی ملا کر داخل قوام کریں ۔ اور اس قدر گرم کریں کہ قوام گاڑھا ہو کر غلولہ

باندھنے کے قابل ہو جائے۔ پھر برتن میں ڈال کر سرپوش (ڈھکنا) دیں۔ اور انگاروں کی آگ پر پوم تخت دیدیں۔ اور تھوڑی سی آگ سرپوش کے اوپر بھی رکھ دیں۔ تاکہ سرخی آجائے۔ پھر سرد ہونے کے بعد چھری سے تراش کر محفوظ رکھیں۔ اور ہر روز ۶ ½ تولہ سے دس تولہ موافق مزاج دعمر علی الصباح کھلایا کریں۔ ترکیب نادر بے حد عمدہ ہے۔

فوائد:۔ گردوں کو وشہوت جماع کے لئے بحد مقوی ہے۔

برائے قوت باہ:۔

نسخہ:۔ ایک ٹکڑا سنکھیا سفید سات یوم بیخ کیلہ کے پانی میں تر رکھیں۔ آٹھویں روز ایک پتے کیلے میں رکھ کر ایک مرتبہ گل حکمت کر کے زمین پر ایک اوپلہ خانگی میں آگ دیں سرد ہونے کے بعد دوسرے دن پھر کیلے کے برگ میں دو عدد اُپلہ میں آگ دیں۔ تیسرے دن تین اُپلوں میں اسیطرح سات مرتبہ کیلے ہی میں تاکہ آخیر سات اوپلوں تک پہونچ کر آگ دیں حجر (سخت) ہو جائے گا۔ محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت لے کر دودھ گاؤ ناضمہ کے مطابق وحسب خواہش طبیعت اور ٹکڑا حجر (پختہ سخت شدہ) مذکور کو آگ میں سُرخ کر کے ایک دفعہ دودھ میں سرد کریں۔ اور پلائیں۔ اسی طور تین روز تک حد ایک ہفتہ تک دودھ تازہ بتازہ تیار کر کے پلائیں۔ اور اِن ایام میں جماع سے پرہیز کرائیں۔ انشاءاللہ مرد کامل ہو جائے گا۔

فوائد:۔ بحد مقوی باہ سست کو درست کرے۔

فائیدہ۔ سرد امراض شل تشنج وغیرہ کے لئے ٹکڑا اجر مذکور سات دفعہ پانی میں سرد کرکے پانی دو۔ تین مرتبہ پلانا کافی ہے۔

مطول و مصلب

نسخہ:۔ خاکستر برگ نیلوفر لے کر شیشی میں رکھیں۔ پس بوقت ضرورت گوبر گاؤ نر الف کوفی کی پشت پر ملیں۔ اور خشک ہو جانے کے بعد صاف کرکے اس کے اوپر تھوڑی سی خاکستر مذکور ملدیں۔ اسیطرح دوسرے روز بھی یہی عمل کریں۔ اسیطور پانچ روز تک برابر عمل میں لائیں۔ حد ایک ماہ کافی ہے۔

فوائیدہ:۔ بشل گدھا کے ہوگا۔ پس حفاظت کریں۔ پرہیز بھی رکھیں۔ اور ایک دم جاہل نہ بن جائیں۔

مقوی و مبہی

نسخہ:۔ خراطین بقدر ضرورت لے کر سفوف بنا کر ½-۲ ماشہ کھلائیں۔ بوقت صبح دیں۔ غذا کے ہمراہ حسب طبیعت تا ایک ہفتہ کافی ہے۔

فوائیدہ:۔ نہایت مقوی عجیب الفعل ہے۔

ٹکور عمدہ

نسخہ:۔ تخم السی سیاہ ایک تولہ۔ برادہ ہاتھی دانت ایک تولہ مچھلی کی ہڈیاں ۲ تولہ۔ تمام کو تین حصے کرکے تابہ آہنی (توا آہنی) پہ گرم کرکے پیڑو و مقام پوشیدہ کے حوالی پہ ٹکور کریں۔ اسیطور یوم عمل میں لائیں۔

فائیدہ:۔ انتشار لاکر سختی پیدا کرے۔

برائے جلوق

نسخہ:۔ جند بید ستر۔ دار بلد۔ عاقر قرحا۔ گدھے کے پیشاب میں پانچ گھنٹے کھرل کر کے لیپ۔ اور اوپر پان کا پتہ باندھیں۔ خوب پسینہ آئے گا۔

فوائد:۔ پسینہ آکر پس دپیش۔ کمزور وسستی کو درست کر دے گا

برائے امساک و قوت باہ۔ بیحد مایوس العلاج

نسخہ:۔ ایک رتی سم الفار سفید کو چار حصہ کریں۔ ایک حصہ دھکتے انگارہ پر رکھ دیں۔ اور اس پر ایک مٹی کا پیالہ نیا رکھ دیں کہ دھواں کا اثر اس میں پہونچ جائے۔ پھر اس پیالہ میں دودھ گرم ڈال کر اور ۳ تولہ شہد خالص ملا کر پلائیں۔ ایسا ہی چھ روز تک تجدید عمل کریں۔ مقدار وہی رکھیں۔ غذا مرغن جو کچھ منشا ہو کھائیں۔ بیحد مقوی ہے۔ اور عمدہ عمل ہے۔

گٹکہ پارہ۔ ممسک

نسخہ:۔ پارہ ایک تولہ۔ گٹھلی کا جو کے عرق میں کھرل کرکے کاجو ہی میں (یعنی کاجو کی لکڑی میں) گڑھا کر کے پارہ رکھدیں۔ اور کاجو کو ریگ (ریت) پہ رکھ کر کچھ ریت اوپر دے کر رات کے وقت سرکنڈوں کی آگ پہ رکھیں۔ صبح کو نکالیں۔ گٹکہ (غلولہ) ہو جائے گا منہ میں رکھنا ممسک ہے۔ گاؤ میش کی پیٹھ پہ امتحان کر سکتے ہیں

فوائد:۔ بیحد مقوی باہ ممسک بیعدیل ہے۔

ایک رات کا تماشا:۔

نسخہ:۔ نیلش بچھوا ایک گانٹھ ہمراہ ہو۔ کاٹ کر اس کے اوپر

کچھ بارود رکھ کر فیر کریں۔ پس اگر گانٹھ مذکور نرم ہو جائے۔ تو بکرے کی
دودھ کی بالائی یا پیڑھ دودھ میں رکھ کر رات کے وقت کھلائیں۔
اور کام میں مصروف ہو جائیں۔ عجیب ہے۔ اور اگر گرہ نیش مذکور
سخت ہو جائے۔ بیکار ہے۔ اور بصورت شدت حرارت دودھ
و گھی پلائیں۔

فوائد:۔ نہایت فائدہ مند ہے۔

مقوی و مغلظ

نسخہ:۔ گھنگچی سفید۔ تخم کہرنی۔ لونگ تینوں برابر وزن شیشی
میں ڈال کر تیل نکالیں۔ ایک دو سیخ پتہ پان پر کھینچ کر کھلائیں۔ غذا
مرغن ضروری ہے۔ اور اگر لیپ کریں۔ تو بھی مفید ہے۔

ایضاً۔ مقوی باہ

نسخہ:۔ گل خیرہ دس تولہ۔ کسی برتن میں ڈال کر اسمیں سفوف
نوشادر ڈالیں۔ تمام پانی ہو جائے گا۔ پھر اس پانی کو کپڑے میں
صاف کر کے رکھیں۔ کہ اسمیں وہ تاثیر ہے۔ حلوا میں ملا کر کھلایا کریں
غذا مرغن مچھلی وغیرہ عمدہ ہے۔

خوراک:۔ ایک تولہ صبح و ایک تولہ شام دیں۔ حلوا میدا گندم
سے تیار کریں۔ بقدر نصف سیر ہو۔ اور اگر زیادہ بنانا چاہئیں۔ تو
اجزا مقدار کے مطابق بڑھائیں۔

فوائد:۔ نہایت مقوی باہ ہے۔

نسخہ کایا کلپ۔ مقوی باہ

نسخہ:۔ بیخ سنبھالو سایہ میں خشک کر کے سفوف دس سیر

شہد خالص دس سیر۔ گھی گائے ۸ سیر۔ تمام کو لوہے کی دیگ میں ڈال کر سرپوش آہنی دے کر گل حکمت کر کے انبار غلہ شامی (دھان) یا جوار میں تین ہفتہ دفن کریں۔ بہتر ایک چلہ ہے۔ پس محفوظ رکھیں

خوراک :۔ ایک تولہ ۹ ماشہ ہر روز کھلایا کریں۔ کایا کلپ ہے۔ اسی سالہ بوڑھا جوان ہو جائے گا۔ اور سفید بال گر کر سیاہ نکلیں گے۔ اگر جوان استعمال کرے۔ تو بوڑھا نہ ہو گا۔ پرہیز ترشی و بادی و مباشرت سے چار مہینے تا استعمال ضروری۔

فوائد :۔ کایا کلپ السیر ہے۔ بحد مقوی باہ ہے۔

طلا ممسک

نسخہ :۔ مستی مینڈک۔ مشک کافور۔ حبہ۔ زعفران۔ افیون خالص۔ بڑی مکھیاں ہر ایک برابر عرق دارچینی و شراب دوآتشہ چھ گھڑی کھرل کریں۔ اور غلولہ باندھ کر رکھدیں ضرورت کے وقت شراب یا عرق دھتورہ سیاہ میں پیس کر طلا کریں۔

فوائد :۔ بحد ممسک ہے۔

روغن ثوم (لہسن)

نسخہ :۔ ثوم (لہسن) مقشر ایک تولہ۔ عقرقرحا ۴ ماشہ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ۔ سداب ۳ ماشہ۔ تیل زیتون ۹ تولہ۔ فرفیون ۴ ماشہ سب کو جوش دیں۔ کہ تیل تیسرا حصہ رہ جائے۔ پھر صاف کر کے استعمال میں لائیں۔

فوائد :۔ جمیع سرد امراض کو نافع سست مایوسین کو درست کرے۔ پٹھو کی اکڑاہٹ و درد کمر و بواسیر و تقطیر البول کے لئے مجرب

و مؤثر ہے۔ رنگ رخسارہ کو سرخ کرتا ہے۔ سردیوں میں قابل استعمال

برائے کجی عضو

نسخہ:۔ مقوم یک پوتھیہ گھی گائے میں بھونیں۔ کہ جل نہ جائے

پس تمام کو حل کر کے محفوظ رکھیں۔ دو ہفتہ تک متواتر طلا کرایا کریں۔

فوائد:۔ نہایت فائدہ مند ہے۔

حب شفا۔ حافظ صحت

نسخہ:۔ مرچ سیاہ ایک تولہ دارچینی ایک تولہ۔ بادیان ایک تولہ

جوز بویہ ایک تولہ۔ مصطگی ۲ تولہ۔ کندر ۱½ تولہ۔ مشک ¼ تولہ۔ جز

ماثل تمام اجزا کے برابر کوٹ پیس کر شہد میں گوندھ کر رکھ دیں۔

خوراک:۔ بقدر نخود۔ قوت طبعی عمر کو پہونچتی ہے۔

ایضاً حب شفا

نسخہ:۔ سونٹھ ایک تولہ۔ زراوند ۲ تولہ۔ تخم دھتورہ ۳ تولہ

دو چند شہد کے ہمراہ معجون تیار کریں۔

فوائد:۔ قوت عمر طبعی تک برقرار رہتی ہے۔

منافع حب الشفاء۔ درد سر مادہ غلیظ سے ہو۔ تو اس

کے لئے نافع ہے۔ درد سر کرم امعاء کے لئے۔ جو کرم معدہ کے باعث

دماغ بوجھل ہو۔ سر میں درد و سخت خارش یا خارش معدہ اور بدبو جو

ناک (میں) کی علامت ہے۔

اس کی مداومت (مسلسل استعمال) نافع شقیقہ ہے۔ مالیخولیا میں

بھی نافع ہے۔ رات کو سونے کے وقت یا کھانے کے بعد دن کے

اخیر وقت کھلائیں۔ شہر بے خوابی میں بھی نافع ہے۔ کہ سر چکرو دے

اور تاریکی چشم تک اثر ہو۔ تنقیہ طبیعت کے بعد کھلائیں۔ مرگی جو بخار و ضعف معدہ کی وجہ سے ہو۔ اس کے لئے نافع ہے اس کی علامت یہ ہے۔ معدہ کی پریشانی و دھڑکن۔ مزاج میں غصہ عموماً فم معدہ میں نیش زنی کی علامت خاص کر بوقت بھوک ہو۔ دیری شکم و زیادتی پیشاب و منی۔ درد ذات الجنب دعادت مٹی کھانے کو نافع ہے۔ تنقیہ مزاج کے بعد کھلائیں۔ تنقیہ کے بعد غثیان و ابھیک وقئے کے لئے کھلائیں نافع ہے۔ ضعف معدہ جو بسبب جرم معدہ (یعنی ایسے مادہ سے ہو جو حوالی معدہ کو) ہو عصارہ اس انار شیریں کے ساتھ کھلائیں۔ پیاس کاذب جو بلغم کی وجہ سے ہو۔ کے لئے نافع ہے۔ اُس کی علامت یہ ہے۔ سرد چیزوں کے استعمال سے تسکین نہ ہو۔ بلکہ پیاس زیادہ ہو۔ تنقیہ مسکنات کے بعد حب الشفا کے ساتھ میٹھے انار یا شیرہ ترفہ کھانڈ سے میٹھا کر کے پلائیں۔

نافع جوع کلبی:۔ رات و دن میں دو مرتبہ کھلا سکتے ہیں۔ سلسل البول کے لئے جو سردی کے وجہ سے ہو نافع ہے۔ اور۔ عضلات کے سست ہونے میں بھی حب الشفا کا مسلسل استعمال بحد مفید ہے۔ زیادتی احتلام میں نافع ہے۔ لگاتار استعمال کریں۔ کیونکہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے۔ اور مقوی معدہ و گردہ بھی مستورات کے عقر کو نافع ہے۔ جو رطوبت رحم کی وجہ سے ہو۔ حب الشفا بعد قے و اسہال لگاتار استعمال کرائیں۔ بحد نافع ہے۔ تنقیہ کے بعد سیلان منی رحم کو نافع ہے۔ تا شفا یابی دیں۔ وجع مفاصل کو نافع

جریان منی کے لئے بھی نافع ہے ۔ کھانے کے بعد دیں ۔ طاعون کو بھی نافع ہے ۔ تنقیہ کے بعد کھانے کے بعد پھوڑہ اس انار میں حل کر کے دیں ۔ درد مزمنہ و پرانے گرم و سرد کو نافع ۔ امراض سرد وگرم کو نافع ۔ تپ ہائے مزمنہ (کہنہ) و تاپئیہ نوبت سے پہلے کھلائیں ۔ درد قولنج میں مسکن ۔ اس کا مسلسل استعمال حافظ صحت و جوانی و مزیل شکن بدن و قاطع عادت افیون ہے ۔

باب انیسواں

امراض مستورات

دافع شہوت زن

نسخہ :- قضیب ثرگاؤ ۴ ماشہ ۔ پان میں رکھ کر کھلائیں ۔ مرد کے ساتھ ہرگز رغبت نہ کرے گی ۔

فوائد :- قاطع شہوت زنان ہے ۔

برائے تنگی اندام نہانی

نسخہ :- گل دھاوہ ۔ اسگند ناگوری ۔ موچرس ۔ بوزن برابر پانی میں پیس کر اس پانی سے روزانہ فرج کو ۲۱ یوم تک دھویا کرے ۔

فوائد ۔ تنگی پیدا کرے ۔

مفیق :- کرم گنجائی ۔ جو برسات کے موسم میں پیدا ہوتے ہیں ۔

خشک کرکے پانی میں پیس کر فرج میں لیپ کریں۔ دو تین روز میں
فائدہ ہوگا۔

ایضاً

نسخہ:۔ بیر بہوٹی خشک کرکے گھی گائے میں پیس کر لگائیں۔
مفیق ہے۔

ایضاً

نسخہ:۔ برگ نیب کو کوٹ کر عرق لیں اور گرم کرکے تا ۲۱ یوم اس
میں سے عورت اندام نہانی دھویا کرے۔

فوائد:۔ مفیق ہے۔

برائے سختی پستان غلطیدہ

نسخہ:۔ ملین پھل۔ مغز صدف۔ ہینگ تینوں بوزن برابر پانی
میں پیس کر طلا کریں۔

فوائد:۔ پستان زناں غلطیدہ کو درست کرے۔

برائے سختی پستان

نسخہ:۔ پوست انار کھٹہ۔ تیل کڑوا دونوں کو جوش دے کر صاف
کرکے رکھیں۔ ہر روز متواتر سات روز تک طلا ہلکا لیپ کریں۔

فوائد:۔ پستان غلطیدہ سخت ہو جائیں گے۔

ورم پستان

نسخہ:۔ عرق گگروندہ بوٹی۔ لیپ کرائیں۔ جلن و ورم دفع ہوگا

علاج شکم عورت۔ کہ جننے کے بعد بلند ہو۔

نسخہ:۔ بیخ جائی جوہی پانی میں پیس کر پلائیں۔ بحالت اصلی پیٹ ہو جائے

علاج شکم عورت کہ جننے کے بعد بلند ہو۔

نسخہ:۔ لکڑی درخت جاٹی جوبی (ہندی بوٹی) بمعہ برگ و گل تازہ پانی دہی تازہ میں پیس کر پیٹ کے اوپر لیپ کریں۔ عورت کے پیٹ کی بلندی۔ جو تولید کے بعد ہو اس کو مفید ہے۔

برائے قیام حمل

نسخہ:۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ تخم اونٹنگن۔ پوست بیخ بیتل بکھڑا۔ ہر ایک ایک تولہ کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال:۔ جس وقت عورت حیض سے پاک ہو کر غسل کرے۔ تو اسی دن سے ہر روز ۶ ماشہ یہ دوائی استعمال کرے۔ اور اور مرد بھی ہر روز ۶ ماشہ کھائے۔ پانچ روز تک اس کے بعد ہم بستر ہوں۔ تین روز متواتر ہم بستر ہوں۔

فوائد:۔ معین حمل ہے۔ انشاءاللہ تعالیٰ زن حاملہ ہو جائے گی

مسقط حمل

نسخہ:۔ سرکہ ½ سیر۔ نمک سنگ ایک تولہ۔ جوش دیں۔ کہ بقدر ۲۰ تولہ رہ جائے۔ یعنی چوتھائی حصہ جل جائے۔ تین روز متواتر پلائیں۔

فوائد:۔ اسقاط جنین ہے۔

ایضاً مسقط

نسخہ:۔ کلونجی ۵ تولہ۔ شاہ دانہ ۵ تولہ۔ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ مسقط جنین ہے۔

ایضاً

نسخہ:۔ بسکھپرہ پانی میں جوش دے کر تین روز پلائیں۔ اسقاط میں نافع ہے۔

برائے کشادن حیض

نسخہ:۔ سونف ½۲ ماشہ۔ بارتنگ ½۳ ماشہ۔ بہروزہ گجراتی ۱۴ ماشہ تینوں کوٹ کر شروع حیض کے وقت دیں۔ یہ تمام دوائیں تین خوراک تین یوم کے لئے ہیں۔ مدر حیض نافع ہے

فوائد:۔ مدر حیض ہے۔

ایضاً۔ مدر حیض زنان

نسخہ:۔ چند روز مسلسل اجوائن کا کھلانا حیض کھولتا ہے۔ اور اسقاط میں بھی مؤثر ہے۔

ایضاً

نسخہ:۔ گڑ تھوڑے سے گھی میں ملا کر آگ پر رکھیں: تاکہ فتیلہ بن جائے۔ اس کے بعد تھوڑا سا بہروزہ خشک باریک پیس کر فتیلہ (بتی) بنائیں۔ اور رحم کے منہ میں رکھائیں۔

فوائد مدر حیض ہے۔

ایضاً

نسخہ:۔ تخم ریحان ہمراہ شربت دیں۔ اسی طرح تخم مولی اور تخم گاجر ایک مٹھی بھر کھلائیں۔

فوائد:۔ مدر حیض ہے۔

ایضاً مدر حیض

نسخہ:۔ پوست درخت نیب ۲ تولہ۔ سونٹھ ۴ ماشہ۔ گڑ پرانا۔ پہلی دو دوائیں۔ جوش دے کر اور گڑ ملا کر پلائیں۔

فوائد:۔ ادرار طمث میں بے حد نافع ہے۔

ایضاً مدر طمث

نسخہ:۔ برگ درخت نرمہ (کپاس) نیم پاؤ۔ پانی ایک سیر میں جوش دے کر پلائیں۔ نقوع بقدر پینے کے رہے۔ تو گڑ ۵ تولہ ۸ ماشہ ملا کر پلائیں۔

فوائد:۔ ادرار حیض میں بے حد نافع ہے۔

دافع درد طمث

نسخہ:۔ برگ نیب (نیم) گرم کر کے مقام مثانہ یعنی رحم زنان پر باندھیں۔

فوائد:۔ دافع درد شروع حیض یا بعد نفاس یا بوجہ جماع ہوتا ہو۔ مؤثر ہے۔ لیکن پانی جانے کا مانع ہے۔ اور مسقط ہے

ایضاً۔ دافع درد جو متواتر رہتا ہو۔

نسخہ:۔ ریوند خطائی چند روز متواتر کھلائیں۔

فوائد:۔ مزیل درد حیض ہے۔

حابس خون۔ جو حالت حمل میں جاری ہو

نسخہ:۔ پوست بیخ درخت گلاب پانی میں جوش دے کر جب اٹھواں حصہ رہے۔ تو حاملہ کو پلائیں۔

فوائد:۔ حابس خون حاملہ ہے۔

ایضاً حابس خون حاملہ

نسخہ:۔ گل لحیتہ التیس۔ چاول سا ٹھی پیس کر دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔

فوائد:۔ خون جاری حاملہ کا روکنا ہے۔

مسقط جنین مردہ

نسخہ:۔ بلور باریک پیس کر اور کپڑے باقتہ میں پوٹلی باندھ کر حمول کرائیں۔

فوائد:۔ جنین مردہ کو خارج کرنے میں مؤثر ہے۔

ایضاً۔ مسقط جنین

نسخہ:۔ لکڑی نرم ہرنولی روغن ہرنولی میں آلودہ کر کے شافہ کرائیں۔

فوائد:۔ جنین کو خارج کر دیتا ہے۔

ایضاً۔ مسقط جنین

نسخہ:۔ تل سیاہ رات کو پانی میں بھگو کر علی الصبح زلال لے کر پلائیں۔

فوائد:۔ مسقط ہے۔

منزل النساء

نسخہ:۔ ہربل باریک پیس کر ہمراہ شہد ملا کر قضیب پر لیپ کریں۔ خشک ہونے کے بعد نزدیکی کریں۔

فوائد:۔ منزل زن۔ طرفین کو لذت بخشے۔

سفوف برائے جریان زنان

نسخہ:۔ رال سفید ایک ماشہ۔ قند سفید ۴ ماشہ ملا کر دودھ گاؤ کے ہمراہ علی الصبح سات یوم تک کھلائیں۔ روزانہ یہی وزن مقرر رکھیں۔

فوائد:۔ جریان زنان کو نافع ہے۔

حافظ جنین

نسخہ:۔ مرجان و کہربا کا حمل کے دوران حاملہ کے گلے میں لٹکانا۔

فوائد:۔ محافظ جنین ہے۔ بے حد مؤثر ہے۔

ایضاً۔ حافظ جنین

نسخہ:۔ ایک چرخے کا ٹکڑا چرخ کا حاملہ عورت کے گلے میں لٹکانا۔

فوائد:۔ محافظ جنین ہے۔ اسقاط نہیں ہونے دیتا۔ اگرچہ حاملہ اسقاط کی عادی بھی ہو۔

آسانی وضع حمل

نسخہ:۔ کینچلی سانپ عورت کی ران پر باندھیں۔ تو فوراً بچہ پیدا ہوگا۔ اگر بچہ مر بھی گیا ہو۔ تو خارج ہو جائے گا۔

فوائد:۔ وضع حمل میں آسانی پیدا کرے۔

ایضاً آسانی وضع حمل

نسخہ:۔ سلیخہ بقدر ½ ۳ ماشہ پلانا وضع حمل میں آسانی پیدا کرے۔ اسی طرح روغن بلسان موم کے ساتھ حمول کرنا مشیمہ کے ہمراہ بچہ کو پھسلا کر نکالتا ہے۔

فوائد:۔ ولادت بچہ میں آسانی پیدا کرے۔

دافع استحاضہ

نسخہ:۔ جنطیانا رومی کو مہندی کے ساتھ ملا کر ہاتھ پر باندھنے سے خون استحاضہ کو بند کرتا ہے۔

فوائد:۔ خون استحاضہ وطمث کو بند کرنے میں بے حد نافع ہے

برائے تھنیلا زناں

نسخہ:۔ دال مسور پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ ایسا ہی ہلدی۔ گھیکوار دونوں کو ملا کر اور پیس کر لیپ کریں۔

فوائد:۔ درد تھنیلہ کو فوراً دفع کرتا ہے۔

افزودنی شیر زناں

نسخہ:۔ زیرہ سفید۔ سونف۔ نمک سنگ برابر ملا کر ہمراہ دہی گاؤ کھلائیں۔

ایضاً:۔ زیرہ سفید۔ آٹا چاول ساٹھی۔ دودھ گاؤ میں ملا کر حریرہ تیار کر کے سات روز کھلائیں۔

فوائد:۔ دودھ بے حد پیدا ہوگا۔ یہ دودھ دس بچوں کے لئے کافی ہے۔

دافع بدبوئے اندام زناں

نسخہ:۔ گل جائی۔ بیٹھی عورت اپنے نیچے سلگا کر دھونی دے بدبو دفع ہو۔ ایسا ہی تیل کنجد دھوپ میں گرم کر کے اندام نہانی میں ملے بو دفع ہو۔ یوں ہی گل نیلوفر برگ و بیج کے ہمراہ کوٹ کر غلولہ بنائے۔ اور اندام نہانی میں رکھے بدبو دور ہو۔ اور تنگ بھی ہو

فوائد:۔ دافع بدبو اندام نہانی ہے۔

ایضاً۔ دافع بدبوئے اندام نہانی

نسخہ:۔ برگ نیب۔ فلفل دراز۔ آملہ۔ مُرمساوی پیس کر روغن تلخ میں ملا کر اندام نہانی میں لگائیں۔

فوائد:۔ دافع بدبو اندام نہانی زناں ہے۔

تنگی و فراخی اندام نہانی زناں

نسخہ:- دو سنگ مادہ گاؤ کے لائیں۔ ایک جو نیچے کی طرف مڑ گیا ہو۔ پیس کر فرج میں طلا کرائیں تو کشادی پیدا کرے۔ اور ایسا ہی سینگ جو اوپر کی طرف بڑھا ہوا ہو۔ لے کر پیسیں اور اندام نہانی میں طلا کرائیں تنگی پیدا کرے۔ اگرچہ فراخی تولید کے بعد ہی ہوئی ہو۔

فوائد۔ تنگی و فراخی زناں زائیدہ میں مؤثر ہے۔

دافع موئے نہانی زنان

نسخہ:- پتہ بلی سیاہ بیضہ مرغ میں اکٹھا ملا کر۔ جہاں بھی لگائیں گے۔ بال ہرگز پیدا نہ ہوں گے۔

فوائد دافع موئے اندام نہانی ہے۔

دافع بوئے دہن

نسخہ:- تیل کنجد سے دو۔ تین مضمضے کر کے نیم کی لکڑی سے مسواک کریں۔ اس کی مداومت چند روز کرنے سے بدبو مُنہ سے دور ہو جائے گی

فوائد:- دافع بدبوئے دہن ہے۔

دافع بدبوئے بغل

نسخہ:- مردار سنگ سرکہ کہنہ کے ساتھ ملا کر اور پیس کر بغل میں ملیں۔ ایسا ہی مُشک ۶ تولہ ۸ ماشہ۔ صندل ۳ تولہ ۴ ماشہ۔ عود ۱۳ تولہ ۴ ماشہ کوٹ پیس کر پلائیں۔ اور پانی میں حل کر کے بغلوں میں لیپ کریں۔ ایک دو ہفتہ کے استعمال سے

بدبوُ زائیل ہو جائے گی۔

فوائد:۔ بدبو بغل کے دفع کرنے میں بے حد نافع ہے۔

فرزجہ قاطع خون حیض

نسخہ:۔ مازو سوختہ۔ دم الاخوین۔ برگ مورد۔ گل ارمنی گل سُرخ برابر وزن لے کر پیس کر جامہ حریر سے چھان کر اور پوست انار تُرش نیم کوب کرکے جوش دیں تاکہ گل جائے۔ پھر قدرے روئی مطبوخ انار میں تر کرکے اور دواؤں کھرل شدہ سے پلیٹ کر حمول کرائیں۔

فوائد:۔ استحاضہ کو دفع کرے اور زخمہائے کا ازالہ کرے

ایضاً۔ قاطع خون حیض

نسخہ:۔ فرزجہ۔ پھٹکڑی ۲ رتی۔ تخم اجوائین خراسانی ۴ رتی افیون ۲ رتی پیس کر فرزجہ بنائیں۔

ایضاً قاطع خون حیض

نسخہ:۔ مردار سنگ۔ پھٹکڑی۔ گلنار۔ گل ارمنی۔ گل مختوم برابر وزن سرمہ سا باریک کرکے حمول کرائیں۔

فوائد:۔ خون حیض کو بند کرنے میں بے حد مؤثر ہے۔

فرزجہ مدر حیض

نسخہ:۔ تخم انجرہ۔ مرصاف برابر حمول کرائیں۔

فوائد:۔ ادرار حیض میں قوی الاثر ہے۔

ایضاً۔ فرزجہ مدر حیض

نسخہ:۔ فرفیون کو باریک پیس کر روئی میں لگا کر رکھائیں بمدر حیض ہے

فرزجہ اعادہ بکارت

نسخہ :۔ مرغ سیاہ کی ہڈی (خروس سیاہ) اور انگور کی ٹہنی ہر
ایک برابر وزن جلاکر موم شہد کے ساتھ فرزجہ تیار کرکے حمول کرائیں
اسرار مکنونہ سے ہے۔ اسی طرح۔ بلوط ۲ تولہ۔ شگوفہ اذخر کپڑے
پر لگاکر اور شراب میں تر کرکے چند روز حمول کرائیں۔

فوائد :۔ ازالہ بکارت کرتا ہے۔

مضیق و مرطیب

نسخہ :۔ گلاب کے بیج ۱۰ ½ ماشہ بالچھڑ ۷ ماشہ کوٹ پیس کر
کجلی بنائیں۔ اور انگلی کو گلاب میں ترکرکے ان دو دواؤں کو آلودہ
کرکے انگلی سے اندام نہانی میں لگائیں۔

فوائد :۔ تنگی پیدا کرے۔

نکتہ

عورت کے پستان کی بلندی و سختی دلیل صحت مندی حاملہ و
اولاد نرینہ ہے۔ مقناطیس بائیں ہاتھ میں لینا (یعنی عورت کا رکھنا)
موجب آسانی و تدوت ہے۔

مبکرہ

نسخہ :۔ میعہ سائلہ۔ پھٹکڑی بریان ملاکر ایک ایک ساعت
پہلے اندام نہانی میں لیپ کرائیں۔

فوائد :۔ عورت زائیدہ مثل باکرہ ہو۔

حب عقیمہ

نسخہ :۔ مشک خالص ۲ رتی افیون ایک ماشہ۔ جوزبویا ۱ ماشہ۔

تخم بھنگ ۱/۲-۳ ماشہ ۔ قند سیاہ (گڑ) ۱/۲-۵ ماشہ ۔ چھالیہ گجراتی ۲ عدد ۔ لونگ ۴ عدد ۔ تمام دواؤں کو کوٹ پیس کر گڑ میں ملا کر غلولہ برابر جنگلی بیر کے بنائیں ۔ حیض سے پاک ہونے بعد پہلے روز غسل سے ہی شروع کرائیں ۔ تین یوم تک ایک ایک غلولہ کھلائیں ۔

فوائد :۔ عورت عقیمہ کو کھلانے سے انشاءاللہ تعالیٰ حمل قرار پاتا ہے ۔

مبکرہ ۔ دافع نرمی اندام نہانی زن

نسخہ :۔ کپڑا سفید دودھ گھوڑی تازہ سوئی ہوئی سے تر کر سایہ میں خشک کریں ۔ بوقت ضرورت تھوڑا سا اس میں فرزجہ کرائیں ۔ بعد ایک گھنٹہ کے ہمبستر ہوں ۔

ایضاً ۔ مبکرہ :۔

نسخہ :۔ کچھمی جس کے پتے مانند مسور کے ہوتے ہیں ۔ مہندی کے طور پیس کر رات کو ہاتھوں اور پاؤں میں لگائیں ۔ اور صبح کو پانی گرم سے دھو ڈالیں ۔

فوائد :۔ زائیدہ عورت کو بکر کرے ۔ اور نرمی اندام نہانی کے لئے نافع ہے ۔

مثیب ۔ فراخی اندام

نسخہ :۔ گل نیلوفر سفید لعاب مصبر میں حل کر کے رکھیں بوقت ضرورت منہ کے لعاب سے باکرہ عورت کی ناف میں لیپ کریں ۔ ہمبستری میں آسانی ہوگی ۔ ایسا ہی گندم ۔ نمک پیس کر شہد اور روغن گاؤ میں حل کر کے محفوظ رکھیں اور

اندام نہانی عورت میں لگائیں۔

فوائد:۔ مثیب یعنی اندام نہانی میں نرمی پیدا کرے۔

حمل زن فربہ

جو عورت بسبب موٹاپا جسم حاملہ نہ ہو۔ اس سبب مادۂ تولید مرد کا رحم میں نہ پہونچتا ہے۔ اس لئے عورت کو بلندی مکان سے نیچے اور نیچے سے مکان چھت پر اترنے چڑھنے کی ریاضت کرانی چاہئے۔ تاکہ رحم کا منہ باہر کی طرف ہو۔ پھر ایسی عورت کو معکوس (الٹا) لٹا کر مبتری ہونی چاہیے۔ انشاءاللہ تعالےٰ حاملہ ہو جائے گی۔

تعلب پستان

خون حیض اوّل شروع حیض پستانوں پر لگانا ہمیشہ اصلی حالت میں رکھتا ہے۔

درد و سول و باؤ گولہ

نسخہ:۔ ہر چہار اجوائن۔ انبہ ہلدی۔ اسگند ناگوری ہر ایک ایک تولہ تمام کو باریک کر کے مریض کو حقہ میں بمثل تماکو پلائیں۔

فوائد:۔ دافع باؤ گولہ و درد وغیرہ ہے۔

علاج تھنیلہ زنان

نسخہ:۔ درخت گٹیلی خورد پتے۔ ڈنڈلی۔ جڑ کے ساتھ کوٹ کر اس کی ٹکیہ بنا کر پستان درد رسیدہ پر باندھیں۔ دو تین مرتبہ کے عمل سے اللہ کے حکم سے آرام ہوگا۔

فوائد:۔ پستانِ عورت کے درد و جلن کے لئے بے حد نافع ہے۔

افزونی شیر زنان

نسخہ:۔ تخم شلغم۔ تخم پیاز۔ تخم سویہ۔ سونف ہر ایک برابر اور تمام کے برابر نخود بریان کوٹ پیس کر رکھیں۔ اور ہر صبح ۱/۲ ۱ ماشہ ہمراہ شکر دودھ خام تازہ کھلائیں۔ یوں ہی نخود سفید رات کو دودھ میں بھگو کر صبح کو وہی دودھ ہمراہ شکر چند یوم تک پلائیں۔ اسی طرح۔ آرد باقلا ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ جنگلی تلسی ایک تولہ ۹ ماشہ۔ دونوں کو پانی میں پیس کر پستان پر لیپ کرائیں۔

فوائد:۔ زیادتی دودھ زنان کے لئے نافع ہے۔

فائدہ:۔ جو دوا منی کو زیادہ کرے۔ دودھ کو بھی زیادہ کرے گی۔ چنانچہ دودھ بکری ہمراہ شکر پلانا۔ اور مچھلی تازہ کھلانا۔ اور ساگ پالک وغیرہ زیادتی دودھ میں نافع ہے۔

کمی شیر زنان

معمول سے دودھ عورتوں کی زیادتی موجب نقصان ہے لہذا۔ لک مغسول مردار سنگ ہمراہ روغن گل پستانوں پر لیپ کر۔ زیادتی دودھ کو کم کرتا ہے۔ اسی طرح زیرہ سرکہ میں ملا کر لیپ کرنا۔ بھی کمی دودھ زنان کا موجب ہے۔

ایضاً، برائے کمی شیر زنان

نسخہ:۔ مسور کا پانی سرکہ میں پکا کر لیپ کریں۔ اسی طرح برگ کاہو کھلانا و لیپ کرنا۔ یوں ہی۔ زیرہ کھلانا اور لیپ کرنا اسی طور تخم کرنب کا لیپ کرنا مفید ہے۔

دافع سختی و گرہ پستان

نسخہ:۔ روغن بنفشہ۔ زردی انڈا مرغ لیپ کریں۔ ایسا ہی تلچھٹ سرکہ لیپ کریں۔ اسی طرح گرہ پستان سخت کی نرمی کے لئے روغن کدو اور چربی بطخ لگائیں۔

فوائد:۔ گرہ و سختی پستان عورتوں کے لئے بے حد نافع ہے۔

علاج دنبل پستان

نسخہ:۔ تخم السی۔ تل۔ میعہ سائیلہ۔ بیخال کبوتر۔ بورہ ارمنی رال۔ ہر ایک مساوی کوٹ کر تیل کنجد اور اور مغز پنڈلی گاؤ میں ملا کر لیپ کریں۔

ایضاً: پولٹس

نسخہ:۔ پولٹس مورد کی پختگی کے لئے مجرب ہے۔ خاصکر اس میں کوئلہ قدرے کربل ملایا جائے۔

ایضاً مرہم سیاہ

نسخہ:۔ گوند رومی۔ زفت رومی۔ گوند بطم۔ موم۔ روغن زیتون ہر ایک مساوی بطریق مشہور مرہم بنائیں۔

فوائد:۔ مندمل زخم پستان ہے۔

ایضاً:۔ کالی مرہم

نسخہ:۔ موم یک پاؤ۔ مردار سنگ ایک تولہ ۳ ماشہ۔ زفت رومی ۶ تولہ ۳ ماشہ۔ گوند بطم ایک تولہ ۳ ماشہ۔ روغن زیتون نصف سیر بدستور معلوم مرہم تیار کریں۔

زرد مرہم

نسخہ:۔ سنگ بصری۔ کتھا سفید۔ کمیلہ۔ طوطیا سبز۔ کرفس ہر ایک ۴ ماشہ۔ موم زرد ۲ تولہ ۲ ماشہ۔ تیل کنجد ۴ تولہ ایک ماشہ۔ حسب دستور مرہم تیار کریں۔ اور پانچ مرتبہ اس مرہم کو دھوکر استعمال میں لائیں۔

فوائد:۔ یہ مرہم پیپ کو خارج کرنے زخم کو پیپ سے پاک کرتے ہیں۔ اور فاسد گوشت کو کاٹنے اور زخم کو بھرنے اور اس کی اصلاح کرنے میں بے حد مفید ہے۔

تحفظ پستان اور غلطیدگی

نسخہ:۔ پھٹکڑی تیل زیتون میں ملا کر اور سکہ کے برتن میں اس قدر کھرل کریں۔ تاکہ کسی قدر سکہ بھی گھس کر شامل ہو جائے۔ پھر متواتر اس میں سے پستانوں پر لیپ کرائیں۔

فوائد:۔ عورت کے پستانوں لٹکنے سے محفوظ رکھے۔

تسہیل ولادت

نسخہ:۔ شیاف۔ عصارہ ریوند چینی کو ہمراہ پتہ گائے ملا کر شیاف کرائیں۔ اسی طرح گندھک زرد جاؤشیر ہمراہ پتہ گائے ملا کر رحم کے منہ پر دھونی دلوائیں۔ یونہی۔ بیخال کبوتر کی دھونی بچہ کو باہر نکال دیتی ہے۔

ایضاً

نسخہ:۔ سنگ مقناطیس کو عورت کے بائیں ہاتھ میں رکھنا۔ اور مرجان کو دہنی ران میں باندھنا بالخاصیت مفید ہے۔

فوائد۔ تسہیل ولادت میں نافع

اسی طرح۔ چھینک لانے والی دوائیں بشل نکچھکنی سنگھانا اس طور اس صورت میں کہ زچگی پہلی مرتبہ ہو اور عورت نازک مزاج اور بہت خوف زدہ ہو۔ تو دوسری عورتیں اُس کی دلجوئی (دلاسہ) کریں۔ اور موم روغن یا چربی بلغ یا چربی مرغ خانگی سے رحم کو تر کریں۔

نافع درد ایام معمولی زناں

نسخہ:۔ پوست پھلی انبلتاس ۴ تولہ۔ گڑ پُرانا ۴ تولہ۔ دونوں کو پانی میں جوش دے کر صاف کر پلائیں۔ اسی طرح تین چار یوم متواتر پلائیں۔ ہر روز یہی وزن ہونا چاہیئے۔

فوائد:۔ ایام حسب معمول آئیں۔ درد بھی رفع ہوگا۔

معجون حافظ جنین مجربہ پیرجی محمد عمادالدین امروہوی)

نسخہ:۔ آب زلال تمر ہندی۔ آب زلال بخارا۔ آب لیموں کاغذی۔ آب انار شیریں۔ آب انار ترش۔ عرق لفاح۔ عرق کیوڑہ آب زرشک۔ عرق بید مشک۔ آب برگ پودینہ۔ سبز مرزق ہر ایک ایک چھٹانک۔ عرق گلاب دس تولہ۔ یشب سبز۔ موتی بے سوراخ مذہر مہرہ خطائی میں پسا ہوا۔ زرنب۔ دارچینی فلفل دراز۔ بسباسہ ہر ایک ۳ ماشہ۔ طباشیر کبود۔ پوست ہلیلہ زرد۔ پوست ہڑ سیاہ۔ صندل سرخ۔ شقاقل مصری دانہ الائچی خورد۔ بالچھڑ۔ گل نیلوفر ہر ایک ۷ ماشہ۔ پوست اترج زرد۔ جوز بویہ۔ شاخ مرجان ہر ایک ۴ ماشہ۔ گل سیوتی

گل گاؤزبان ہر ایک ۹ ماشہ ۔ گل سرخ ایک تولہ ۔ آملہ مربی
مربی سیب ۔ مربا بہی ہر ایک ۳ تولہ ۔ مربی ہرڑ ۲ تولہ ۔
قند سفید ۵۰ تولہ (دس چھٹانک) قوام تیار کرکے ورق چاندی
۲۱ عدد ملا کر استعمال کرائیں ۔

خوراک :۔ ۵ ماشہ سے ۹ ماشہ تک اگر خشکی پیدا کرے
تو بدرقہ دودھ گاؤ استعمال کرنا چاہیئے ۔

فوائد :۔ جنین کی حفاظت کرے ۔ متلی و اہیک عورت
حاملہ کا مصلح و مجرب ہے ۔

دافع آب سفید زناں

نسخہ :۔ چھال گولر ۔ چھال کیکر ۔ چھال درخت انبلی
کائیپل ۔ مین پھل ۔ جوز بویہ ۔ ہلیلہ ۔ بلیلہ تمام کا سفوف تیار
کر رکھیں ۔ بوقت ضرورت شکر میں ملا کر بقدر ۶ ماشہ ہمراہ پانی
۹ یوم تک کھلائیں ۔ ترشی و بادی سے ضرور پرہیز کریں ۔

ایضاً ۔ دافع آب سفید زنان

نسخہ :۔ چھال جامن ۔ چھال انبلی ۔ پوست گولر ۔ مین پھل
الائچی سفوف بنا کر دیں ۔

خوراک :۔ صبح ایک تولہ ۔ شام ایک تولہ پانی کے ساتھ
۹ یوم کھلائیں ۔ ترشی و بادی سے ضرور پرہیز کریں ۔

فوائد :۔ عورتوں کے سفید پانی جانے کو دفع کرتا ہے ۔

مرہم برائے زخم پستان

نسخہ :۔ گیرد ۔ رسوت ۔ مہندی کے پتے ۔ نیم کے پتے ۔ دونوں

پتوں کو تیل تل میں جلائیں۔ اور دوسری دونوں دواؤں کو پیس کر اس تیل میں حل کر کے مرہم بنا کر رکھ لیں۔ اور روز بطور مرہم لگایا کریں

فوائد:۔ زخم پستان زنان کے لئے بے حد مفید ہے۔

مفیق

نسخہ:۔ فرزجہ۔ ہڈی مرغا سیاہ۔ کوئلہ لکڑی انگور۔ جبتا شہد ہر ایک ایک تولہ۔ مازو ۲ تولہ۔ شگوفہ اذخر۔ کپڑے کو شراب آلودہ کر کے ان دواؤں کے سفوف میں لپیٹ کر فرزجہ تیار کریں۔ اور چند روز رکھائیں۔

فوائد:۔ تنگی اندام پیدا کرے۔

زن زائیدہ کو باکرہ کرے

نسخہ:۔ مازو بے سوراخ۔ پوست انار۔ زریقس سیاہ ہر ایک برابر شراب میں ملا کر اور کپاس کے ٹکڑہ میں لگا کر حمول کرائیں۔ فوائد:۔ مفیق ہے عورت زائیدہ کو بکر لائے۔

ایضاً:۔ مفیق و ملذذ ہے۔

نسخہ:۔ کافور۔ شہد۔ مازو پیس کر مرد عضو خاص پر طلا کرے۔ اور ہمبستر ہو۔ یوہی۔ خون گربہ طلا کرنا۔

فوائد:۔ بے حد مفیق اور ملذذ ہے۔

مفیق و ملتہی

نسخہ:۔ پھٹکڑی کے پانی میں کپڑا تر کر کے مسحیقہ۔ سعد۔ لونگ۔ سلیخہ۔ مازو جو کھرل کر کے باریک مانند سرمہ ہوں۔ میں آلودہ کر کے جارع سے پہلے دو ساعت عورت خود ہی قبل

میں رکھے۔

فوائد:۔ بے حد خشکی و تنگی پیدا کرے۔

مغیر

نسخہ:۔ چھتہ زنبور دھی گائے کے ہمراہ کھرل کر کے فرزجہ کرائیں۔

فوائد:۔ تنگی پیدا کرے۔

* اسی طرح موصلی سفید۔ شہد یکجا کھرل کر کے قبل میں طلا کرائیں

فوائد:۔ مغیر ہے۔ اصلی حالت پیدا کرے۔

علاج بیکلی زنان

نسخہ:۔ کالی زیری۔ باؤ برنگ۔ اجوائین۔ پھٹکڑی۔ ایلوہ ہر ایک برابر ۱۰½ ماشہ۔ برگ سنبھالو ۵ عدد۔ تمام کو کوٹ کر بقدر ریٹھا پوٹلی باندھیں۔ ضرورتاً ایک پوٹلی آگے اور ایک پوٹلی پیچھے رکھائیں۔

فوائد:۔ بے چینی مستورات کے لئے۔ جب نل و شکم درد کرتا ہو بے حد نافع ہے۔

برائے ادرار حیض بستہ۔

نسخہ:۔ موچرس ۲ تولہ۔ آٹا مونگ مصفے ۴ تولہ۔ چھالیہ ۴ تولہ۔ دھنیا خشک ۴ تولہ۔ خاکستر ٹاٹ ایک۔ سونف ۴ تولہ شکر ہموزن تمام ادویہ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں۔ روزانہ صبح ایک تولہ۔ پانی سرد سے کھلائیں۔ پرہیز ترشی و بادی۔

فوائد:۔ سدر حیض ہے۔

تحفظ اسقاط

نسخہ:۔ کہربا کا عورت حاملہ کو گلے میں پہنانا۔ اور اسی طور لبسد کا لٹکانا ہی۔

فوائد:۔ حافظ الجنین ہے۔

فرزجہ نافع و دافع خارش و جلن رحم

نسخہ:۔ سداب۔ نفاع۔ پوست انار۔ مسور مقشر تھوڑے سے سرکہ و گلاب اور تھوڑے سے پکے ہوئے سرکہ میں ٹکڑا کپاس تر کر کے اور پھر ادویہ مذکورہ میں آلودہ کر کے حمول کرائیں۔

ایضاً:۔

نسخہ:۔ نفاع خشک۔ ناردین (سنبل) گل نسرین خشک گل نیلوفر۔ سرو کے پتے۔ بیری کے پتے۔ لاجورد ہر ایک برابر روغن زیتون میں ملا کر چار ماشہ اس میں سے فرزجہ کرائیں اور چار ماشہ اسمیں سے پانی بابونہ کے ساتھ جوشاندہ بنا کر ناف پر لیپ کرائیں۔ پانی اور شراب سے پرہیز کرائیں۔ کافی دن عمل کریں۔ اور وقت جاری ہونے حیض کے عمل کرنا چاہئے۔

فوائد:۔ دافع خارش جلن و بیجا ہوتے رحم کو نافع ہے

برائے فوری حمل

نسخہ:۔ چربی خرگوش۔ مینگنی خرگوش۔ شہد برابر تین یوم مسلسل تین رات حمول کرائیں اور ہر روز ۳ ماشہ برادہ عاج کھلائیں۔ فوائد۔ فوری حمل کے لئے مجربات سے ہے۔

فرزجہ مدرحیض

نسخہ:۔ مشک طرامشیع ۵ ماشہ ۔ مویز منقیٰ ۵ دانہ سداب خشک ۷ ماشہ ۔ مرصاف ۴ ماشہ ۔ اُبل ۸ ماشہ ۔ پتہ گاؤ بقدر ضرورت فرزجہ میں ملانے کے لئے ۔ فرزجہ کرائیں یونہی فرفیون کو باریک پیس کر کپاس کے پھایہ میں لگا کر فرزجہ استعمال کرائیں ۔

فوائد:۔ مدرحیض ہے ۔ اگر سات سال سے بھی بند ہوگا تو کُھل کر خارج ہوگا ۔

فرزجہ مخرج جنین

نسخہ:۔ جاؤشیر ۔ خربق سیاہ برابر وزن پتہ گاؤ میں حل کر کے حمول کرائیں ۔

فوائد:۔ جنین مردہ و زندہ و مشیمہ کو خارج کرے عُسر ولادت و علت رجاء حمل کاذب کو بھی مفید و انفع ہے ۔

ضماد مخرج جنین مُردہ

نسخہ:۔ گودہ حنظل ۔ سداب کے پتے ۔ قسط ہندی ۔ برابر وزن پتہ گاؤ میں یا شہد میں کوٹ پیس کر ملائیں ۔ اندام نہانی کے حوالی و ناف پر ضماد کرائیں ۔

فوائد:۔ جنین مردہ کو خارج کرے ۔

برائے تسہیل ولادت

نسخہ:۔ السی کے بیج ایک تولہ پیس کر شہد ایک تولہ اور تھوڑے سے روغن کنجد کے ساتھ نیم گرم حوالی اندام نہانی

و پیڑو اور ناف پر لیپ کرائیں۔
منوائیں۔ فوراً بچہ پیدا ہو جائے گا۔

علامات مرنے پیٹ حاملہ میں جنین کے

علامات پیٹ حاملہ میں مرجانے جنین کے یہ ہیں۔ کہ بچہ ماں کے پیٹ میں بھاری ہو جائے۔ اور ہلانے جلانے سے بچہ ایک پہلو سے دوسرے پہلو پر اس طرح تبدیل ہو۔ جیسا کہ پتھر پیٹ میں سے ایک طرف سے دوسری طرف پھر جائے۔ اور عورت حاملہ کی ناف بھی سرد پڑ جائے۔ اور جنین کے مرنے سے پہلے گرم رہی ہو گی۔ اور عورت کے پستان بھی دبلے پڑ جائیں۔ اور آنکھوں کی سفیدی بھی سیاہ پڑ جائے۔ اور یہ بھی ہوتا ہے کہ سرو ناک و کان بھی سفید ہو جائیں۔ اور دونوں ہونٹ سرخ ہوں۔ اور اسوقت جنین کا اخراج دواؤں سے ضروری ہے۔

علامات حمل

معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ حمل کی نشانیوں میں اد بھیک۔ قے ہچکی۔ سستی بدن بخار کی علامات۔ نیند کا کم ہونا۔ بلندی پستان پستانوں میں درد ہونا۔ اور دودھ کا ظاہر ہونا۔ اور اردگرد مُنہ پستانوں کے حلقے پڑنا۔ اور پستانوں کے منہ کا سیاہ ہونا

اور پیٹ کا اُبھار - اور جنین کی حرکات کا محسوس ہونا چوتھے
یا پانچویں مہینے ماں کے پیٹ میں۔
اور حاملہ کے قارورہ میں کوئی چیز سفید مثل بالائی کے
نظر آنا - اور اگر قارورہ حاملہ کو ہلایا جائے - تو اس میں مانند
سیاہ پھچھڑوں کے نظر آئے - اور ساتویں مہینے رحم کی گردن
لمبائی میں ایک انگلی بھر لمبی ہو جاتی ہے -
یہ بھی علامات حمل سے ہے - کہ عورت جماع سے
نفرت کرنے لگتی ہے - اور بوقت جماع رحم سے لے کر ناف،
ناف تک درد ظاہر ہو - اور بدن سست ہو - اور حاملہ کی
آنکھوں میں سفیدی کبودی مائل بزردی ہو - اور رنگ پستانوں
کی رگوں کا نیلگوں ہو جائے - اور سر کا چکرانا متلی اور خواہش کھانے
ردی چیزوں کی پیدا ہو جائے - سر کا چکرانا چار مہینوں کے بعد
رفع ہوگا -

امتحانِ حمل

تھوڑا قدر شہد سرد پانی میں ملا کر سونے کے وقت حاملہ
عورت کو پلائیں - اگر ناف میں پیچش دگرانی معلوم ہو تو عورت
حاملہ ہوگی -
بقدر ۲ ۱/۲ رتی تھوم مقشر سوئی سے چھید کر عورت حمول کرے
صبح کو اگر عورت کے منہ سے تھوم کی بو ظاہر تو حاملہ و باکرہ نہ ہوگی -

علامت باکرہ

بورہ سرخ کو سیپی کے برابر پیس کر لڑکی کے ناک میں چڑھائیں اگر چھینک آئے تو باکرہ ورنہ نہیں۔

تسہیل ولادت

نسخہ:۔ سُم اسپ عورت کے نیچے دھونی دیں۔

فوائد:۔ فوراً بچہ پیدا ہو جائے۔

دافع استحاضہ

نسخہ:۔ اسبغول ۶ ماشہ کھلا کر اوپر شربت مصری بنا کر پلائیں

فوائد:۔ دافع افراط حیض ہے۔

علاج سیلان خون و پانی

نسخہ:۔ گوند پلاس۔ تخم ثبت۔ شکر سفید ہر ایک برابر پنج سیر شاہی۔ برگ نئے کیکر ۱۰ سیر شاہی۔ کوٹ پیس کر سفوف بنائیں دودھ گاؤ کے ساتھ تین یوم کھلائیں۔

فوائد:۔ خاص کر جاری ہونے خون عورت جس کو ہندی میں پیر کہتے ہیں۔ کے لئے بیحد نافع ہے۔

تعلب وتصغر ثدی۔

نسخہ:۔ بلادر۔ پوست انار ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ۔ دو سیر تیل سرسوں میں دس سیر پانی ڈال کر تانبہ کی دیگ میں جوش دیں کہ تیل باقی رہ جائے۔ پھر استعمال کریں۔ مانند باکرہ بارہ سال کے ہو۔ سختی وموزونیت پستان زنان کو نافع ہے۔

ایضاً۔ برائے سختی پستان

نسخہ:۔ پوست انار شیریں مکھن کے ساتھ جوش دے کر چند روز پستان پر ملیں۔

فوائد:۔ سخت ہوں۔ اور غلطیدگی رفع ہو۔

حابس حیض قوی تر

پہلے قرص کہربا و رُب مورد کھلائیں۔ اس کے بعد اس آبزن میں بٹھائیں۔

نسخہ آبزن:۔ مائیں۔ پھل سرو۔ پوست انار نیم کوب ہر ایک ۱۰½ ماشہ۔ پھٹکڑی۔ مازو نیم کوفتہ (نیم کوب) گلنار ہر ایک ایک تولہ ۲½ ماشہ۔ گل سُرخ۔ مورد کے پتے ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ دس½ سیر پانی میں جوش دیں۔ کہ پانچ سیر رہ جائے۔ تھال میں ڈال کر بٹھائیں۔ اور زیر ناف چند مرتبہ دھاریں۔ اور اسی پانی۔ آبزن کو مکرر استعمال کریں۔ اور محاجم (ہمی) بغیر شرط پستان کے نیچے کام میں لائیں (لگائیں) یہ آبزن اِس قدر قابض و حابس ہے کہ اگر ایک رات میں دو من خون بھی جاتا ہو۔ تو فوراً بند ہو جائیگا۔

فوائد:۔ بیحد حابس خون حیض موثر ہے۔

قرص کہربا

نسخہ:۔ کہربا۔ مصطگی۔ خشخاش ہر ایک ۲ تولہ ۱۱ ماشہ زعفران ۷ ماشہ۔ لعاب اسپغول سے قرص بنائیں۔

فوائد:۔ اسہال خونی۔ زیادتی خون حیض و بوسیر کو بیحد نافع ہے۔

بخور مسقط حمل

نسخہ:۔ مقل ارزق ۔ مُر۔ ہئو بیر مساوی کوٹ پیس کر گولی (بنادق) بناکر دھونی دیں۔

ایضاً۔ مخرج جنین

نسخہ:۔ لید اسپ رحم کے مقام پر دھونی دیں۔

فوائد:۔ مخرج جنین زندہ و مردہ ہے۔

نسخہ:۔ کینچلی سانپ بکررسہ کر بخور کرائیں۔

فوائد:۔ مخرج جنین ہے۔

ایضاً۔ مخرج جنین مردہ و مشیمہ

نسخہ:۔ مُر صافی ۔ مازو۔ جاؤشیر۔ گندھک برابر وزن۔ کوٹ پیس کر پتہ گاؤ میں ملوث کر کے غلولہ بنائیں۔ اور دھونی دیں اور ایک نسخہ میں اِن دواؤں کے ساتھ گودہ حنظل بھی شامل کریں

فوائد:۔ مخرج جنین مردہ و زندہ اور مشیمہ ہے۔

طریقہ دھونی (مسہ ہائے بواسیر درحم و مخرج جنین وغیرہ)

اسطرح ہے۔ کہ تغار (پرات گلی) کو سوراخ کر کے اوندھا رکھیں۔ اور اس کے نیچے دوائیں سُلگائیں۔ اور تغار کے اوپر عضو ماؤف کو رکھیں۔ اور مریض کو بٹھائیں ۔ اور رحم کے بخور کے لئے بہتر یہ ہے۔ کہ چولہا ٹونٹی دار ہو۔ تاکہ دھواں منتشر نہو۔ اور عضو ماؤف تک پہونچے۔

مسکن و دافع درد رحم

نسخہ:۔ موئے سر آدمی سوختہ یعنی جلا کر اس کا دھواں رحم

میں پہونچائیں۔ یونہی روغن نسرین نافع
فوائد:۔ دافع درد رحم جو بوقت جماع ہوتا ہو۔

حابس اقسام خون رحم

نسخہ:۔ خار خسک۔ گوند کیکر۔ مصری ہر ایک ۳ تولہ ۴ ماشہ ہر روز بھی وزن گھی گائے کے ہمراہ لعوق بنا کر کھلائیں۔
فوائد:۔ ہر قسم کے جریان خون رحم کو بے حد مفید ہے۔

حابس خون حیض

نسخہ:۔ گلنار۔ پھٹکڑی۔ مُرمر۔ کاغذ سوختہ۔ زیرہ کرمانی مدبر ہر ایک برابر پانی برگ بید یا پانی نقوع مازو میں حل کر کے حمول کرائیں۔

فوائد:۔ حابس خون حیض۔ دافع زخم و عفونت و رطوبات سیال رحم ہے۔

دافع عفونت اندام نہانی

نسخہ:۔ برگ جامن۔ برگ انبہ۔ برگ کوبیٹ (ایک ہندی پودا ہے) برگ ترنج۔ ہر ایک برابر وزن پیس کر پانی میں جوش دیں تاکہ تمام پانی خشک ہو جائے۔ پھر دواؤں کو دھوپ میں خشک کر کے پھر پیس لیں۔ اور تھوڑا سا جوز بویہ ملا کر گھی گاؤ میں حل کر کے صبح و شام اندام نہانی میں ملیں۔ اور ایک ماہ تک متواتر عمل کریں۔

دافع سیلان رطوبت رحم

نسخہ:۔ باؤبڑنگ ایک تولہ۔ سمندر جھگ ایک تولہ۔ نمک لاہوری ۲ تولہ۔ بہروزہ خشک ۲ تولہ کوٹ پیس کر تین حصے کریں۔ اور تین

ٹکڑے کپڑے میں علیحدہ پوٹلی مانند بڑے بیر کے پوٹلی باندھیں۔
اور روزانہ ایک پوٹلی حمول کرائیں۔

فوائد:۔ سیلان و درد رحم کو نافع ہے۔ نشانی اس کی ہے
کہ نفخ پیڈو و اجراء رطوبت ہے۔

مضیق

نسخہ:۔ کیکر کی چھال نیم کوب دس حصہ پانی میں بھگوئیں۔ تا دو
یوم۔ اس کے بعد جوش دیں۔ کہ نصف پانی باقی رہ جائے۔ صاف
کر کے شیشیوں میں بھر کر رکھ دیں۔ عورت بعد فراغت پیشاب
دوران حیض اسی پانی سے استنجا کرے۔

فوائد:۔ تنگی کے لئے و دافع سیلان رطوبت زناں بے
حد نافع ہے

ایضاً۔ تنگی پیدا کرے

نسخہ:۔ تین یوم متواتر بیر بھونی گھی گاؤ میں پیس کر قبل
میں لگائیں۔ اسی طور خاکستر گل کیوڑہ بڑ کی لگائیں۔ ایسا ہی اسفنج
حمول جماع سے تین گھنٹہ پہلے کرائیں۔ یونہی تخم املی کوٹ پیس کر
قبل میں رکھائیں۔

فوائد:۔ بے حد تنگی و خشکی پیدا کرے۔

ایضاً۔ برائے تنگی فرج

نسخہ:۔ برگ نیب (نیم) دس تولہ کوٹ کر اس سے شیرہ
اور گرم کر کے اس میں سے فرج کو دھویا کریں۔

ایضاً عمدہ۔ گل دھاوہ۔ اسگند ناگوری۔ موچرس۔

میں گھوٹ کر۔ اسی پانی میں سے لے کر ہر روز اندام نہانی کو دھولایا کریں۔

ایضاً۔ شافہ بحد مضیق

نسخہ :۔ مازو۔ حبہ سفید۔ کتھا سفید۔ تینوں برابر وزن لے کر خوب باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔ اور اس میں تھوڑا سا افیون ملا کر رکھ دیں۔ اور بوقت ضرورت اس مجموعہ میں سے لے کر فرج میں لگائیں۔ اور ایک گھنٹہ کے بعد مشغول کام ذکر کریں اور اگر تین یوم متواتر شافہ کرائیں۔ تو بحد تنگی پیدا کرے۔

فوائد :۔ بے حد تنگی پیدا کرے۔ دافع سیلان رطوبت زنانہ ہے

ملذذ ومنزل نسواں

نسخہ :۔ ایک بینگن میں سے بیج نکال کر نمک طعام ۲ ماشہ اس میں پر کر کے اور گل حکمت کر کے خاکستر گرم میں بھرتہ کریں۔ پھر باہر نکال کر کپڑے میں ڈال کر نچوڑیں۔ اس کا پانی لے کر طلا کر کے نزدیک جائیں (ہمبستر) ہوں۔

فوائد :۔ ملذذ ومنزل ہے۔

ایضاً۔ ملذذ ومنزل

نسخہ :۔ تھوڑا سا سوہاگہ بریاں۔ پان کے پتے میں لگا کر کھلائیں اگر لعاب عضو پر لگا کر دخول کریں۔ تو نافع۔

فوائد :۔ ملذذ ومنزل نسواں بے حد موثر ہے۔

....

بدبوئے دہن وبغل وجسم
نسخہ:۔ زیرہ سیاہ ایک تولہ ہر روز پانی تازہ کے ساتھ کھلانا۔ اسی طرح ناگرموتھ ایک تولہ کوٹ کر ہر روز کھلائیں۔
فوائد:۔ بدبو دہن وبغل وجسم کو دور کرنے میں مفید ہے۔

باب بیس ۲۰

(امراض اطفال میں)

بچہ مردہ از شکم بدرافتد
نسخہ:۔ دودھ کتیا میں شہد ملا کر حاملہ عورت کو پلائیں اسی وقت بچہ ساقط ہوگا۔
فوائد:۔ بچہ مردہ کو فی الفور باہر نکالنے مؤثر ہے۔
برائے درد شکم بچہ
نسخہ:۔ عرق پتہ بکری لے کر بچہ کی مقعد میں طلا کریں۔
فوائد:۔ فوراً دست آئے گا۔ درد دور ہوگا۔ اگر درد پسلی بھی ہوگا۔ تو دفع ہوگا۔
گرانی شکم اطفال
نسخہ:۔ دودھ بھیڑ نیم گرم پلائیں۔ بقدر ضرورت۔

فوائد :- گرانی شکم بچہ کے لئے نافع ہے ۔

ڈبہ اطفال

نسخہ :- زعفران ۴ رتی ۔ کینچوے ۲ رتی ۔ مشک ۲ رتی ۔
لونگ ۲ رتی ۔ بیر بہوٹی ۲ رتی ۔ نیل ۔ جنگلی ۲ رتی ۔ اجوائین خراسانی
۲ رتی ۔ اجوائین دیسی ۲ رتی ۔ ہرمل ایک رتی ۔ سقوم ۲ رتی ۔

مقدار خوراک :- ایک رتی ۔

فوائد :- ڈبہ درد پسلی بچہ کو بیحد نافع ہے ۔

ایضاً ۔ برائے ڈبہ اطفال

نسخہ :- ایک یا دو انڈوں کی سفیدی لے کر بچے کے پیٹ
اور اوپر پان کا پتہ باندھیں ۔

فوائد :- ڈبہ (درد پسلی) کے لئے بے حد نافع ہے ۔ اگرچہ سانس
تنگ ہو ۔ فوراً نفع بخشے ۔

دافع کرم چونہ اطفال

نسخہ :- بید انجیر کے نرم پتے ہاتھوں سے مل کر اس کا
شیرہ بچہ کی مقعد میں لگائیں ۔

فوائد :- چونے (چونے) پیٹ کے کیڑے دفع ہونگے ۔

دافع قبض و سُدہ اطفال

نسخہ :- سونف ۔ چوہے کی مینگنی برابر وزن پیس کر پانی
گرم کے ساتھ زیر ناف طلا کریں ۔ اور اوپر مولی یا پان کے پتے
باندھ دیں ۔

فوائد :- دافع قبض و سُدہ پیٹ بچہ کے بے حد نافع ہے

مجوز کشادن بول بستہ اطفال

نسخہ :۔ تل ۔ سرسوں ۔ بال گربہ ۔ سرگین بلی برابر لے کر دھونی دیں ۔ اور احتیاط کریں ۔ کہ دھواں ناک بچہ میں نہ جائے ۔

فوائد :۔ بچہ کا بند پیشاب کھولنے کے لئے موثر ہے ۔
اسہال کودک بند کرے ۔

دافع کدو دانہ

نسخہ :۔ کمیلہ دو ماشہ ۔ دھی میں ملا کر علی الصباح دو تین دن کھلائیں ۔

فوائد :۔ کرم کدو دانے دفع ہونگے ۔

خروج مقعد

نسخہ :۔ چربی بھیڑ یا گائے ۔ مریض کی مقعد پر لگائیں ۔

فوائد :۔ کانچ کا نکلنا دفع ہوگا ۔

بچے کی کھانسی و گرانی شکم

نسخہ :۔ خولنجان ۵ ماشہ ۔ مر ۵ ماشہ ۔ زعفران ۴ رتی ۔ تمام دواؤں کو پیس کر محفوظ رکھیں ۔

مقدار خوراک :۔ ۴ رتی پانی گرم سے کھلائیں ۔

فوائد :۔ بچہ کی کھانسی جو پیٹ کی گرانی سے ہو ۔ اور تمام اقسام کے پیٹ کے سرد کے لئے انفع ہے ۔

برائے درد پہلو اطفال

نسخہ :۔ پیارانگا ایک رتی ہمراہ مرچ سیاہ دینا بیحد مفید ہے
(کھلانا)

ایضاً:۔ برائے ہیضہ کودک

نسخہ:۔ پیارانگا بقدر چار رتی عرق گلاب میں پیس کر کھلائیں

فوائد:۔ ہیضہ بچہ کے لئے بے حد نافع و موثر ہے۔

سفوف طباشیر برائے اسہال

نسخہ:۔ طباشیر۔ اناردانہ باریک سائیدہ۔ گوند ببول۔ کتیرا۔ مصطگی۔ حرمل۔ تخم مورد۔ گل ارمنی۔ گل سُرخ برابر وزن سفوف تیار کریں۔

مقدار خوراک:۔ بچہ کے لئے پونے دو ماشہ صبح و پونے دو ماشہ شام ہمراہ بدرقہ شربت بھی یا شربت سیب ترش دیں۔

فوائد:۔ بچوں کے دستوں کے لئے نافع اور بڑوں کے دستوں کیلئے نافع ہے۔

برائے اسہال اطفال

نسخہ:۔ سعد۔ کندر۔ حب الآس۔ خشخاش بوزن برابر کوٹ پیس کر بچہ کی ماں کو کھلائیں۔

فوائد:۔ بچہ کے دست کرنے میں عجیب ہے۔ مرضعہ کو کھلانا چاہیئے۔

مسہل برائے اطفال

نسخہ:۔ جوز بویہ۔ افیون۔ چاکسو۔ رسوت۔ نرکچور۔ زیرہ سفید۔ ہلدی چھلی ہوئی۔ غنچۂ انار۔ نیم کی کونپل۔ بکائین کی کونپل۔ کیکر کی کونپل مساوی وزن دیں۔

فوائد:۔ بچہ کے لئے بہتر مسہل ہے۔

ضماد مسہل

نسخہ:۔ پتہ گائے۔ شہد۔ تیل زیتون۔ شحم حنظل۔ پڑتال برابر وزن پیس کر ہمراہ پانی تازہ معدہ اور حوالی مقعد پر لیپ کریں دست لائے۔

فوائد:۔ بچہ و بڑوں کو بمثل مسہل اسہال لاتا ہے۔

برداشتش ملازہ اطفال

نسخہ:۔ مازو کو سرکہ میں پیس کر تارک (تالو) پر لیپ کریں۔ یا ملتانی مٹی جلا کر سرکہ میں ملا کر لیپ تالو پر کریں۔

فوائد:۔ بچہ کے کوا دتالو کو گرنے سے محفوظ رکھے۔ گرے ہوئے کو اوپر اٹھائے۔

کشتہ مرجان برائے اطفال

نسخہ:۔ مرجان کو تین پہر عرق لیموں میں تر رکھیں۔ بعدہٗ ایک مٹی کی سکوری میں اس کا منہ گل حکمت کر کے پیٹھ دیں۔ سرد ہونے کے بعد پیس کر رکھیں۔ بدرقہ شہد و شیرہ سونٹھ سبز موافق مزاج کے دیں۔

فوائد:۔ بخار و تپ و کھانسی و دمہ طفلاں کو مفید ہے۔ ترشی و بادی سے پرہیز کریں۔

برائے ڈبہ اطفال

نسخہ:۔ کرم درخت بیری۔ کہ اس کو بندہ کہتے ہیں۔ جلا کر خوب کھرل کریں۔ اور شہد میں گولیاں بقدر دانہ باجرہ باندھ کر رکھیں۔ اور ایک گولی دودھ بچے کی والدہ کے ساتھ کھلائیں۔

انشاءاللہ تعالیٰ دو تین گولیوں سے شفا ہو جائے گی۔ یہ ضروری ہے۔ کہ بندہ میں کرم موجود ہو۔

فوائد:۔ ڈبہ اطفال کے لئے بے حد نافع ہے۔

علاج آتشک اطفال جو والدین سے پیدا ہو۔

نسخہ:۔ گل کتائی ۲ ماشہ۔ باؤبڑنگ ۲ ماشہ۔ کشمش ۳ ماشہ پانی ½ سیر میں پیس کر جوش دیں۔ تاکہ دو تولہ پانی باقی رہ جائے۔ محفوظ کر کے رکھ دیں۔ ایک رتی یہ پانی دودھ ماں سے ملا کر بچہ کو پلائیں۔ اور بچہ کی والدہ کو بھی یہی دوا پلائیں۔

فوائد:۔ آتشک جنہیں اپنے والدین کی وجہ سے مبتلا ہو۔ اس کے لئے بے حد مفید ہے۔

۲۱
باب اکیسواں

باد فرنگ آتشک۔ ۲

برائے آتشک

نسخہ:۔ گوشت مینڈک ۲ تولہ۔ روزانہ سات یوم تک کھلائیں

فوائد:۔ بے حد مفید اور مقوی باہ ہے۔

مرہم برائے آتشک

نسخہ:۔ سپاری جلی ہوئی ۲ تولہ۔ دانہ الائچی خورد ۶ ماشہ۔ کتھا سفید ۲ تولہ۔ چمڑا جوتی جلا ہوا ۲ تولہ۔ مردار سنگ ایک تولہ

کافور ۶ ماشہ ۔ مرچ سیاہ ۳ ماشہ ۔ سفوف بنا کر تیل زیتون دھلے ہوئے میں ملا کر مرہم بنائیں ۔

فوائد ۔ زخم پر لگائیں ۔ آتشک کے زخموں کو دفع کرنے میں بے حد نافع ہے ۔

برائے آتشک ۔

نسخہ :۔ اشبہ ہلدی تولہ ۔ مازو ایک تولہ ۔ گندھک ایک تولہ عاقرقرحا تولہ ۔ سفوف تیار کر کے کپڑے میں چھان کر سات حصے کریں ۔ ایک لِللہ مریض کے سر پر نثار کریں ۔ اور ایک ایک حصہ کو مریض کے نیچے دھونی دیں ۔ اور ایک حصہ کو چلم (حقہ) میں رکھ کر مریض کو دیں ۔ کہ وہ حقہ کو پیئے (کھینچے) اسی طرح چھ حصہ کو ایک ساعت (گھنٹہ) میں صرف کر دے ۔ لیکن یہ ضروری ہے کہ اس سے پہلے مریض کو مسہل دیں ۔

مسہل برائے آتشک

نسخہ :۔ حب الملوک تولہ ۔ گندھک ایک تولہ ۔ اجوائین خراسانی ایک تولہ ۔ الگ الگ پیس کر کسی سکوری (کجی) میں ڈال کر گل حکمت کر کے جلالیں ۔ بقدر ۳ ماشہ کھلائیں ۔

فوائد :۔ آتشک کے لئے عمدہ مسہل ہے ۔

برائے آتشک و جذام

نسخہ :۔ سنکھیا سرخ ۲ تولہ ۔ بچھناک ۲ تولہ ۔ دانہ بڑی الائچی ۲ تولہ ۔ عرق بنگلہ پان ۲۷۵ میں خوب کھرل کر کے خشک کریں ۔ پھر عرق پان بنگلہ ۵ عدد میں پیسیں کہ بقدر مونگ گولیاں

بنا کر محفوظ رکھیں ۔ اس کے بعد مرچ سیاہ ۲ تولہ نیم کوب کر کے پانی
دو سیر میں جوش دیں ۔ کہ بقدر نصف کے رہ جائے ۔ صاف کر کے
رکھیں ۔ آتشک کے لئے صبح ۴ گولیاں شام کو تین گولیاں مذکورہ
بالا کھلا کر اوپر بدرقہ پانی مذکور تھوڑا سا پلائیں ۔ سات روز تک
اسی طور استعمال کرائیں ۔ اگر حرارت زیادہ محسوس ہو ۔ تو گھی
گائے بہت زیادہ استعمال کرائیں ۔ جذام کے لئے بدستور مذکور
۴ حب علے الصباح و ۳ حب شام کو بدرقہ عرق برگ نیل کے
ساتھ بقدر دس تولہ استعمال کرائیں ۔
فوائد :۔ آتشک (باد فرنگ) و جذام کے لئے شافی علاج ہے

علاج آتشک

پہلے تین روز یہ دوا پلائیں ۔ گل سُرخ ۳ ماشہ ۔ مویز منقے ا
۷ دانہ ۔ بادیان ۶ ماشہ ۔ مکوء خشک ۶ ماشہ ۔ سنا مکی ۲ ماشہ ۔
تمام کو پانی ایک پاؤ میں بھگو کر جوش دیں ۔ اور گل قند ایک تولہ
پیس کر ملائیں ۔ اور پلاتے رہیں ۔ غذا ان تین دن میں کھچڑی
کھلائیں ۔ پھر چوتھے دن ایک حب مسہل ذیل دو ٹکڑے کر کے
کھلائیں ۔ اور اس کے اوپر پانی گرم پلائیں ۔ اور پیاس کے وقت
بھی پانی گرم دیتے ہیں ۔ شام کے وقت کھچڑی مرغن دہی کے
ساتھ کھلائیں

مسہل برائے آتشک

نسخہ :۔ مغز جمال گوٹہ ایک تولہ ۔ سوہاگہ چوکیہ خام ایک تولہ

مویز منقیٰ ۱ ایک تولہ - یعنی ہموزن کوٹ پیس کر گولیاں بقدر ایک ماشہ باندھ کر محفوظ رکھیں - بشرائط بالا کھلائیں - دوسرے دن بھیدانہ ۲ ماشہ - ریشہ خطمی ۴ ماشہ - مصری ایک تولہ ملا کر شربت بنائیں - اور اسپغول ۶ ماشہ کھلا کر اوپر شربت مذکورہ پلائیں - اس طریق پر تین مرتبہ جلاب دیں - اس کے بعد یہ گولیاں کھلائیں -

جبوب برائے آتشک

نسخہ :- اجوائین خراسانی ۹ ماشہ - اجوائین دیسی ۹ ماشہ عاقرقرحا گجراتی ۹ ماشہ - الائچی سفید ۹ ماشہ - بھلاقوہ ۷ ماشہ - تل سیاہ ۲ تولہ - پارہ نیلگون ۶ ماشہ - گڑ کہنہ ایک تولہ - تمام کو تین یوم تک خوب کھرل کریں - گولیاں بقدر ایک ایک ماشہ بنا کر کھلائیں - غذا گوشت کھلائیں - اور مریض کی تسلی کے لئے یہ مرہم بنا کر لگائیں -

مرہم برائے آتشک -

نسخہ :- گھی گائے دھویا ہوا - ایک تولہ - شنگرف ایک ماشہ اسکپور ۳ ماشہ - مردار سنگ ۳ ماشہ - رسوت ۳ ماشہ - عاقرقرحا گجراتی ۲ ماشہ - سفیدہ کاشغری ۳ ماشہ - تمام باریک پیس کر ملائیں اور مرہم بنا کر زخموں پر لیپ کریں - اگر مرض کم ہو جائے - تو مرہم کو موقوف کریں - اور اگر گولیوں کے کھانے سے فائدہ ہو - تو دو - تین روز اور کھلائیں - اگر گولیوں کے ایک ہفتہ کھانے سے مفاد نہ ہو - تو گولیوں کو بلا معلوم کرائے مریض ان گولیوں سے بدل دیں -

جوب آتشک بیحد نافع

نسخہ :- رس کپور ۹ ماشہ - لونگ گُلدار ۱۲ عدد - مرچ سیاہ ۲۱ عدد - اجوائن خراسانی ایک ماشہ پیس کر دودھ کی بالائی ۹ ماشہ تین ۹ عدد گولیاں تیار کریں - اور ایک گولی روزانہ کھلائیں - ترشی و بادی سے پرہیز کرائیں -

فوائد :- آتشک کے لئے بیحد مفید ہیں - اگر مریض آتشک کو کسی دوا سے مُنہ آجائے - تو یہ غرغرہ کرائیں بیحد مفید ہے -

غرغرہ

نسخہ :- پوست کچنال ایک سیر - پوست درخت مہوہ اسیر پوست گوندنی ایک سیر - چنبیلی کے پتے ایک تولہ - جو سالم ایک تولہ کتھا سفید ایک ماشہ - تمام کو جوش دے کر غرغرہ کرائیں - اگر مریض آتشک (بادفرنگ) کے تمام بدن پر چھوٹے چھوٹے دانے مانند خشخاش پیدا ہو جائیں - تو یہ علاج کریں -

جوب دیگر برائے آتشک بیحد متوثر -

نسخہ :- شنجرف ۳ ماشہ - عاقرقرحا ایک تولہ - کتھا سفید ایک تولہ - الائچی سفید ایک تولہ - تمام کو پیس کر عرق پان میں ملا کر جوب بقدر نخود بنائیں - اور بوقت صبح ایک گولی کھلائیں - غذا چنے کی گھی گاؤ کے ساتھ اکیس یوم تک ہی غذا دہی گولیاں دیتے رہیں -

فوائد :- آتشک کو دفع کرنے میں بیحد نافع و متوثر ہیں -

آخری علاج آتشک

اگر مریض آتشک کو کسیطرح شفا نہ ہو۔ تو آخری علاج یہ کرنا چاہیے۔

نسخہ:۔ مینڈک کلاں ایک عدد۔ گوشت بکری یک پاؤ عمدہ قیمہ کر کے اور پکا کر مریض کو کھلائیں۔

فوائد:۔ مرض آتشک (باد فرنگ) کا آخری اور قطعی علاج ہے

برائے آتشک (باد فرنگ)

نسخہ:۔ پوست ریٹھا ۱۰½ ماشہ۔ پیس کر پرانے گڑ میں سات گولیاں بنائیں۔ اور ہر روز صبح ایک گولی ہمراہ دہی کھلائیں۔ غذا دودھ چاول کرائیں۔ دوسری تمام چیزوں سے پرہیز کرائیں انشاءاللہ تعالےٰ ایک ہفتہ میں آرام ہوگا۔ اگر مریض کے جسم پر زخم ہوں۔ تو ادویہ مذکورہ بالا چھڑکیں۔ مگر پہلے کڑوے تیل کو زخموں پر طلا کریں۔

فوائد:۔ دافع آتشک نہائیت نافع ہے۔

مسہل برائے آتشک۔

نسخہ:۔ بیخ حنظل ۴ تولہ۔ ثمر منقیل ۶ تولہ۔ ہلیلہ زرد ۳ عدد جوش دے کر صاف کر کے پلائیں۔ دست آئیں گے۔ تین روز میں شفا ہو جائے گی۔

فوائد:۔ آتشک کو بیحد مفید ہے۔

حب برائے آتشک

نسخہ:۔ سم الفار ۳ ماشہ۔ چھوٹی الائچی ۳ ماشہ۔ زیرہ سفید ۳ ماشہ

کہربا مٹی ۳ ماشہ۔ عرق گلاب میں حل کر کے گولیاں بقدر باجرہ بنائیں۔ ایک ایک گولی صبح و شام کھلائیں۔

غذا:۔ روٹی گندم شوربہ کے ہمراہ دیں۔ مرچ۔ بادی۔ ترشی سے پرہیز کریں۔

فوائد:۔ آتشک کے لئے نافع تر ہیں۔

مرہم برائے آتشک

نسخہ:۔ موم سفید ۶ ماشہ۔ رال سفید ۶ ماشہ۔ کشتہ سفید ۶ ماشہ۔ کافور ۶ ماشہ۔ گھی گائے گرم ۲ تولہ۔ گھی گائے کو خوب گرم کر کے پہلے موم۔ دوسری رال۔ تیسری کشتہ۔ چوتھا کافور علی الترتیب گھی میں ڈال کر خوب حل کر کے محفوظ رکھیں۔ بوقت ضرورت مریض کے زخموں پر لگائیں۔

فوائد:۔ زخم آتشک خشک کرے۔ بیحد نافع مرہم ہے۔

حب برائے آتشک (مجربہ عنایت اللہ خاں)

نسخہ:۔ سم الفار سفید ایک تولہ۔ زعفران ایک تولہ۔ دارچینی ایک تولہ۔ عرق برگ پان پچاس عدد۔ میں کھرل کر کے بقدر دانہ موٹھ گولیاں باندھیں۔ بچہ کے لئے نصف گولی بڑوں کے لئے ایک تا دو گولیاں کھلائیں۔

فوائد:۔ بارد دردوں۔ مثل درد کمر۔ وجع مفاصل وغیرہ نزلہ۔ وکھانسی بلغمی و ڈ الطفالی وغیرہ کے لئے مفید و انفع۔

حبوب برائے آتشک (مجربہ محمد اکبر خانصاحب مہتمم کوتوالی)

نسخہ:۔ مغز حب الملوک ۶ ماشہ۔ گیرو ۶ ماشہ۔ کتھکی ۶ ماشہ

فلفل سیاہ ۶ ماشہ ۔ سفیدی اندرون مغز حب الملوک (یعنی پتہ مغز) دور کر کے تمام کو عرق لیموں میں حل کر کے بقدر مرچ بیس عدد گولیاں باندھ کر کام میں لائیں۔

فوائد:۔ مرض آتشک کے لئے مجرب ہیں۔

برائے جذام

نسخہ:۔ مرغی کو ۱۲ یوم حب القرطم کھلا کر ذبح کر کے اس کی چربی لے کر مالش کرائیں۔

فوائد ۔ جذام دفع ہوگا ۔ انشاءاللہ تعالے موثر ہے۔

باب بائیسواں

(سوزاک)

نسخہ:۔ شورہ قلمی ۱۰ تولہ ۔ آب کیلہ ایک سیر ۔ کسی کچی گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے کپڑ وٹی کر کے آگ نرم دیں ۔ تاکہ خشک ہو۔ پھر شورہ کو نکال کر محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ چار رتی دودھ گاؤ کے ساتھ دیں۔ دو خوراکیں کافی ہیں۔

برائے سوزاک

نسخہ:۔ چونہ بمقدار نخود غلولہ بنا کر تین روز تک ایک ایک

غلولہ صبح کو بدرقہ عرق سویہ جنگلی ۳ تولہ کے ہمراہ پلائیں۔ کوئی پرہیز نہیں۔
فوائد:۔ سوزاک کو بیحد نافع ہے۔

برائے سوزاک زنان و مردان

نسخہ:۔ پھٹکڑی ایک تولہ۔ مصری ایک تولہ سفوف بناکر پوڑیہ بائے بقدر ۴ رتی باندھیں۔ ایک پوڑیہ بوقت صبح پیشاب کے وقت بیت الخلا میں ہمراہ لسی دودھ پوڑیہ منہ میں ڈال اوپر لسی پلادیں۔ متواتر تین اور عمل کریں۔

فوائد:۔ سوزاک کے لئے بیحد مفید ہے۔

برائے سوزاک زنان و مردان

نسخہ:۔ پھٹکڑی ۳ ماشہ۔ کتھا سفید ۲ ماشہ۔ طوطیا بریان ایک ماشہ حل کر کے پچکاری کرائیں۔

فوائد:۔ سوزاک مردان و زنان کے لئے مفید ہے۔

ایضاً۔ برائے سوزاک

نسخہ:۔ ترپھل (کٹ پھل) چار ٹکڑے۔ جگنو پانی میں بھگو کر رات کو رکھ دیں۔ علی الصباح پلائیں۔

فوائد:۔ سوزاک کے لئے نافع ہے۔

برائے سوزاک

نسخہ:۔ قلعی کو کسی پرات میں گلائیں (پگھلائیں) اور لکڑی بانس سے پگھلاتے وقت ہلاتے رہیں۔ اور اس پر چٹکی گندھک کی دیتے رہیں۔ تاکہ مانند خاک ہو جائے۔ رکھدیں۔ بوقت ضرورت ایک مولی کے چار ٹکڑے کریں۔ اور خاک مذکورہ ۳ ماشہ چار دن

ٹکڑوں پر چھڑک کر اور باہم باندھ کر شبنم میں رکھ۔ اور علی الصباح لے کر مریض کو تین روز تک کھلائیں۔

فوائد:۔ سوزاک کے لئے بیحد نافع ہے۔

علاج سوزاک

نسخہ:۔ تخم سرس (شرہنیہ) ایک تولہ۔ مغز بنولہ ایک تولہ۔ مغز تخم اکاتین۔ ایک تولہ۔ پیس کر دودھ برگد (بڑ) میں ملا کر گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کر کے رکھیں۔ علی الصبح ایک گولی چار ٹکڑے کر کے کھلائیں۔ اور اوپر دودھ ایک پاؤ پلائیں۔ ترشی و بادی سے پرہیز کرائیں

فوائد:۔ اس سوزاک کے لئے بے حد سود مند ہے۔ جس میں پیپ مائل بزردی ہو۔

ایضاً۔ برائے سوزاک جسمیں پیپ مائیل بسرخی آتی ہو۔

نسخہ:۔ کباب چینی ۶ ماشہ۔ دارچینی قلمی ۶ ماشہ۔ گل گلاب ۶ ماشہ۔ موصلی سفید ۶ ماشہ۔ اسگند ناگوری ۶ ماشہ۔ شنگجراحت ۶ ماشہ تمام کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ ہر روز ایک تولہ کھلائیں اوپر ایک پاؤ دودھ گائے کی لسی پلائیں۔ تا ۲۱ یوم دیں۔ مرچ سرخ ترشی و بادی سے بالکل پرہیز کرائیں۔

فوائد:۔ سوزاک کے لئے بجید نافع ہے۔

تنبیہ

سوزاک میں پچکاری سخت نقصان دہ ہے۔ اور چند امراض کی پیدائیش کا باعث ہے۔ لہذا اس سے حتی الامکان پرہیز کرنا چاہیئے۔

اندری جلاب برائے سوزاک

نسخہ:۔ کباب چینی ایک تولہ۔ شورہ قلمی ایک تولہ۔ پھٹکری سفید ایک تولہ۔ زیرہ سفید ایک تولہ۔ الائچی خورد ایک تولہ۔ تمام کا سفوف کوٹ پیس کر بنالیں۔ علی الصباح سفوف ۶ ماشہ کھلا کر اوپر لسی دودھ ایک سیر پانی خالص ۴ سیر باہم ملا کر لسی تیار کر کے ہر وقت لسی مذکورہ پلائیں۔ جس وقت پیشاب آجائے۔ اس کے فوراً بعد لسی پلاتے رہیں۔ کہ تمام لسی مذکورہ ختم ہو جائے۔ پھر غذا خشکہ دال مونگ مقشر کے ساتھ یا روٹی ہمراہ دال مذکورہ دیں۔ دوسرے دن یہ دوا دیں۔

برائے سوزاک بعد اندری جلاب

نسخہ:۔ خارخسک ۶ ماشہ۔ تخم خیار ۶ ماشہ۔ منڈی بوٹی ۶ ماشہ۔ بھگو کر اور صبح صاف کر کے پلائیں۔ اور غذا دہی خشکہ یا روٹی ہمراہ دال مونگ شستہ دیں۔ اور تیسرے دن دوائی ذیل ضرور استعمال کرائیں۔

نسخہ۔ کتیرا۔ تالمکھانا ایک ایک تولہ۔ سفوف بنا کر اس کے برابر کچی کھانڈ ملا کر ایک کف بھر کھلائیں۔ اور دودھ گائے ایک پاؤ تین روز تک دوائی کے ہمراہ پلاتے رہیں۔

فوائد:۔ سوزاک کے لئے مکمل علاج ہے۔

برائے سوزاک

نسخہ:۔ پھٹکڑی بریاں ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر کھلائیں۔ اوپر دودھ گاؤ خام ایک پاؤ پلائیں۔ فوائد:۔ سوزاک کے لئے نافع ہے

اندری جلاب برائے سوزاک

نسخہ :- شورہ قلمی - زیرہ سفید - ریوندچینی - تخم کھیرا - مغز کرنجوہ - مرچ سیاہ - جوکھار تمام دواؤں کو پیس کر چودہ پوڑیہ باندھیں - اور دہی کے ساتھ کھلائیں - غذا نمک گھی کے ساتھ دیں - فوائد :- سوزاک کے لئے انفع ہے -

برائے سوزاک (مجربہ مولوی محمد حسین خاں خواجوی)

نسخہ :- وہ کرم (کیڑے) جو درخت ارہر یعنی توڑ پر ہوتے ہیں - جمع کر کے ڈبیہ یا شیشی میں محفوظ رکھیں - اور کچھ قدر چاول ان میں ڈال دیں - اور ضرورت کے وقت بقدر ایک چاول کرم مذکورہ گڑ میں لپیٹ کر کھلا دیں - تین روز تک یہ عمل کریں - اگر حرارت زیادہ محسوس ہو - تو ایک روز ناغہ کر کے دوسرے روز عمل کریں - تین مرتبہ کھلانے کا عمل ضروری ہے -

فوائد :- سوزاک کے لئے نہایت مؤثر ہے -

باب تئیسواں ۲۳

(امراض شعر)

برائے انبات موئے ریختہ -

نسخہ :- مرچ سیاہ - میل مگس (ہیگر مکھی) پیس کر ضماد کریں -

فوائد :۔ گرے ہوئے بال پیدا کرنے میں مؤثر ہے۔

برائے پیدائش موئے۔

نسخہ :۔ چرخ یا آفتاب پرست۔ یا چمگادڑ چھوٹی قسم کی ہڈیاں جلا کر خاکستر بنائیں۔ اور تیل تل میں ملا کر طلا کریں۔

فوائد :۔ گرے ہوئے بال پیدا ہوں گے۔ گھوڑے کے گرے ہوئے بال اس سے پیدا ہوں گے۔

برائے پیدائش مُو۔

نسخہ :۔ کتے کا براز تیل زیتون میں ملا کر مالش کریں۔

فوائد :۔ بال پیدا ہونگے۔

ایضاً۔ برائے پیدائش مُو

نسخہ :۔ بچہ موش (چوہا) کو تیل میں جلائیں۔ اور جہاں جہاں پیدا کرنے ہوں۔ اُسترا سے مونڈ کر تیل اسی مقام پر مالش کریں۔

فوائد :۔ بال پیدا کرنے میں مؤثر ہے۔

ایضاً۔ برائے پیدائش مُو۔

نسخہ :۔ وہ کیڑے جو کیکر کے خاروں میں ملتے ہیں۔ ان کو بروز اتوار پانی میں پیس کر اور پہلے مقام پیدائش مو کر ادپلے سے کھجلا کر مالش کریں۔

فوائد :۔ بال پیدا ہوں گے۔

مانع پیدائش مُو۔

نسخہ :۔ ہڑتال ایک تولہ۔ چونہ ۷ تولہ۔ گندھک ۲ تولہ پانی کانجی (آبکامہ) سے پیس کر خشک کر کے رکھ دیں۔ وقت

ضرورت پانی میں حل کر کے لیپ کریں۔

فوائد:۔ بالوں کی پیدائش کو بند کرنے میں بے حد مؤثر ہے۔

برائے پیدائش مُو۔

نسخہ۔ تیل بیضہ مرغ میں چند مگس (کچھ مکھیاں) جلا کر مقام پیدائش مُو پر ملیں۔

فوائد:۔ بال پیدا کرنے میں بے حد مؤثر ہے۔

برائے گنج سر

نسخہ:۔ کمیلہ مردار سنگ۔ مہندی۔ کڑوے تیل میں بریاں نیم سوختہ کر کے باہم پیس لیں۔ اور سر پر لیپ کریں۔

فوائد:۔ سر کے گنج کے لئے نافع ہے۔

باب چوبیسواں[۲۴]

اورام وقروح قرحہ وسقطہ

برائے درد ضرب۔

نسخہ:۔ انبہ ہلدی۔ مقوم۔ پھٹکڑی کوٹ پیس کر ضماد تیار کریں۔ اور عضو ماؤف پر لگائیں۔

فوائد:۔ درد چوٹ کے لئے بے حد نافع ہے۔

علاج سرطان

نسخہ :۔ آغاز آبلہ و شروع مرض میں قدرے دودھ تھوہر تین دھارا لیپ کر کے اوپر سفوف زرد چوب (ہلدی) بطور برکی چھڑکیں۔ تین روز تک عمل کریں۔

فوائد :۔ سرطان کے لئے بیحد نافع ہے۔ اگر مرض پورانا اور زخم بڑھ گیا ہو۔ تو شہد خالص ۳ تولہ۔ چونہ خوردنی ایک تولہ لکڑی کے دستہ سے خوب کھرل بیحد کریں۔ اور زخم کے اندر تک پہونچائیں۔ یہ عمل بھی تین روز کریں۔ اگر زخم کا مُنہ بند ہو جائے تو اس کا کھرنڈ دور کر کے عمل کریں۔ تاکہ دوائیں زخم کے اندر بند نہ ہو جائیں۔

فوائد :۔ انشاءَ اللہ تعالیٰ سرطان کو مفید ہے۔

علاج بد۔ منفجر

نسخہ :۔ زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔ شہد خالص ایک تولہ ملا کر لیپ کریں۔ اگر اس سے پھٹ جائے تو بہتر ورنہ نشتر سے شگاف دیں۔

فوائد :۔ منفجر ہے۔ زخم کو پھاڑ دیتا ہے۔

مرہم برائے بد

نسخہ :۔ گھی خالص گرم کیا ہوا نصف پاؤ۔ موم سفید ۲ تولہ آپس میں ملائیں۔ اس کے بعد رال سفید ۷ تولہ ملائیں۔ تاکہ یک جان ہو جائیں۔ پھر پیالہ چینی میں رکھ کر پانی سے دھوئیں اور عرق بھگرہ ۴ تولہ ملا کر زخم پر طلا کریں۔ دافع زخم بد ہے

ضماد برائے بد

نسخہ :- بابونہ - تج قلمی - تخم السی - تخم میتھی ہر ایک ایک تولہ
مصبر کنگری ۶ ماشہ - صابون ۶ ماشہ - گوگل بھینسا ۶ ماشہ - ریوند چینی
۶ ماشہ - سجی سرخ ۶ ماشہ - تمام کو پیس کر دنبل کے برابر پانی میں
گرم کر کے لیپ کریں - اور اس کے اوپر بنگلہ پان کے پتے گرم
کئے ہوئے باندھیں - اس ضماد کے بہت مفاد ہیں -

۱ - اگر چوٹ پر استعمال کریں - تو بجائے سجی کے نمک لاہوری
استعمال کریں -

۲ - اگر بہ سبب چوٹ ہڈی ٹوٹ گئی ہو - تو انبہ ہلدی اضافہ
کیا جائے - باقی تمام مذکورہ دوائیں بدستور -

زخموں کے لئے مرہم

نسخہ :- پانی برگ نیب ایک سیر - پانی برگ مہندی ایکپاؤ
گھی گائے ایک پاؤ تینوں کو کڑاہی یا کسی برتن آہنی میں جوش
دیں - جسوقت گرم ہو - رال سفید ۴ تولہ پگھلائیں - تاکہ پانی
خشک ہو - کات سفید (کتھا) ایک تولہ - نیلا طوطیا ایک تولہ
مردار سنگ ایک تولہ - خوب کوٹ پیس کر اور برتن میں ڈال
کر خوب حل کر کے مرہم تیار کر کے لگائیں -

فوائد :- زخموں کو مندمل کرنے میں بجید نافع ہے -

مرہم برائے قروح خلیشہ - جو ابتدا پھینسہ میں تکلیف دیں -

نسخہ :- نیم کے پتے مٹھی بھر - سمبھالو کے پتے مٹھی بھر -
پیس کر ٹکیہ بنائیں - اور ۲½ تولہ تیل سرسوں میں جلائیں - پھر

سندور ایک تولہ - موم پگھلی ہوئی ایک تولہ ملا کر برتن جسمیں مرہم کی گئی ہو۔ آگ سے نیچے اوتار کر رکھیں - اور استعمال کریں -

فوائید:- قروع جیشہ کے لئے مجرب ہے - ایک صاحب کے لڑکے کو یہ مرہم استعمال کرائی گئی تھی - آرام ہوگیا -

دافع اثر ضربہ وسودا -

نسخہ:- مردار سنگ کو چربی میں ملا کر لیپ کریں -

فوائید:- دافع اثر چوٹ و درد سوداوی ہے -

دوائی - دافع نشان زخم و آبلہ و شور وغیرہ -

نسخہ:- مردار سنگ مغسول - بیخ نے کہنہ - آرد باقلا - نخود - چاول - ہڈی بوسیدہ سوختہ - مغز تخم خربزہ - تخم کاکنین - کٹ لکڑ بوزن برابر کوٹ پیس کر لعاب میتھی میں اور لعاب تخم السی میں تر کر کے رات کو منہ اور بشرہ پر لگائیں - اور صبح کو بھوسی و پانی کے ہمراہ منہ کو دھو ڈالیں -

فوائید:- دافع داغہائے رخسارہ ہے - اور اصلی رنگ واپس لائیگا -

ایضاً - دافع داغہائے رخسارہ و بشرہ -

نسخہ:- ایرسا - قسط - مردار سنگ مغسول - شاخ بارہ سنگا سوختہ - بورہ ارمنی - اشق - بوزن کوٹ پیس کر ماءالشعیر سے تر کر کے رات کے وقت منہ پر (بشرہ و رخسارہ) لگائیں اور صبح کو دھو ڈالیں

فوائید:- دافع داغ و دھبہ رخسارہ ہے -

برائے سرطان الظہر

نسخہ:- روغن گل ۶ ماشہ - کتھا ۶ ماشہ - طوطیا ۶ ماشہ -

ریوند چینی ۶ ماشہ۔ ہڑتال ۶ ماشہ۔ تمام کو پیس کر ۴ تولہ میں ملا کر
اور کپڑا تر کر کے سرطان پھوڑے پہ لگائیں۔ اور دو گھنٹہ کے بعد
بتی تبدیل کریں۔

فوائد:۔ پھوڑا سرطان جو پشت پر ہو اس کے لئے مفید ہے۔

برائے ناصور

نسخہ:۔ خار عنکبوت (گھر گھرائین) کو دونوں طرف سے پیشاب
آدمی میں تر کر کے ناصور پہ لگائیں۔ اور اگر ناصور کے مقام پہ بال ہوں
پہلے ان کو دور کر کے لگائیں۔

فوائد:۔ ناصور کے لئے بیحد نافع ہے۔

برائے سرطان و تمام قسم کے زخموں کو نافع

نسخہ:۔ کچھوا دریائی کو جلائیں۔ کہ سفید ہو جائے۔ پھر گھی گائے
میں کھرل کر کے زخم شدہ سرطان پر لیپ کریں۔ پیپ کو نکال کر
صاف کرتا ہے۔

فوائد:۔ ہر قسم کے سرطان پھوڑا کے لئے بیحد نافع۔ پیپ سے
پاک کر کے گوشت پیدا کرتا ہے۔ اور دوبارہ بھی نہیں ہوتا۔

برائے انگل بیڑا

نسخہ:۔ مینڈک درمیانہ وزن کا لے کر سر و پیر اس کے کاٹ
ڈالیں۔ اور اس کا پیٹ چاک کر کے انگل بیڑا پر باندھیں۔ صبح سے
شام تک باندھیں رکھیے۔ اس کے بعد آٹا گندم دودھ صورت میں
گوندھ کر زخم کے نشان پہ باندھیں۔

فوائد:۔ انشاءاللہ تعالیٰ آرام ہوگا۔

مرہم سرطان

نسخہ :۔ رائی ۔ انجرہ کے بیج ۔ گندھک ۔ سمندر جھاگ ۔ زراوند طویل ۔ اُشق ۔ گوگل ۔ بوزن مساوی ۔ تیل زیتون بورانا ۔ تمام ادویہ کے برابر ۔ موم سرخ تیل کے چوتھائی حصہ ۔ بطریق مرسوم مرہم تیار کرکے استعمال کرائیں ۔

فوائد :۔ سرطان کے لئے مفید ہے ۔ یہ ایک ہفتہ میں سرطان و دوسری ہر قسم کی سخت قروح کو نافع ہے ۔

برائے چوٹ

نسخہ :۔ ناٹون ۔ میدہ لکڑی ۔ ہلدی ۔ صابون ۔ تل بوزن برابر سبھی و افیون تھوڑا ۔ تھوڑا پانی کے ساتھ پیس کر آگ پر رکھیں جب دوائیں مل کر گاڑھا محلول تیار ہو جائے ۔ تو گاڑھا گاڑھا ہی لیپ کریں ۔

فوائد :۔ چوٹ آنے کو بے حد نافع ہے ۔

ضماد برائے سرطان

نسخہ :۔ کنگی بکری کے پیشاب میں پیس کر زخم پر ملا کریں ۔ کیڑے مردہ ہو کر زخم اپنے آپ خشک ہو کر درست ہو جائے گا دوسرے تمام زخموں کے لئے اور دنبل ناٹے کو مفید ہے ۔ پانی سے پیس کر لگانا بھی جائز ہے ۔

دنبل ناٹے کے کیڑے

نسخہ :۔ برگ گروندہ گھوٹ کر اس کا شیرہ زخم پر لگائیں تمام قسم کے کیڑے زخم سے نکل کر زخم بھر جائے گا ۔

فوائد:۔ بیحد نافع ہے۔ دنبل ہائے وزخموں سے کیڑے باہر نکال دیتا ہے۔ انسانوں و جانوروں کے لئے مفید ہے۔

علاج ناصور

نسخہ:۔ رائی کو گڑ میں پیس کر ملائیں اور لیپ کریں۔ اسی طرح بلی کی ہڈی۔ ترپھلہ کے پانی میں کھرل کر کے ناصور پر ملیں۔ اسی طرح ہدہد کی چونچ خشک کر کے کھرل کر کے لگائیں۔ ایسا ہی چنداس (قسم گوند) کا تیل ملنا۔ یونہی چنداس کی دھونی دینا۔ اسی طور خاکستر سم گائے۔ اور خاکستر چمڑہ تہ پاپوش کہنہ بوزن برابر ایک چمچہ تیل سرسوں جلائے ہوئے کے ساتھ پیس کر رکھیں۔ اور چند قطرے اس میں سے ناسور پر ٹپکائیں۔

فوائد:۔ ہر قسم کہنہ و جدید کے لئے بیحد نافع ہے۔

علاج سرطان

نسخہ:۔ خاکستر پوست کیکڑہ دریائی۔ سوہاگہ تیلیہ۔ نمک طعام شکر سرخ۔ آٹا گندم۔ گھی گائے۔ ہر ایک مساوی مثل حلوہ پکا کر سرد کر کے سرطان پر باندھیں۔ پہلے دن کچھ معلوم نہ ہوگا۔ دوسرے تیسرے دن جسقدر سرطان کے کیڑے ہوں گے۔ سب نکل پڑیں گے۔ اور تیسری مرتبہ کے عمل سے بہر صورت کرم ہائے نکل جائیں گے اس کے بعد گھی گاؤ ۱۰ حصہ دھویا ہوا۔ اسکپور ایک حصہ ملا کر مرہم بنائیں۔ اور روزانہ لگائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ ٹھیک ہو جائیگا

فوائد:۔ پھوڑا سرطان ہر قسم کے لئے بیحد نافع ہے۔

....

پٹی برائے چوٹ اعضاء وہڈی شکستہ

نسخہ:- ماگنی ایک تولہ - تل سیاہ ایک تولہ - مرچ سیاہ ۲تولہ مغز تخم انبلی ۲تولہ - سفیدی انڈا ۲ تولہ - تمام ادویہ اکٹھا کر کے اور پیس کر ٹوٹی ہوئی ہڈی پہ پٹی باندھیں - اور دو روز تک پٹی نہ کھولیں - تیسرے روز تھوڑا سا تیل کنجد تھوڑی سی انڈے کی سفیدی میں ملا کر مالش کریں -

فوائد:- اعضاء کی چوٹ اور ہڈی شکستہ بالکل درست ہو جائے گی -

برائے ناسُور

نسخہ:- مسور صاف - کافور بوزن برابر موافق سرمہ باریک کر کے گھی گاؤ کے اور شہد مساوی وزن کے ساتھ ملا کر کھرل کریں - اور گولیاں بقدر کھرنی (مشہور پھل) بنا کر اور سایہ میں خشک کر کے شیشی میں بطریق پاتو جنتر تیل نکال کر رکھیں - ناسور اور دوسرے زخموں پر چپکائیں -

فوائد:- پورانی ناسور و بواسیر - نئے ناسو کو بیحد مؤثر ہے -

ایضاً - برگ تیل پیس کر زخم پہ لگائیں - اسی طرح - تخم انبلی پانی میں پیس کر اور صوف کی بتی بنا کر اسپر ضماد کر کے ناسور میں اندر تک پہونچائیں - اسیطرح قضیب ریچھ پانی میں پیس کر بتی کپڑے صوف سے بنا کر اور اسپر لگا کر زخم ناسور پر رکھیں - ایسا ہی - ہزار پایہ کو جلا کر اور خاکستر اس کی ناسور پہ لگائیں -

فوائد:- ناسور کے لیے بیحد مفید ہے -

پٹی برائے چوٹ مجرب

نسخہ:۔ سفیدی انڈا مرغ ایک عدد۔ لیموں ایک عدد۔ تیل کنجد ۵ تولہ۔ تیل ارنڈی ۵ تولہ۔ گھی گاٹے ۱۰ تولہ۔ تمام کو چینی کے برتن میں خوب ہاتھ سے ملیں۔ اس کے بعد کسی کپڑے سفید کی ٹاکی پہ لیپ کرکے پٹی باندھیں۔ اور مقام چوٹ پر بھی پہلے لیپ کریں۔ اور ایک ہفتہ کے بعد دوسری پٹی لگائیں۔

فوائد:۔ چوٹ کے لئے بیحد نافع و مؤثر ہے۔

برائے نرمی جسم سخت و شکستہ۔

نسخہ:۔ سم اسپ۔ برادہ عاج۔ سینگ بھینس یا بھیڑ یا بکری لے کر برابر وزن پیس کر سختی کے مقام پر لیپ کریں۔ اور پٹی دیں۔ تین مرتبہ میں نرم ہوگا۔

فوائد:۔ عضو شکستہ و سخت کو نرم کرے۔

برائے درد و چوٹ (از باورچی ہرداس بنارسی)

نسخہ:۔ کنجد سیاہ۔ کھوپرہ گری پورانا۔ کھار۔ لکڑی ہڈجوڑ مٹی سردھونیوالی انبہ ہلدی۔ ہر ایک برابر وزن پیس کر دو پوٹلیاں بنائیں۔ تانبہ اہنی پہ رکھ کر تیل کنجد کے ساتھ ٹکور کریں۔ بعدہٗ اسی ادویہ کو برگ انجیر کے ساتھ باندھ دیں۔

فوائد:۔ چوٹ و درد کے لئے بیحد نافع ہے۔

ایضاً۔ برائے چوٹ و درد۔

نسخہ:۔ برگ سہانجنہ۔ تھوڑے سے نمک کے ساتھ ملا کر گرم کرکے درد کی جگہ پر باندھ دیں۔

فوائد :۔ درد و چوٹ کے لئے نافع ہے۔

مرہم برائے زخم خبیثہ

نسخہ :۔ کتھا سفید ایک تولہ۔ سفیدہ کاشغری ½ تولہ۔ چھوٹی الائچی ایک تولہ۔ سپاری کہنہ سوختہ ایک تولہ۔ خرمہرہ زرد سوختہ تمام کو سفوف بنا کر رکھ دیں۔ اور تھوڑا مکھن شامل کر کے مرہم تیار کریں۔

فوائد :۔ زخم خبیثہ ہر قسم کے لئے انفع ہے۔

باب پچیسواں

جلدی امراض

علاج نسواں (داغ ہائے سفید چہرہ و سینہ)

نسخہ :۔ سنا سفید۔ بیخ گرونده۔ تخم ترب۔ سوہاگہ چوکیہ خام ہموزن لے کر پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ تین چار روز متواتر یہ عمل کریں۔

فوائد :۔ ہسواں داغ جو چہرہ پر اور سینہ پر سفیدی مائل ہوں اور کچی کوڑ مشہور ہے۔ کے لئے مفید ہے۔

ایضاً۔ برائے داغ ہائے سفید سینہ و چہرہ۔

نسخہ :۔ تخم مولی پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ اور دھوپ

ہیں بیٹھیں - تا ایک ہفتہ -

فوائد :- چہرہ و سینہ کے سفید داغوں کے لئے مجرب ہے -

ضماد برائے درد - دھدر

نسخہ :- پلاس پاپڑہ - نیلا طوطیا - کتھا سفید برابر وزن عرق لیموں میں پیس کر درد پر لیپ کر کے دھوپ میں ایک لحظ ۷ یوم تک بیٹھا کریں -

فوائد :- درد دھدر کے لئے بیحد نافع ہے -

ایضاً - ضماد بیحد نافع

نسخہ :- پلاس پاپڑہ عرق لیموں میں پیس لیں - پہلے دھدر کے مقام کو اوپلہ جنگلی سے کھجائیں - تاکہ خون نکل پڑے - پھر یہ دوائی لگائیں -

فوائد :- درد - دھدر کے لئے بیحد نافع ہے -

برائے درد کہنہ کہ جا - بجا واقع ہو -

نسخہ :- تخم پنوار ایک تولہ - پانی میں کھرل کیا ہوا - پارہ ۳ ماشہ ملا کر پھر خوب کھرل کریں - کہ مرہم بن جائے - پھر درد کو بدستور اوپلہ صحرائی سے خوب کھجا کر لیپ کریں -

فوائد :- ہر مقام کی درد کو بیحد نافع و مؤثر ہے -

علاج جھنجھناہٹ دست و پا

نسخہ :- خشت کہنہ صد سالہ تیل کنجد میں حل کر کے مالش کریں - اور دھوپ میں بیٹھیں -

فوائد :- ہاتھ پاؤں کی جھنجھناہٹ و کانپنے کو نافع ہے -

کلف رُو

نسخہ :۔ مسور سالم عرق لیموں میں پیس کر لیپ کریں۔ یا تخم ترب پانی میں پیس کر لیپ کر کے دھوپ میں بیٹھیں۔

فوائد :۔ چہرہ کے داغ و جہاسوں کے لئے نافع ہے۔

ایضاً۔ برائے کلف رُو

نسخہ :۔ تل سیاہ۔ زیرہ سفید۔ سرسوں بوزن برابر بھیڑ کے دودھ میں پیس کر ضماد کریں۔

فوائد :۔ دافع داغہائے و جہاسہ چہرہ ہے۔

دافع قوبا

نسخہ :۔ رائی پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ یا سرکہ لگائیں۔ یا شیرہ پیاز پیشاب میں ملا کر یا مُنہ کا لعاب علی الصباح لگائیں۔

فوائد :۔ قوبا جو دھند کی قسم ہے۔ خارش ہو کر زخم ہو جاتا ہے کے لئے نافع ہے۔

دافع بہق

نسخہ :۔ تخم مولی پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ یا نوشادر سرکہ میں ملا کر لگائیں۔ یا خطمی پیس کر لگائیں۔

فوائد :۔ بہق ایک قسم کے داغ از قسم برص ہیں۔ ان کے لئے نافع ہے۔

برائے رشتہ نارُو

نسخہ :۔ سوہاگہ ۷ ماشہ۔ اجوائین خراسانی ۳ تولہ ایک ماشہ مرچ سیاہ ۳ تولہ ۶ ماشہ۔ مصبر ۴ تولہ ۸ ماشہ تمام کو کوٹ پیس کر

گھیکوار کے شیرہ میں پیس کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ دو۔تین گولیاں روزانہ کھلائیں۔

دافع داغ سفید

نسخہ:۔ باوچی پانی میں پیس کر لیپ کریں۔

فوائد:۔ دافع سفید داغ بے حد نافع ہے۔

ضماد۔ برائے برص و بہق

نسخہ:۔ تخم ترب۔ شیطرج ہندی۔ مجیٹھ برابر کوٹ پیس کر شراب کی تلچھٹ شراب میں تر کریں۔ اور چند مرتبہ مالش کریں۔

فوائد:۔ برص و بہق کے لئے نافع ہے۔

ایضاً۔ برائے برص و بہق

نسخہ:۔ تخم مولی۔ شیطرج۔ مجیٹھ۔ کندش۔ رائی ہر ایک ایک حصہ کوٹ پیس کر سرکہ میں حل کر کے لگائیں۔ اور دھوپ میں بیٹھ کر دو ساعت کے بعد دھو ڈالیں۔

فوائد: برص و بہق کو دفع کرے۔

ایضاً۔ برائے برص و بہق

نسخہ:۔ شورہ۔ بسد۔ پھٹکڑی۔ مجیٹھ برابر وزن کوٹ پیس کر شراب کی تلچھٹ میں تر کر کے چند مرتبہ مالش کریں۔

فوائد:۔ برص و بہق کے لئے سود مند ہے۔

ایضاً۔ برائے برص و بہق

نسخہ:۔ تیل ۲ تولہ۔ مجیٹھ ایک تولہ۔ مر ۳ تولہ۔ خبث الحدید ۳ تولہ۔ تلچھٹ شراب ۵ تولہ۔ تمام کو پانی کانجی میں بھگو کر تین

روز دھوپ میں رکھیں۔ بعدہٗ داغہائے کے مقام پر لگائیں۔
فوائد:۔ بہق و برص کو بیحد مفید بدن کو ہمرنگ کرتا ہے۔

دافع خارش

نسخہ:۔ سیماب ۶ ماشہ۔ مغز بادام ۳ ماشہ۔ تخم خربوزہ پوست کے ساتھ ایک تولہ ۶ ماشہ کوٹ پیس کر رات کو ایک ہفتہ تک لیپ کریں۔

فوائد:۔ خارش کے لئے مفید ہے۔

ایضاً۔ برائے خارش

نسخہ:۔ تخم پنواڑ ایک تولہ۔ لسی میں تین یوم تک تر کرکے مالش کریں۔

فوائد:۔ کھجلی کو مفید ہے۔

ایضاً۔ برائے خارش

نسخہ: گندھک آملہ سار ۹ ماشہ پیس کر تین پوڑیاں کریں۔ اور ایک پوڑی مکھن گاؤ میں جو گرم کیا گیا ہو میں ڈال کر پھر فوراً مکھن حصہ پوڑی (یعنی دوا) ایک پاؤ دودھ میں ڈال کر مریض کو پلائیں اور گندھک کی ٹکیہ جو دودھ میں تہ نشین ہے۔ ہر روز روغن سرسوں میں ڈال کر مالش کریں۔

فوائد:۔ خارش کو نافع ہے۔

باب ۲۶ چھبیسواں

در تدبیرِ اصلاح ادویہ

اصلاح ادویہ

(۱) وہ دوائیں۔ کہ جنمیں زیادہ خشکی و مضرت (زہریلی) واقع ہو اس کی اصلاح اور اس کے نقصان کے دفعیہ کی یہ تدبیر ہے۔ کہ دوا کو نیم کوب کر کے تین راتیں اور تین دن دودھ میں تر رکھیں اور روزانہ دودھ بدل دیا کریں۔ اس کے بعد خشک کر کے روغن بادام یا روغن کدو میں یا روغن پستہ میں ایک ہفتہ تر رکھیں پھر کام میں لائیں۔

(۲) دوسری ترکیب یہ ہے۔ کہ اس دوا کے مصلحات میں تر کر کے خشک کر لیں۔

(۳) تیسری قسم یہ ہے۔ کہ اس دوا کو کوٹ کر روغن مناسب میں ملائیں۔

یہ تدبیر تمام شیر دار و لزجدار ادویہ کی اصلاح کے لئے ہے بمثل شبرم خربق وغیرہ۔

تدبیر سنکھیا

زلال خاکستر چرچٹہ میں سنکھیا کو پیس کر تر رکھیں۔ اور اس قدر آگ پر گرم کریں۔ کہ خشک ہو جائے۔ اگر تیل نکالنا ہو۔ تو

اس سفوف تدبیر کو رکابی چینی میں رکھ کر شبنم میں رات کے وقت کھلا رکھ دیں۔ اور سورج نکلنے سے پہلے جسقدر تیل ہو گیا ہو۔ لے لیں۔ پھر دوسرے دن بھی یہی عمل کریں۔ تاکہ تمام تیل نکل آئے۔

اس تیل کو موم روغن یا مومیائی میں ملا کر طلا کریں۔ تھوڑی سی جلن پیدا ہو کر دور ہو جائے گی۔ لیکن قوت باہ میں بیحد۔ فائدہ ہوگا۔ فاحفظہٗ

تدبیر گندھک

کسی برتن میں دودھ ڈال بطور معلوم دودھ کے برتن کے منہ پر کپڑا باندھ کر گندھک کا سفوف رکھ کر سرپوش دیدیں۔ مدبرہ ہوگی

تدبیر بہروزہ

بدستور مندرجہ بالا پانی میں چند مرتبہ تکرار عمل کریں۔ مدبرہ ہو۔

تدبیر کچلہ

پانی میں تر رکھ کر بیرونی پوست دور کر کے صاف کر لیں۔ اور سوہان (ریتی) سے برادہ کر کے پوٹلی میں باندھ کر دودھ میں جوش دیں۔ اور سایہ میں خشک کر کے پیس کر محفوظ رکھیں۔

تدبیر لوہ چون

بورہ لوہہ کو کسی مٹی کے برتن میں خوب کریں۔ تاکہ سرخ ہو۔ تیل تل میں سرد کریں۔ پھر ایک دفعہ سرکہ انگوری اور گائے کے پیشاب اور دہی کے پانی میں سرد کر کے خوب دھوئیں۔ اور سرمہ کی مانند باریک پیس کر رکھیں۔ چنانچہ پانی پر تیرنے لگے مدبرہ ہے۔

تدبیر خبث الحدید

سرکہ انگوری میں دو ہفتہ تر رکھیں۔ اور خشک کر کے روغن بادام میں بریاں کریں۔ پھر اس قدر کھرل کریں۔ کہ پانی پر ٹھیر سکے پھر کام میں لائیں۔

تکلیس مروارید

موتی بے سوراخ مٹی کے برتن میں دودھ ڈال کر برتن مذکور میں ڈال دیں۔ سرپوش دے کر آٹے سے بند کریں۔ اور نرم آنچ پر ایک گھنٹہ دھر دیں۔ اس کے بعد نکالیں۔ حل ہونے کے قابل ہو جائیں گے۔

تکلیس یاقوت

آگ میں خوب گرم کر کے دس بار پانی میں سرد کریں۔ تکلیس ہو جائیں گے۔

تدبیر ترمس (باقلا مصری)

ترمس یعنی باقلا مصری بقدر مٹھی بھر کوٹ اور صاف کر کے تانبے کے برتن بغیر قلعی میں دودھ کے ہمراہ اسقدر گرم کریں کہ دودھ خشک ہو جائے۔ پھر اُس کے ہموزن گھی گائے ڈال کر پھر گرم کریں۔ تاکہ گاڑھا ہو جائے۔ اس کے بعد گرما گرم کپڑے پر لیپ کریں۔

فوائد (۱) اگر یہ کپڑا اُن ران پر رکھیں گے۔ تو اسہال صفرا دی آئیں۔

(۲) اگر ناف پر لگائیں گے۔ تو اسہال سوداوی ریا کریں گے

(۳) اگر پہلو یا تہیگاہ (اطراف مقعد) رکھیں گے۔ تو اسہال بلغمی ہوں گے۔

اور جسوقت وہ کپڑے دور کرکے جسم کو پانی سرد سے دھو لیں گے۔ تو اسہال بند ہو جائیں گے۔ فاحفظہ انہا من اسرار الاطباء۔

استعمال ہلیلہ سیاہ مع بدرقہ

بماہ جیٹھ و اساڑھ ہمراہ گڑ کھلائیں۔ بماہ ساون و بھادوں نمک طعام سے ماہ اسوج و کاتک مصری کے ساتھ دیں۔ ماہ منگھر و پوس میں ہمراہ سونٹھ کے۔ ماہ پھاگن میں دارفلفل سے۔ اور چیت و بیساکھ میں بادیان کے ساتھ بقدر چار ماشہ ہلیلہ سیاہ بوقت صبح نہار پانی تازہ سے استعمال فرمائیں۔

فوائد:۔ سستی بدن کو زائل کرے۔ اور تمام بیماری و ضعف قلب و وجع مفاصل۔ تمام امراض شکم و مصفیٰ اور روشن کرنے والی بدن۔ اور بال سفید سیاہ کرے۔ حافظ و باہ و بصارت و عقل کو بڑھائے۔

فوائد بچھناگ

معلوم ہونا چاہیے۔ کہ بچھناگ زہر ہے۔ یہ چند قسم کی درخت کی سخت زہریلی جڑ ہے۔ ان میں سے بچھناگ تیلیا مستعمل ہے۔ جو باہر سے سیاہ اور اندر سے سفید ہوتی ہے۔ اور بچھناگ برہمن اندر و باہر سے سفید ہوتا ہے۔ بلا ضرر ہے۔ بچھناگ یونانی چوتھے درجہ میں گرم و خشک ہے۔ اور بچھناگ مصری کو درجہ

چوتھے میں سرد جانتے ہیں۔ بچھناگ بسبب زہر کے تمام اعضاء وقوای کو مضر ہے۔ اس کا بدل جدوار صحیح طور عمدہ اور دوا ممسک ہے۔ اس کی مقدار خوراک تدبیر و اصلاح کے بعد ایک رتی سے دو رتی تک ہے۔

فوائد مارقشیشائے ذھبی۔

مارقشیشا کو لیموں کے عرق میں خوب حل کر کے چھوٹی چھوٹی گولیاں باندھ کر برتن گلی میں گل حکمت کر کے دو ہفتہ تک آگ میں رکھیں۔ اور اسی طریق پر پانچ بار آگ دیں۔ سرخ رنگ قابل استعمال ہو جائے گا۔ مارقشیشا درجہ دوم کے آخر میں گرم و خشک ہے۔ اور تیسرے درجہ میں بھی خشک اکثر اعضاء کو مضر ہے۔ اور زہر کی وجہ سے اس کا کھانا جائز نہیں ہے۔ اس کی اصلاح سرد و تر چیزوں۔ گھی و مربہ جات سے ہو سکتی ہے۔

مقدار خوراک:۔ جلے ہوئے و دھوئے ہوئے کی بقدر دو جو کے برابر ہے اس کا سرمہ روشن و مقوی بصر ہے۔ اس کا طلا کرنا ہمراہ رریتج سخت داغوں تحلیل اور زخموں کو بھرتا ہے۔ اور ہڑتال کے ساتھ طلا کرنا زائد کو کاٹتا ہے۔ اور سرکہ کے ساتھ طلاء برص و بہق کو مفید ہے۔ جلا ہوا۔ اور دھویا ہوا نہایت لطیف ہو جاتا ہے۔ اور اس کی حرارت بھی کم ہو جاتی ہے۔ استسقا اور بواسیر کے لئے مفید ہوتا ہے۔

فوائد لیموں (نیبو)

(۱) اگر صبح و شام عرق لیموں پانی میں ملا کر پلائیں۔ تو بد ہضمی کو دفع کرے
(۲) اگر بال گرتے ہوں۔ تو لیموں تراش کر سر کی کھوپڑی پر ملیں فوراً نافع ہے
(۳) اگر عرق لیموں دودھ میں ڈال کر صبح و شام چہرے پر لگائیں۔ تو منہ کے

رنگ کو خوب سفید براق کرتا ہے۔

(۴) اگر سر درد کے لئے اس کا ایک ٹکڑا پیشانی پر ملیں۔ شدت کم ہو کر درد دفع ہوگا۔

فوائد اجوائین مدبرہ۔

اجوائین کے دانے جسقدر ضرورت ہوں لے کر پیالہ چینی میں رکھ کر اس کے اوپر دھی گائے ترش اس قدر ڈالیں۔ کہ دو انگل کے قدر جوائین سے اوپر ہو۔ اور چوتھا حصہ اجوائین کا نمک سنگ اور چھٹا حصہ نمک کا سہاگہ بریاں۔ اور اس قدر گندھک آملہ سار پیس کر اس میں ڈالیں۔ سایہ میں محفوظ رکھ دیں۔ تاکہ دھی جذب ہو جائے۔ پھر دوسری مرتبہ دھی ڈالیں۔ اسی طور تین مرتبہ تر و خشک کریں۔ پھر اسی طرح تین بار عرق لیموں کاغذی میں اور اسی طور تین مرتبہ عرق کنوار گندل میں تر اور خشک کر کے کسی برتن صاف میں نگاہ رکھیں۔

مقدار خوراک:۔ ہر روز ایک ماشہ تا دو ماشہ کھلائیں۔

فوائد۔ بھوک لگائے۔ ریاح کو تحلیل کرے۔ دافع قبض ہے۔ ہضم و مقوی معدہ و جگر ہے۔ بلغم رخ کو معدہ۔ انتڑیوں و جگر سے جذب کرے۔ ذیابیطس سرد جو شرکت معدہ سے ہو۔ اس کے لئے مفید ہے۔

خواص پیارانگا

پیارانگا ایک جڑ ہے۔ لمبائی دو انگل یا اس سے زیادہ گرہ دار سخت اور ایک انگلی کے برابر چوڑی جو رخام کے ملک سے آتی ہے۔ اور ہندی دوا ہے۔ درجہ تیسرے میں گرم و خشک رطوبت فضلیہ کے ساتھ تازہ

عمدہ ہوتی ہے۔ زردی و سرخی مائیل بدمزہ زیادہ کڑوی ہوتی ہے۔ گرم امزجہ میں مضر ہے۔ درد سر میں اس کا مصلح گلاب ہے۔ کانوں کے درد میں پانی بیگن اور مرچ سیاہ ہے۔

مقدار خوراک :۔ کامل چار رتی سے۔ ایک ماشہ تک مناسب دواؤں کے ساتھ۔

مقدار خوراک :۔ ناقص ۲ رتی سے چار رتی تک ہمراہ ادویہ مناسب قابل استعمال ہے۔

فوائد :۔ درد سر کے لئے گلاب میں پیس کر پیشانی پر لیپ کریں۔ فوراً تسکین ہو۔

۲۔ برائے ام الصبیان۔ ایک رتی پیاز انگا۔ ایک عدد مرچ سیاہ مفید ہے۔

۳۔ شبکوری کے لئے۔ زرد چوب کے ساتھ دودھ میں پیس کر اور جلا کر اس کا جل نافع ہے۔

۴۔ برائے درد چشم۔ زرد چوب کے ساتھ پیس کر لیپ کریں۔ فائدہ مند ہے۔

۵۔ درد پیپ کان کے لئے۔ پانی بھرتہ بیگن میں پیس کر کان میں ٹپکائیں مفید ہے۔

۶۔ برائے درد دندان۔ نمک۔ بھنگ۔ تمباکو۔ لکڑی بدار کے ساتھ درد دندان کو مفید ہے۔

۷۔ زیادتی دودھ زناں۔ پیاز انگا ایک ماشہ۔ شقاقل ۲ ماشہ۔ دیڑھ ۲ ماشہ۔ تین روز بار یک پیس کر پلائیں۔

۸۔ کھانسی و دمہ کے لیئے ۔ پیارانگا۔ کیٹلی خورد ۔ جڑ بریارا (ہندی جڑی) ایک ایک ماشہ حقہ میں کھینچیں ۔

۹۔ برائے درد پسلی اطفال۔ پیارانگا ایک رتی مرچ سیاہ کے ساتھ کھلانا سود مند ہے ۔

۱۰۔ ہیضہ کے لیئے ۔ پیارانگا ۴ رتی گلاب میں پیس کر دیں بجید نافع ہے ۔

۱۱۔ بواسیر۔ استسقا۔ طحال ۔ پرسوت زنان ۔ سلسل بول وغیرہ مرضوں کے لیئے دوائیں مناسبہ کے ہمراہ مفید پڑتا ہے ۔ اور زہر سانپ کو بھی دفع کرتا ہے ۔ اور سرد دردوں کو مفید اور ورموں کو تحلیل کرتا ہے ۔

خواص چائے

اس کی چند قسمیں ہیں ۔ لیکن عمدہ چائے ختائی ہے ۔ لہذا نیپالی چائے ۔ جس کے پتے مانند پودینہ کے پتے کے ہوتے ہیں ۔ درجہ دوم کے آخر میں گرم وخشک اوسطاً ہے ۔ گرم مزاجوں کے لئے مضر ہے ۔ مصلح اس کا دودھ دشکر ہے ۔

فوائد

مقوی معدہ وارواح وقوی دمحرک باہ سرد مزاجان ہے ۔

اس کا بدل قہوہ ہے ۔ اس کی نسبت ستارہ شمس کے ساتھ ہے مقوی باہ وغلظ ومغلظ منی دسرد کرنے والی ۔ خارج کرنے والی اخلاط غلیظ ۔ پکانے والی موردات ، پسینہ وبول آور ۔ تسکین بخش پیاس کا ذبہ ۔ دافع دردسر سرد ۔ دافع سوزش ۔

معدہ و منقی معدہ و دماغ ۔ مصفی خون ۔ دافع بدبوئے پیاز و لہسن ۔ دافع خفقان نافع یرقان و استسقاء ۔ و بواسیر سدی ۔ اس کا لیپ محلل اورام ۔ مسکن بواسیر ۔ نہار اس کا پینا گرم مزاجان سرد میں ۔ مشک ۔ لونگ ۔ سونف ختائی ۔ سونٹھ ۔ دارچینی ہے ۔ حرارت عزیزی کے لئے عنبر ۔ زعفران ۔ و عود ہندی کے ساتھ اور تقویت باہ کے لئے ۔ ثعلب مصری ۔ دارچینی ۔ عنبر ۔ مصری و دودھ کے ساتھ ۔ اور ترید ۔ ریوند چینی کے ساتھ مخرج بلغم و صفرا ہے ۔

دودھ زنان

عمدہ دودھ زنان وہ ہے ۔ کہ اگر ایک قطرہ ناخن پر ڈالیں ۔ تو رواں نہ ہو ۔ اور چپ چپاہٹ بھی اس میں نہ ہو ۔ بلکہ معتدل قوام ہو ۔ صحت و مزاج عورتوں کا دودھ بہت اچھا ہوتا ہے ۔ یہ دودھ دوسرے درجہ میں گرم و تر ہے ۔ اور لڑکی والی عورت کا دودھ سرد تر ہوتا ہے ۔

یہ دودھ سفید اور بعضے نیلگوں سرد مزاجوں کا دودھ فوراً تغیر پذیر ہے ۔ اس کی مصلح شکر سفید و گلقند ہے ۔ اس کا بدل اکثر افعال میں گدھی کا دودھ ہے ۔ یہ دودھ منسوب ہیں ۔ تر اور مقوی دماغ و مفید برائے سل و دق ۔

مقدار خوراک :۔ کامل ۶ تولہ سے ۱۵ تولہ تک یا بیس تولہ ۔ اور مقدار ناقص میں ۳ تولہ سے ۵ تولہ تا ۱۰ تولہ ہے ۔

فوائد و خواص
سرد تر و مقوی دماغ ۔ بخوابی و آشوب چشم و زخم ریہ (پھیپھڑا) و
تپ دق کو فائیدہ بخشتا ہے ۔ نافع خشکی سینہ ہے ۔ اور کھانسی خشک
و خون تھوکنے کو (یعنی سینہ سے خون آنے کو بھی نافع ہے) اُس
ناس لینا ۔ خشکی دماغ ۔ درد سر گرم ۔ مالیخولیا ۔ جنون صفراوی اور
خوفی وغیرہ کو نافع ہے ۔ ناخنہ و سلاق چشم کو انزروت کے ساتھ
دفع کرتا ہے ۔ اور اس کا ٹپکانا ورم گرم اور درد کان کے لئے مسکن
ہے ۔ اگر حاملہ ایک دو قطرے اپنے دودھ کے اپنی ہتھیلی پر رکھ
کر اس میں قمل (جوں) چھوڑ دے ۔ یا ایک جوں کو ہتھیلی پر رکھ اوپر
اپنا دودھ دھوئے) یا دوشد) اگر جوں مر جائے ۔ یا دودھ میں پڑی
رہ جائے ۔ تو حاملہ کا شکم میں جنین لڑکی ہے ۔ اگر زندہ رہ جائے ۔
تو حمل لڑکا ہوگا ۔

دودھ گدھی کا
عمدہ دودھ گدھی کا فربہ و تندرست کا ہے ۔ اور تازہ سوئی ہوئی
ہونی چاہیے ۔ اور اس کا بچہ مادہ (مونث) ہونا چاہیئے ۔ درجہ دوم
میں سرد اور درجہ تیسرے میں تر ہے ۔ دودھ تازہ گرم گرم پینا چاہیے
اس مضرت سرد و تر مزاجوں میں درد سر و ہچکی پیدا کرتا ہے ۔ اس
مصلح روغن مغز تخم کدو ۔ ست ملٹھی اور گلقند ہے ۔ بدل اس کا دودھ
اور بکری کا ہے ۔ اس کی نسبت ستارہ زہرہ سے ہے ۔ سفید صاف
پتلا بغیر بُو کے عمدہ ہوتا ہے ۔ اس کا خاص فائیدہ ۔ دافع خشکی
دماغ ۔ بیخوابی سل و دق اور تپ گرم ہے ۔

مقدار خوراک :- کامل ۱۵ تولہ سے تیس ۳۰ تولہ تا حد چالیس تولہ تک - مقدار ناقص :- پانچ تولہ سے دس تولہ تک زیادہ اس سے قوت کے موافق دینا چاہیے -

فوائد عام

بیحد سرد و تر ہے - بوجہ غلبہ مائیت یہ نسب (ہئیت وجنیت وغیرہ - مفرح اور جالی - مقوی قلب مزاج گرم - گرم وخشک مزاجوں میں موافق ہے - اس کا کان میں ٹپکانا - اور تالو پر مالش دافع خشکی دماغ و بے خوابی - دردسر گرم - نکسیر - کان کا درد - اور درد آنکھ - اور اس کا غرغرہ - خناق - ورم حلق کے لئے نفع بخش - مقوی لثہ - سندرس اور کہربا کے ہمراہ نکسیر کو مانع ہے - اور اس کا پینا سل ودق اور زخم پھیپھڑہ وگرم پتوں میں - اور نحافت وخشکی اور کھانسی ودمہ اور سخت نزلہ ومنہ سے خون آنے کو کہربا وکتیرا - اور گل مختوم کے ہمراہ بے حد فائدہ بخش ہے دافع طحال اور سوزش صفرا وخون ہے - اور قطرہ قطرہ مجاری بول میں ٹپکانا - سوزش پیشاب اور اس کے زخم کے نافع ہے - زعفران کے ساتھ اس کا لیپ اورام گرم کا دافع ہے -

درخت مشط الغول

یہ درخت شانہ ہے - اور ہندی میں اسے کنگھی کہتے ہیں - گرم مزاجوں اور طاقتوں کے لئے نقصان دہ ہے - شہد - شکر اور مرچ سیاہ اس کی اصلاح کرتے ہیں - بواسیر وسوزاک کو مفید اور مقوی باہ ہے -

مقدار خوراک :- ایک تولہ - تخم اور بیج ۳ ماشہ -
مقدار ناقص ۴ ماشہ سے ۶ ماشہ تک ، ہے -

فوائد خاص

امراض سینہ وتپ وبواسیر کو مفید ہے - مواد سوداوی کا دافع
مدر بول ، نافع سوزاک - اس کے بیج مقوی باہ ہیں - اس کے پتوں
کا لیپ ورموں کو تحلیل کرتا ہے - اس کے جوشاندہ غرغرہ کرنا
درد دنداں کو مفید ہے - اس کے پتے پختہ کھانا - درد کمر - درد اعضا
اور بواسیر خونی وبادی کو نافع ہیں - اس کے خشک بیج کے چھال کا
سفوف دافع جریان منی ہے - اگر دودھ کو جوش دے کر اس کی
چند شاخیں اس میں پھرائیں - تو جما ہوا ریزہ ریزہ ہو جائے گا

درخت چنپا

اس کے پھول بڑے خوشبو بہت تیز ہوتی ہے - اگر اس کے
درخت تنہ سے کاٹ کر باقی ماندہ تنہ کو کپڑا لپیٹ اور تیل ڈال کر
جلائیں - تاکہ اس کا تنہ سطح زمین تک جل جائے - اس کے بعد
اس کی جڑ نکال کر محفوظ رکھیں - تمام زہروں کا دافع ہے -

تیل نیب (نیم)

تیل تخم نیب مفید جذام - ملین طبع - دافع کرم شکم - امراض
سوداوی وجذام اور درد کمر - ناسور کو مندمل کرے - اور زخموں
کو صاف کرے - مقوی باہ وبصر اور بواسیر کے لئے سود مند ہے -
اور آگ سے جل جانے کو بے حد نافع کان کے درد کو تسکین
دے - اور پھنسیوں کو دفع کرے -

سنگ یہود

پیشاب جاری کرے ۔ پتھری کو نکالتا ہے ۔

نسخہ :۔ سنگ یہود پونے دو ماشہ ۔ پانی سے پتھر پر پیس کر روغن بادام ۴½ ماشہ ۔ پانی ایک پاؤ ملا کر پلائیں ۔

مولسری

نقوع چھال درخت مولسری کا پینا ۔ پیشاب کی جلن اور سوزاک کے لئے مفید ہے ۔ اور آتشک کو بھی فائدہ دیتا ہے ۔ اس کی جڑ کا نقوع بھی یہی اثر رکھتا ہے ۔ اور دانتوں کے درد کو بھی دور کر کے مسوڑھوں کو تقویت دیتا ہے ۔ اس کے پھول صحن میں بکھیرنا سانپ ، ہزار پایہ (کنکوتیل) کو نہیں آنے دیتا

کماذریوس (منڈی)

درجہ دوم میں گرم و خشک ہے ۔ انتڑیوں کے امراض میں مضر ہے ۔ کتیرا اور چیزیں سرد تر اس کی اصلاح کرتے ہیں ۔

مقدار خوراک :۔ ۷ یا ۹ ماشہ

اور مقدار ناقص دو ماشہ ہے ۔ مفتح سدد ۔ ملطف ۔ مسخن ہے ۔ اس کا سرمہ شراب کے ساتھ زخم و ناسور آنکھوں کے لئے نافع ہے ۔ منڈی کا پینا کھانسی تر ۔ درد سینہ اور دافع یرقان و طحال و مدر بول و حیض ہے ۔ جنین کو خارج کرتا ہے ۔ اس کا جوشاندہ ہمراہ روغن زیتون پتھری گردہ و مثانہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے نکالتا ہے ۔ اور اس کو سرکہ کے ساتھ پکا کر لیپ کرنا ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے ۔

غریق الماء۔ پانی میں ڈوبنا

ڈوبے ہوئے کو نکال کر سر نیچے کیا ہوا لٹکائیں۔ تاکہ پانی اس جوف (پردوں) سے باہر نکل جائے۔ اس کے بعد سونٹھ۔ مرچ سیاہ سرکہ میں جوش دے کر اور صاف کر کے گلو میں ڈالیں۔ اور افاقہ کے بعد چند روز تک حریرہ آرد نخود اور لہسن کا تیار کر کے کھلائیں کہ مزاج پھیپھڑا کی اصلاح ہو۔

مومیائی

ترکیب تیاری۔ بھلانوے ایک سیر۔ سونٹھ ۲ تولہ۔ اسگندھ ناگوری ۲ تولہ۔ لونگ ایک تولہ۔ خون بکری ایک سیر۔ تمام اجزا جوکوب کر کے بکری کے خون میں ملا کر کچی گلی میں بطریق پتال جنتر کشید کر کے محفوظ رکھیں۔

فوائد:۔ درد مفاصل۔ سنپات کو برگ پان میں بقدر نخود دیں نافع ہے۔

باب چھبیسواں

بیان احراق وکشتہ جات

طریق تیاری ظرف سیماب

پارہ ۴ تولہ۔ طوطیا ۵ تولہ۔ طوطیا کو باریک پیس کر نصف تھال

آہنی میں رکھ کر اوپر سیماب رکھیں۔ نصف باقماندہ طوطیا اوپر
رکھ کر۔ لوہے یا تانبے۔ یا کانسی کا برتن اوپر ڈھانپ دیں۔ اور
تھال میں پانی ڈال کر آگ پر نرم نرم آگ دیں۔ تاکہ پانی بالکل
جل جائے۔ بعدہٗ نکال پانی ڈال کر پارہ کو پانی سے خوب
دھوئیں۔ اور باریک ململ کے کپڑے میں نچوڑیں۔ جو کچھ پارہ
کپڑے میں رہ جائے گا۔ پختہ ہے۔ اور جسقدر پارہ کو سانچہ
گلی میں پُر کر کے لیموں کا پانی اس پر چھڑکیں اور تین روز تک رکھ
چھوڑیں۔ چوتھے روز سانچے کو پانی میں رکھ کر آہستہ آہستہ اس
مٹی کو الگ کریں۔ اور بنے ہوئے برتن کو پانی میں دھو کر رکھ دیں
اس برتن میں دودھ پُر کر کے رکھیں۔ اور وقفہ کے بعد پئیں۔
قوت بدنی میں روز بروز ترقی ہو گی۔ حق الاسرار

دوسری ترکیب

نسخہ ۱۔ زنگار ڈیڑھ پاؤ۔ پارہ ڈیڑھ پاؤ بوزن مساوی ملا کر
کھرل کریں۔ اور تھال آہنی میں رکھ کر کوئی دوسرا برتن بدستور مذکورہ
صدر سرپوش دیں۔ اور اُس برتن مذکورہ کے اوپر ایک پتھر وزنی
آدھ سیر رکھ دیں۔ اور ۱۹ ساعت (گھنٹے) آگ دیں۔ پھر باہر
نکال کر سرد کریں۔ اور بدستور مذکورہ بالا سانچہ میں عمل کریں۔
خام پارہ کے دئے پر عمل کریں۔

احراق عقیق

ترکیب احراق عقیق یعنی کشتہ عقیق ویشب اور دوسرے پتھروں کا
یہ ہے۔ کہ آگ میں گرم کر کے پانی میں سرد کئے جائیں۔ تاکہ چمک دمک

دفع ہو کر خشکی پیدا ہو جائے ۔ پھر باریک پیس کر رکھ دیں ۔ اور کام میں لائیں ۔

کشتہ قلعی سفید

ترکیب تیاری :۔ قلعی مصفیٰ ۲ تولہ ۔ پارہ ایک تولہ ملا کر کھرل کریں ۔ اور عرق لیموں ملا کر چھوٹے چھوٹے غلولے بنا کر خشک کریں ۔ بھنگ کے پتوں یا مہندی کے پتوں ۔ یا کنگھی یا نیم کے پتوں یا سرسوں کے پتوں یا ہرن کھری میں ۔ جو میسر ہو یا منظور ہو ۔ کی نگدی بنا کر جن دیں اور اوپر غلولہ ہائے رکھ کر نگدی میں لپیٹ لیں اور سوتلی سے باندھ کر گل حکمت کر کے درمیان بیس سیر اوپلوں کے آگ دیں ۔ سرد ہونے کے بعد آہستہ آہستہ نگدی سے باہر نکال لیں ۔ مگر احتیاط سے نکالیں ۔ سفید شفاف برامد ہوگی ۔

کشتہ چاندی (روپیہ سالم)

روپیہ برم ڈنڈی کے عرق میں سو بار بجھائیں ۔ مثل سلور سفید سخت ہو جائے گا ۔ اس کے بعد تلی کے پتوں کے نغدہ میں جو نصف پاؤ ہو رکھ کسی برتن میں رکھیں اور گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں میں آگ دیں ۔ سرد ہونے کے بعد نکالیں اسی طرح نگدی مذکورہ میں بدستور آگ دیں ۔ اور پھر تیسری بار عمل کریں ۔ نہایت عمدہ کشتہ ہو جائے گا ۔

فوائد :۔ قوت باہ ۔ جریان ۔ کھانسی بلغمی اور دمہ کو بے حد مفید ہے ۔ بھوک لگاتا ہے ۔ دماغ ۔ معدہ کو قوت دیتا ہے ۔ بلغمی مزاجوں کو بھی فائدہ مند ہے ۔ بشرطیکہ سردی کی موسم میں

استعمال کریں۔ دودھ وگھی زیادہ کھائیں۔

کشتہ اشرفی سالم

اشرفی سالم کو منڈی کے تازہ پتوں کی لُبدی میں کسی برتن میں رکھ کر گل حکمت کرکے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ اسی طریق پر تین مرتبہ عمل کریں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔

احراق یعنی کشتہ ابرک

عُمدہ شفاف ابرک کو آگ میں خوب گرم کرکے آگ سے نکالیں اس پر پانی چھڑکیں تاکہ اس کی سختی ومضبوطی دفع ہوجائے۔ پھر حمام میں خوب باریک کوٹ کر عرق لیموں میں حل کریں۔ اور قرص باندھ کر مٹی کے برتن میں گل حکمت کرکے گجپٹ میں آگ دیں۔ پھر نکال کر عرق دھتورہ اور عرق بھنگرہ میں علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے بدستور قرص بنائیں اور آگ دیں اور اسیطرح تکرار عمل کرتے رہیں۔ تاکہ اگر دھوپ میں رکھیں۔ تو چمک نہ دے۔ وید لوگ اکسیر شمار کرتے ہیں۔ اور سو آگ تک دیتے ہیں۔ لیکن یہ طریقہ سہل ہے

احراق قشر البیض

چھلکوں کو نمک کے پانی یا عرق لیموں میں دو۔ چار روز تک تر رکھیں۔ پھر ان کی اندرونی دور کرکے مٹی کے برتن میں گل حکمت کرکے خشک ہونے کے بعد چونہ کی بھٹی میں رکھیں۔ یا کہ دو تین روز تک تیز آگ میں رکھیں۔ پھر استعمال کریں۔
نہائیت لاجواب کشتہ تیار ہو جائے گا۔

....

کشتہ بارہ سنگا

شاخ بارہ سنگا کو باریک ورق کاٹ کر مٹی کے برتن نیچے واوپر چونا آب آنا رسیدہ رکھ کر اس کے اوپر پانی ڈالیں تاکہ گرم ہو۔ پھر اور پانی اس میں ڈال کر شب وروز (ایک رات وایک دن) اسی طرح پڑا رہنے دیں۔ تاکہ خشک ہو۔ پانی کے خشک ہونے کے بعد اس برتن کو گل حکمت کر کے سخت آگ میں رکھیں۔ تاکہ سفید کشتہ ہو جائے۔ پھر کھرل کر کے کام لائیں۔

فوائد:۔ بلغمی امراض کے لئے نافع دمہ و کھانسی کے لئے حکم اکسیر رکھتا ہے۔

کشتہ جست

جست کو مٹی کے برتن میں رکھ کر سخت آگ دیں۔ اور لکڑی چولائی خاردار سے الٹ پلٹ کرتے رہیں۔ تاکہ خاکستر ہو جائے

کشتہ سجی

سجی کو کوٹ کر کسی برتن گلی میں دھر کر آگ پر رکھیں۔ اور کسی لکڑی سے الٹ پلٹ کرتے رہیں۔ تاکہ خاکستر ہو جائے۔

کشتہ مارقشیشہ

مارقشیشہ کا جو قسم ضرورت ہو۔ لے کر عرق لیموں میں خوب حل کریں۔ اور چھوٹے چھوٹے غلولے باندھ کر اور کسی برتن گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور ایک ہفتہ آگ میں رکھیں۔ اسیطرح حل کر کے آگ دیتے رہیں۔ تین مرتبہ یہی عمل

کریں۔ تیسرے مرتبہ عمدہ سرخ رنگ قابل استعمال ہو جائے گا

کشتہ سرب (سکہ)

(۱) خواہ مثل جست کشتہ کریں۔ ۲۔ یا بمثل قلعی سفید کشتہ کرلیں۔ ۳۔ زیادہ آسان یہ ہے۔ کہ کڑچھی میں رکھ کر پھونک لیں۔ اور تھوڑا تھوڑا نیم کے پتے یا چرچٹہ کے پتے ڈالیں۔ تاکہ سفید کشتہ ہو جائے۔

کشتہ صدف

صدف عمدہ ٹکڑے ٹکڑے کر کے گل حکمت کر کے تنور میں رکھ دیں۔ اگر چاہیں۔ تو ایک ٹکڑا سالم ہی رکھیں۔ سفید و ملائم ہو جائے گا۔

کشتہ کہربا

کہربا کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی مٹی کے برتن میں گل حکمت کر کے تنور میں ایک دن رات رکھ دیں۔ اور صبح کو نکال کر باریک پیس لیں۔ اور کام میں لائیں۔ نہایت عمدہ کشتہ ہوگا۔

کشتہ مرجان

مرجان یا بیخ مرجان جو پسند کریں۔ لے کر ٹکڑے ٹکڑے کر کے کسی مٹی کے برتن میں درمیان مصری کوفتہ رکھ کر گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں میں آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال لیں۔

فوائد:۔ کھانسی تر و دمہ بلغمی اور جریان کے لئے اکسیر ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔

کشتہ مرجان بغیر آگ

کسی چینی کے برتن میں عرق لیموں میں ڈال کر کسی قدر مصری کوفتہ بھی ڈالیں۔ اور اس میں مرجان کے ٹکڑے ڈال کر برتن کے اوپر ململ کا کپڑا باندھ کر دھوپ میں رکھ دیں۔ تاکہ اچھی طرح سفید ہو جائے۔ پھر نکال کر کام میں لائیں۔

فوائد۔ بالا کھانسی دمہ و جریان کو سودمند ہے۔

کشتہ ہڑتال

ہڑتال کے ٹکڑوں کو عرق پلاس کی چھال میں تین چار روز بھگو کر خشک کریں۔ پھر راکھ سفید پلاس کی لکڑی کی تیار کر کے کسی مٹی کے برتن میں راکھ کے درمیان ہڑتال مذکور رکھ کر چولھے پر رکھیں اور آگ دیں۔ جب کسی جگہ سے ہڑتال کا دھوآں نکلنے لگے۔ تو تھوڑی سی راکھ ڈال کر دھانپ دیں۔ کہ دھوآں بالکل دفع ہو جائے۔ اسوقت اس برتن گلی کو ڈھکنا دے کر گل حکمت کر کے پھر دو پہر کامل آگ دیں۔ مگر آگ درمیانی ہو (یعنی اوسط درجہ) اس کے بعد نکال کر کام میں لائیں۔

کشتہ سرطان (کیکڑہ)

سرطان نہری کو لیں۔ کہ آفتاب برج اس میں ہو۔ پھر اس کے پاؤں دور کر کے اس کا پیٹ چاک کریں۔ اس کی الائیش اندرونی رفع کر کے راکھ لکڑی انگور اور نمک دھویا ہوا کسی مٹی کے نئے برتن میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ کسی تنور گرم میں چار پہر تک رکھ دیں۔ اور تنور کا منہ بند کر دیں۔ چار پہر

کے بعد نکال کر اور باریک پیس کر کام میں لائیں۔

کشتہ افعیٰ (سانپ کی ایک قسم)

افعیٰ جو قسم ضرورت ہو۔ زندہ پکڑ کر کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر گل حکمت کر کے کسی تنور گرم میں ایک رات دھر کر صبح کو باہر نکال کر پیس کر رکھ دیں اور کام میں لائیں۔

فوائد :۔ روغن زیتون میں کھرل کر کے کنٹھ مالا (خنازیر) پر لیپ کریں مفید ہے۔

کشتہ کچھوا

کچھوا لے کر اس کا پیٹ چاک کر کے آلائش سے صاف کریں۔ اور اچھی طرح دھوئیں۔ اور کسی برتن گلی میں رکھ کر گل حکمت کریں۔ اور تنور میں رکھ دیں۔ یا کہ سخت آگ میں۔ پھونکیں کہ سفید ہو جائے۔

کشتہ خفاش (چمگادڑ)

چمگادڑ کے بچہ یا چمگادڑ کو پکڑ کر اس کا پیٹ آلائش سے پاک کر کے پر اس کے دور کریں۔ اور اچھی طرح دھو کر اوپر نمک چھڑک کر کسی برتن گلی میں گل حکمت کر کے آگ تیز دے کر سرد کریں۔ اور کام میں لائیں۔

کشتہ ابرق

ابرک ایک سیر کوٹ کر کپڑے کے تھیلہ میں غلہ شالی کے ساتھ مضبوط باندھ کر چاول ترو ٹک خام (کچے برنج خام) میں ہاتھوں سے خوب ملیں۔ اس کے بعد کھرل میں ڈال کر

عرق لیموں کے ساتھ چار پہر خوب کھرل کریں۔ اس کے بعد غلولے بنا کر کسی ہانڈی میں پہلے پوست نیب کوٹ کر بچھائیں۔ اور اس کے اوپر چھ تولہ پھر چھال نیب مذکور رکھ کر مُنہ ہانڈی کا بند کر کے کپڑ مٹ دیں۔ اور ایک گڑھے زمین میں گجپٹ کے اندر تین میخوں آہنی پر ہانڈی مذکورہ رکھ کر اس کے نیچے اوپر اوپلے پر کر کے آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکالیں۔ اور پہر انتر گنگا میں کھرل کر کے پھر ڈیڑھ ہاتھ گڑھے میں بھٹ (آگ دیں) خاک (کشتہ) ہو جائے گا۔ محفوظ رکھیں۔

خوراک :۔ ایک رتی شہد میں حل کر کے دیں۔

فوائد :۔ مسلسل البول۔ تپ دق۔ دمہ۔ سوزاک کے لئے مفید ہے۔

کشتہ نقرہ (چاندی)

نسخہ :۔ چاندی کے پترہ یا ٹکڑا کو سیاہ پان کے پتے میں تین سو اکیس مرتبہ بجھائیں۔ اور اسی پان کے پھوگ میں کسی کجی کے اندر رکھ کر پچاس عدد پاچک میں پٹ (آگ) دیں۔ عمدہ کشتہ ہوگا۔ اسی طرح بدستور بالا برگ مہدی۔ اور شیرہ انار ترش میں کشتہ ہو جاتا۔

خوراک :۔ برائے مخارج

فوائد :۔ مقوی باہ۔ اعضائے رئیسہ و مقوی دماغ ہے

کشتہ مرجان

مرجان کو تین پہر لیموں کے عرق میں تر رکھ کر کسی ہانڈی میں

مُنہ اس کا بند کر کے پُٹ (یعنی آگ) دیں۔ سرد ہونے کے بعد پیس کر رکھ لیں۔ بدرقہ شہد و شیرہ سونٹھ سبز کے ساتھ دیں۔

فوائد:۔ بخار۔ کھانسی۔ دمہ و بخار بچگان کو مفید ہے۔

ترشی و بادی سے پرہیز ہے۔

کشتہ چاندی

چاندی کا پترہ یا ٹکڑا چھال درخت املتاس (خیار شنبر) اور چھال درخت بیخ کسوندی دونوں برابر وزن کی لیدی میں رکھ کر دو سکوروں (سفال) میں رکھ کر آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔ نہایت عمدہ ہے۔

فوائد:۔ مقوی اعضائے رئیسہ کھانے کے لئے عمدہ ہے۔

کشتہ تانبہ و چاندی

جو قسم مطلوب ہو۔ لے کر لیدی نک چھکنی میں رکھ کر گجپٹ دیں۔ کشتہ ہوگا۔

کشتہ ابرک

ابرک کو تین مرتبہ آک کے دودھ میں۔ اور تین مرتبہ شیرہ لہسن (مقوم) یک پوتھیہ میں بجھائیں۔ پھر نصف سیر لیدی ترہ (گندنا) میں رکھ کر گجپٹ کی آگ دیں۔ کشتہ ہو جائے گا۔

مقوی باہ عمدہ ہے۔

کشتہ تانبا۔

تانبہ کو لیدی منڈی سفید گل میں رکھ کر گجپٹ (آگ) دیں

کشتہ ہوگا۔

خوراک :۔ ایک رتی۔ بالائی۔ مسکہ یا حلوہ میں رکھ کر دیں۔ نہایت عمدہ ہے۔

فوائد :۔ مقوی بے حد مؤثر ہے۔

باب اٹھائیسواں

متفرق نسخہ جات۔ ۷

علاج کلب الکلب

نسخہ :۔ بانات ایک انگشت مربع۔ گڑ پرانہ ۳ تولہ باہم ملا کر پیس کر یکجاں کر کے چار گولیاں بنائیں۔ ایک گولی پیٹھ کے پیچھے پھینک دیں۔ اور ایک گولی صبح۔ ایک گولی تیسرے پہر اور ایک گولی دوسرے صبح کو بدرقہ پانی پیاز سفید کے ہمراہ جو نصف چھٹانک ہو دیں۔

فوائد :۔ باؤلہ کتے کے کاٹے کے لئے نافع ہے۔

استعمال ترپھلہ (ہلیلہ زرد۔ آملہ۔ بہیڑہ)

نسخہ :۔ ۱۔ چیت بیساکھ ترپھلہ ۴ ماشہ۔ ۲۔ جیٹھ ہاڑ گڑ ۴ ماشہ ترپھلہ ۴ ماشہ۔ ۳۔ ساون وبھادوں ترپھلہ ۴ ماشہ۔ نمک ۲ ماشہ۔ ۴۔ اسوج وکاتک ترپھلہ ۴ ماشہ۔ پیاز سفید ۴ ماشہ۔ مگھر وپوہ ترپھلہ ۴ ماشہ۔ سونٹھ ۲ ماشہ۔ ماگھ وپھاگن ترپھلہ ۴ ماشہ۔ کالی مرچ ۱ ماشہ

اور روزانہ استعمال کریں۔ اکثر امراض کا دافع ہے۔ علی العباح ہمراہ پانی ہمرد لیں۔

علاج گزیدگی سگ دیوانہ

نسخہ:۔ پیاز دافع گزیدگی سگ دیوانہ ہے۔ یعنی دیوانہ کتے کے زہر کو دفع کرتا ہے۔ انجیر۔ بکری کی مینگنیاں۔ پتہال مرغ۔ بیٹ سوسمار خاکستر سر مچھلی دریائے شور بھی اثر رکھتے ہیں۔ بال سگ کو جلا کر گزیدگی (کاٹی ہوئی جگہ) پر خوب ملیں انشاءاللہ تعالیٰ آرام ہو جائے گا۔

دافع بدبوئے پیاز

نسخہ:۔ برگ سداب پیاز کی بدبو کے دافع۔

برائے سگ دیوانہ

نسخہ:۔ عروسک (بیر بھوٹی) ۳ عدد کو خشک کر کے خوب باریک کریں۔ اور ۲½ تولہ روغن کنجد میں ملا کر سگ گزیدہ کو پلائیں۔ پیشاب میں کیڑے خارج ہوں گے۔

فوائد:۔ دیوانہ کتے کے کاٹے ہوئے کے لئے بے حد نافع ہے۔

مسہل عجیب

نسخہ:۔ ترمس (باقلی مصری) کو باریک کھرل کر کے اس کے ساتھ کوڑ تمہ (حنظل) بقدر نصف اور ایک محلوب بقدر ⅕۔ اور گائے کا پتہ بقدر ½ دودھ تازہ گائے کے ہمراہ کسی دیگچہ میں خمیر کر کے جوش دیں تاکہ باہم مل جائیں۔ پھر اس کا لیپ۔

۱۔ کنج ران پر کریں تو ــ اسہال صفراوی آئیں گے

۲۔ اگر معدہ پر لیپ کریں تو ــ اسہال بلغمی ہوں گے

۳۔ اگر ورکیں (پنڈلیاں) پر لیپ کریں۔ تو اسہال سوداوی جاری ہوں گے
۴۔ اگر پستانوں پر " ۔ تو اسہال دموی جاری ہوں گے
اور جسوقت چاہئیں کہ اسہال بند کریں۔ اور لیپ کو دور کردیں۔ اسہال بند ہو جائیں گے۔

تیاری سرکہ

نسخہ:۔ گڑ یا شیرہ گنا پانی ملا کر خوب جوش دیں۔ بعدہٗ رائی سرخ۔ ومرچ سرخ۔ خرما تینوں کو پیس کر ملائیں۔ تین دن میں سرکہ تیار ہو جائے گا۔

آگ سے جل جانا

نسخہ:۔ آگ سے جل جانے کا یہ علاج ہے۔ کہ اگرچہ تمام بدن بھی جل گیا ہو تو پیپ وآبلہ ہرگز نہ ہوگا۔ فز ملوج ( ) تمام اعضائے جلے ہوئے پر لپیٹ دیں۔ کہ اسطرح کہ جیسے بالاپوشوں میں لپیٹ دیا گیا ہو۔ اسی طرح لپٹا ہُوا رہنے دیں۔ اور کسی قسم کی تھوڑی حرکت بھی نہ کرنے دیں۔ دوسرے دن دیکھیں کہ اگر کسی جگہ سے کوئی پھایہ اپنی جگہ کم ہو گیا ہو۔ یا الگ ہو گیا ہو۔ تو اس جگہ پر دوسرا پھایہ لگا دیں۔ نو دن میں اصلی جلد پیدا ہو جائے گی پھایہ جلے ہو چمڑے کے ساتھ خود از خود الگ ہو کر گر جائیں گے۔

ایضاً۔ آگ سے جل جانے کے لئے

نسخہ:۔ کونپل درخت بڑ (برگد) گائے کی دھی کے ہمراہ پیس کر جلی ہو جگہ پر لگائیں۔ برگ بید انجیر۔ کاٹی کا لیپ۔ سیاہی کا لگانا۔ انار کے پتے پیس کر لگانا۔ صدف پسی ہو ہمراہ

سفیدی بیضہ مرغ لیپ کرنا

بارود سے جل جانا

نسخہ :۔ رال کو باریک پیس کر تیل کنجد گرم میں ڈالیں۔ کہ پگھل جائے۔ پھر باہم خوب ملیں۔ کہ یکذات ہو جائے۔ تو لیپ کریں۔
مہندی کے پتے پانی میں پیس کر لیپ کریں۔ اگر مکھن کے ساتھ لیپ کریں۔ تو بے حد مفید ہے۔ ترپھلا پانی میں پیس کر لیپ کریں تو جلد اصلی رنگ پر آجائے گی۔ اور جلی ہوئی جگہ کے داغ و سفیدی دفع ہو جائے گی۔

گزیدگی سگ دیوانہ

نسخہ :۔ تخم سن بقدر ۶ ماشہ پانی میں پیس کر اور گرم کر کے پلائیں اگرچہ انسان ہو۔ یا حیوان انشاءاللہ تعالیٰ کلی طور پر شفایاب ہو جائے گا۔ اگر عورت حاملہ ہو گی۔ تو حمل گر جائے گا۔ اگر قمقام کلب (کتے کی چیچڑی) اکٹھی کر کے خشک کریں اور محفوظ کر لیں۔ اور ضرورت کے وقت ایک عدد تھوڑے سے گڑ میں لپیٹ کر مریض کو تین دن تک کھلائیں۔ انشاءاللہ تعالیٰ چھوٹے بچے کتے کے پیشاب کے راستہ سے خارج ہو کر مکمل صحت ہو جائے گی۔

علاج گزیدگی سگ دیوانہ

نسخہ :۔ ایک طوطیہ کا ٹکڑا چالیس دن نیب کے پرانے درخت کی کھوہ بنا کر رکھیں۔ چالیس دن کے بعد عرق لیموں میں پیس کر بقدر مونگ گولیاں باندھ رکھیں۔ ایک ایک گولی تین دن تک کھلائیں۔ اور بچھو کے کاٹے پر لیپ کر دیں۔ بے حد مفید ہے۔

سانپ کے کاٹے کے لئے

نسخہ:- تمباکو ۴ تولہ۔ پانی ۱۰ تولہ میں پیس کر شیرہ نکال لیں۔ مارگزیدہ کو پلا دیں۔ قئے ہو کر زہر سانپ سے پاک ہو جائے گا۔ اور مکمل صحت ہو جائے گا۔ انشاءاللہ تعالیٰ۔

باب اُنتیسواں

خضابات۔ ۲

خضاب نایاب

نسخہ:- جڑ بادرنجان۔ جڑ انار۔ بیخ نیل۔ تینوں کو سایہ میں خشک کریں۔ پھر علیحدہ علیحدہ کوٹ لیں۔ اور ہر ایک برابر وزن لے کر کسی مٹی کے برتن میں۔ جس میں گھی رکھا گیا ہو۔ ڈال کر اس میں تیل کنجد سیاہ ڈالیں۔ اور جوش دیں۔ اور سرد کر کے اس برتن کا منہ سیاہ مٹی سے یا گاچنی سے خوب بند کریں۔ تاکہ پانی اس میں اثر نہ کرے۔ اتوار کے دن کنارے پانی جاری کے زمین میں دفن کر دیں۔ اور پندرہ یوم کے بعد باہر نکالیں۔ تیل ہو گا۔ یہ تیل داڑھی یا سر پر لگائیں۔ اور چاول منہ میں رکھ کر دھوپ میں بیٹھ جائیں۔ جس وقت چاول سیاہ ہو جائیں۔ تو فوراً بالوں کو پانی سے دھو لیں عرصہ چھ ماہ کے لئے یہ خضاب کافی ہے۔

روغن خضاب لاجواب

نسخہ:۔ برگ سداب۔ مازو۔ آملہ۔ خبث الحدید۔ وسمہ۔
دانہ خرما سوختہ۔ بھنگڑی سیاہ۔ پوست انار۔ سنگراسخ۔
نوشادر۔ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ۲۲۔ ماشہ سرکہ تند و تیز نصف سیر
تیل زیتون ½ سیر۔ تمام ایک جگہ جوش دیں۔ تاکہ سرکہ جل جائے
اور تیل رہ جائے۔ اس کے بعد صاف کرکے تیل کو محفوظ رکھیں
بوقت ضرورت استعمال کریں۔ نہایت عمدہ خضاب ہے۔

خضاب عمدہ (از سید یاور حسین نوگاؤں)

نسخہ:۔ ایک عدد انار ترش پختہ لے کر خوب باریک کھرل کریں
اور اسمیں طوطیہ اور میل تانبہ ڈال کر پھر کھرل کریں۔ کہ یک ذات ہو
جائے۔ پھر بقدر ریٹھا غلولے باندھ کر کسی مٹی کے برتن میں مضبوط
گل حکمت کریں۔ بلکہ اسی سے خوب باندھ کر ایک ہاتھ بھر زمین
زمین گڑھا کھود کر دفن کردیں۔ اور چالیس یوم دفن رکھیں۔ اس کے
بعد باہر نکال کر محفوظ رکھیں۔ ترپھلہ کے پانی سے ایک یا دو غلولے
پیس کر بدستور خضاب لگائیں۔ اور تھوڑے سے چاول سیاہ پڑجائیں
تو فوراً پانی گرم یا سرد سے دھولیں۔ تمام عمر کے لئے کافی ہے۔
عمل دفن خضاب گرمیوں کے دنوں میں ضروری ہے۔ اور
دھوپ کی گرمی دفن کریں۔

قرابادین ملتانی

قیمت ۷ روپے

دق و سل

قیمت ۴ روپے ۸ آنے

افادات بدر جلد اوّل و دوم

قیمت ۵ روپے

مخزنُ الاکسیر

قیمت ۵ روپے

دستور العلاج فارسی

قیمت ۸ روپے

صحیفہ حکمت

قیمت ۵ روپے ۵۰ پیسے

قرابادین اوچ

قیمت ۸ روپے ۲۵ پیسے

قرابادین درویشی

قیمت ۴ روپے ۵۰ پیسے

تعلیمُ السلیم

قیمت ۵ روپے

معالجات جراحیات ر

قیمت ۱۲ روپے ۵۰ پیسے

بیاض مجربات

قیمت ۳ روپے ۵۰ پیسے

تحقیق اللغات

قیمت ۶ روپے

اکسیر عربی

قیمت ۱۲ روپے ۲۵ پیسے

بیاض خاص

قیمت ۱ روپے ۱۲ آنے

دارالاشاعت ڈیرہ نواب صاحب